
ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

قیمت 30 روپے
ماہ اپریل





بانڈ نمبر کرکٹ میچ کا ہندسہ
حتمی فارمولے



لکی نمبرز

سورج گرہن

حاضرات اواجلہا

طلسمات محبت

تسخیر موکل

ذاتی اسم اعظم

شرف شمس

اوج زہرہ

بانڈ نمبرز

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور




راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔
قیمت 30 روپے




خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔
قیمت 80 روپے

| | |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماھانہ) | 30 روپے |
| خالد روحانی جنتری 2004 | 80 روپے |
| مستحصلہ قادرالکلام | 50 روپے |
| علم الحروف | 100 روپے |
| روحانی مشورے (تیسرا ایڈیشن) | 60 روپے |
| خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) | 50 روپے |
| ساعات حقیقی | 90 روپے |
| بانڈز، ریس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ) | 100 روپے |
| اسباق دست شناسی | 60 روپے |
| 10 سالہ جنتری | 115 روپے |
| راہنمائے دست شناسی | 40 روپے |
| راہنمائے عملیات | 80 روپے |
| السحر العجیب فی جلب الحبیب | 80 روپے |
| السحر الاحمر | 50 روپے |
| الاقوال امرفیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ | 40 روپے |
| سحر بازنوخ | 50 روپے |
| راہنمائے علم نجوم | 80 روپے |
| طلسمات زہرہ | 60 روپے |
| مجربات خالد | 55 روپے |
| ھندی نجوم | 110 روپے |
| تسخیر موکلات وحاضرات | 60 روپے |
| مفتاح الرموز واسرار الکنوز | 80 روپے |

راٹھور پبلشرز


خالد اسحاق راٹھور، پروپرائٹر راٹھور پبلشرز
2/11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور۔
فون (042)6374864 موبائل 0300 8442060



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

ایڈیٹر **خالد اسحٰق راٹھور**

## فہرست مضامین


| عنوان | تحریر | صفحہ |
|---|---|---|
| راہ ہدایت | ادارہ | ۲ |
| کرکٹ میچ میں ہندسہ معلوم کرنا | مصوم علی سیعد | ۳ |
| الحکمت فی مخلوقات اللہ | محی الدین ابن عربی | ۴ |
| عملیات نظرات کواکب | خالد اسحاق راٹھور | ۵ |
| اسرار الجفر | شہزادہ منظور علی سمون | ۷ |
| الہامات جفر | سید شعیب الرحمٰن شاہ | ۱۰ |
| آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا؟ | ادارہ | ۱۴ |
| حتمی بانڈ نمبر | ادارہ | ۲۱ |
| 19 اپریل 2004 کا سورج گرہن | اعجاز حسین بٹ | ۲۲ |
| پرائز بانڈ کا کرنٹ فارمولا | عبدالرحمٰن چوہدری | ۲۵ |
| کشائشِ رزق وعلوی مرتبت | عطا حسین مری بلوچ | ۲۶ |
| الحفیظ | الخان محمد عبداللہ | ۳۱ |
| اعمال کشائش رزق | پیر سید وارث علی شاہ جیلانی | ۳۳ |
| عمل حاضرات یا او اجلیھا | مجیب حسین قادری | ۳۴ |
| طلسمات محبت | غلام قادر بلوچ | ۳۵ |
| پرائز بانڈ کی دنیا | محمد اسد اللہ سلیمانی | ۳۷ |
| فیضان القرآن | قسور حسن | ۳۸ |
| عملیات دفینہ واستخارہ | نثار احمد مغل | ۳۹ |
| تسخیر موکل | سید حمائیل حسین رضوی | ۴۰ |
| کرشمہ حاضرات (ہمزاد قابو کرنا) | ملازم حسین | ۴۱ |
| ذاتی اسم اعظم | بشریٰ احمد چشتی | ۴۳ |
| آپ کا عدد اور یہ ماہ | قیصر عباس | ۴۵ |
| قاعدہ رمل خاص الخاص | سید افتخار حیدر ہمدانی | ۵۰ |
| کون سا کام کب کریں | خالد اسحاق راٹھور | ۵۱ |
| نظرات کواکب کے اثرات واحکام | حافظ ایم فرخ | ۵۳ |
| مفت ایک سوال کا جواب | ادارہ | ۵۶ |


ایک سوال کا جواب مفت حاصل کریں


**پبلشر و چیف ایڈیٹر**

شائستہ خالد راٹھور



**رابطہ**

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

**فون**

(042) 6374864
0300 8442060


**اوقات کار**

صبح 11 تا شام 5 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

**قیمت**

[redacted]

زرسالانہ (بمعہ جنتری) ۳۰۰ روپے

زرسالانہ رجسٹرڈ ڈاک (بمعہ جنتری) ۵۵۰ روپے

بیرون ملک ۳۵ ڈالر (سالانہ)

**بنک ڈرافٹ (Bank Draft)**

M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c
1392-35, Habib Bank Limited, Allama
Iqbal Road, Lahore, Pakistan


**انٹرنیٹ (Internet)**

www.kirathor.com
kirathor@yahoo.com



ناشر شائستہ خالد راٹھور

پرنٹر الامین ٹریڈرز لاہور

جلد ۶ شمارہ ۹




free copy
khalidrathore.com
Unitech Document Processing Solutions
BOOK FAIR
F-7 Markaz, Islamabad. file_1_[1-13]

# راہ ہدایت

## القرآن

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو سود باقی رہ گیا ہے وہ چھوڑ دو اگر تم سچ مچ ایمان والے ہو۔ اور اگر ایسا نہیں کرتے تو اللہ سے اور اس کے رسول سے لڑنے کے لیے تیار ہو جاؤ' ہاں اگر توبہ کر لو تو تمھارا اصل مال تمھارا ہی ہے' نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اگر کوئی تنگی والا ہو تو اسے آسانی تک مہلت دینی چاہیے اور صدقہ کرو تو تمھارے لیے بہت ہی بہتر ہے اگر تم میں علم ہو۔ (البقرہ)۔

## السنتہ

حضرت ابو بردہ بن ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری سخت بیمار ہو گئے جس کی وجہ سے آپ پر غشی طاری ہو گئی اس وقت آپ کا سر گھر والوں میں سے کسی عورت کی گود میں تھا انہی میں سے کوئی عورت چیخ چیخ کر رونے لگی غشی کی وجہ سے حضرت ابوموسیٰ اشعری اس کو کچھ نہ کہہ سکے جب ہوش میں آئے تو فرمایا جن کاموں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم بیزار تھے' ان سے میں بیزار ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نوحہ کرنے والی' سر منڈانے والی اور گریبان پھاڑنے والی عورتوں سے بیزار تھے۔ عبدالرحمٰن بن یزید اور ابو بردہ وہ دونوں بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ پر غشی طاری ہو گئی ان کی بیوی چلا چلا کر رونے لگیں جب ابوموسیٰ اشعریؓ کو ہوش آیا تو انھوں نے فرمایا کہ میں ہر اس عورت سے بیزار ہوں جو سر منڈائے' نوحہ کرے اور کپڑے پھاڑے (کتاب الایمان)۔

## ہماری تاریخ

عبداللہ ابن زبیر امیر المومنین کی حیثیت سے مکہ معظمہ میں قیام پذیر تھے کہ عبدالملک بن مروان نے حجاج ثقفی کو چالیس ہزار فوج دے کر حکم دیا کہ مکہ پر حملہ کیا جائے۔ حجاج نے مکہ کا محاصرہ کر لیا۔ یہ محاصرہ متواتر ایک ماہ جاری رہا۔ حجاج منجنیق کے ذریعے مکہ پر سنگباری کرتا رہا۔ ابن زبیر کے معاونین اس طویل محاصرہ سے گھبرا گئے اور بہت پوشیدہ طریقے سے حجاج سے مل گئے۔ 17 جمادی الاول 73 ہجری بروز شنبہ عبداللہ ابن زبیرؓ کو گرفتار کر لیا گیا اور پھانسی دے دی گئی' بعض کے نزدیک حضرت عبداللہ ابن زبیر کی شہادت 73 ہجری کے آخری مہینہ میں واقع ہوئی۔ حضرت عبداللہ ابن زبیر کی شہادت کے بعد عبدالملک نے مکہ پر بھی قبضہ کر لیا اور اپنی خلافت وحکومت کا اعلان کر دیا۔

(تاریخ بتاتی ہے کہ اس حملہ میں خانہ کعبہ کی عمارت کو بہت نقصان ہوا لیکن حیرت ہے کہ نہ تو ابابیل آئیں نہ کنکریاں گرائی گئیں۔ گویا یہ نتیجہ تھا اللہ اور اُس کے رسول کے بتائے ہوئے طریقہ سے ہٹنے کا۔ فلسطین' عراق' افغانستان' کشمیر اور دیگر زیر عتاب اسلامی ممالک میں دشمن اسلام کے مدِ مقابل لڑنے والے تو تھوڑے تھے لیکن ابابیلوں کے انتظار میں زیادہ' سو واضح ہوا کہ نتیجہ کے لیے عمل ضروری ہے' وہ بھی ہدایت (کتاب و سنت) کے آ جانے کے بعد اُس کے مطابق' نہ کہ آسمان کو دیکھنا اور انتظار کرنا۔ ایڈیٹر)۔

میر سلامت صاحب، سرحد نیوز ایجنسی، چوک یادگار، پشاور
خالد روحانی جنتری 2004 80 روپے

# کرکٹ میچ میں ہندسہ معلوم کرنا

از: معصوم علی سعید۔

پیارے قارئین راہنمائے عملیات کو سلام۔ اس دفعہ ایک ایسا فارمولا لے کر اس محفل میں آیا ہوں جو کرکٹ پرسٹہ کھیلنے والوں کے لیے ایک تحفہ ہے۔ اس پر عبور حاصل کرنے کے لیے آپ کے پاس خالد روحانی جنتری 2004 اور خالد صاحب کی کتاب ساعات حقیقی کا ہونا ضروری ہے۔ اس فارمولے کی مدد سے ہم میچ کی پہلی اننگ کے 15- 25- 35- 50 اوورز کا فگر اور دوسری اننگ کے 15- 25- 35 اوورز کا فگر معلوم کر سکتے ہیں۔ جس کا بھاؤ 1/8 کا ہوتا ہے۔ اس کے لیے ہمیں مندرجہ ذیل معلومات چاہیے۔

(1) قمر جس برج میں ہو اس برج کے حاکم ستارے اور قمر کا عدد لینا۔

(2) حرف تاریخ اور پوری تاریخ کا عدد۔

(3) اس دن کے حاکم ستارے کا عدد۔

(4) اس دن کا طلوع اور غروب آفتاب (اس جگہ کا جہاں میچ ہو رہا ہے)۔

اس فارمولے کو ہم پاکستان بمقابلہ جنوبی افریقہ کے درمیان ہونے والی سیریز 2003 کے پہلے میچ پر اپلائی کرتے ہیں۔ پہلا میچ مورخہ 3 اکتوبر 2003 کو بروز جمعہ لاہور میں کھیلا گیا جو ڈے نائٹ تھا۔ قمر برج جدی میں تھا۔

(1) قمر در جدی تھا۔ اس لیے قمر اور جدی کے حاکم ستارہ زحل کے اعداد کو آپس میں جمع تفریق اور ضرب دے کر دیگر اعداد حاصل کرتے ہیں۔

قمر کا عدد=7۔ زحل کا کا عدد=8۔ (7x8=56=11=2)۔ (7-8=1)۔ (6=15=8+7)۔ حاصل اعداد=8 -7 -2 -1-6

(2) تاریخ اور پوری تاریخ کا عدد۔

حرف تاریخ 3 اکتوبر=3

پوری تاریخ=2003-10-3=9=9

حاصل اعداد =9-3

(3) دن کا حاکم ستارہ۔ جمعہ۔ زہرہ۔ 6 حاصل عدد۔

(4) اس دن لاہور کا طلوع آفتاب 58-5 اور غروب آفتاب 17-48 تھا۔ اس کی ساعات بنالیں۔ تا کہ جس ساعت میں فگر آئے اس کی طاقت کا اثر دیکھنا ہوگا۔ مثبت یا منفی۔ دوستی یا دشمنی دن کے حاکم ستارے کے ساتھ۔ اس طرح ہمیں مندرجہ ذیل اعداد حاصل ہوئے جن کے اس میچ کے دوران آنے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ 7- 6- 3- 2- 1- 9- 8۔

پہلا فگر: اس میچ کی پہلی اننگ میں 15 اوورز 33-14 منٹ پر ہوئے۔ ساعت عطارد کی تھی جو کہ سعد تھی۔ 15 اوورز میں فگر لگا 8۔ یعنی برج جدی کے حاکم ستارے زحل کا عدد 8۔

دوسرا فگر: پہلی اننگ کے دوران جب 25 اوورز مکمل ہوئے تو وقت تھا 15-15 منٹ اور ساعت قمر کی تھی جو کہ نحس تھی۔ 25 اوورز میں ہندسہ لگا 9۔ یعنی پوری تاریخ کا عدد 2003-10-3 =9۔

تیسرا فگر: پہلی اننگ کے 35 اوورز 55-15 منٹ پر مکمل ہوئے۔ ساعت زحل کی چل رہی تھی جو کہ نحس تھی۔ 35 اوورز میں فگر لگا 2۔ یعنی قمر اور زحل کو ضرب دینے سے جو عدد حاصل ہوا 7x8=56=11=2۔

چوتھا فگر: پہلی اننگ کا اختتام 05-17 منٹ پر ہوا۔ ساعت مشتری کی تھی جو کہ سعد تھی۔ 50 اوورز میں ہندسہ لگا 7۔ یعنی قمر کا عدد 7۔

پانچواں فگر: دوسری اننگ میں 15 اوورز 07-19 منٹ پر مکمل ہوئے۔ ساعت شمس کی تھی جو کہ سعد تھی۔ 15 اوورز میں ہندسہ لگا 9۔ یعنی پوری تاریخ کا عدد 2003-10-3 =9۔

چھٹا فگر: دوسری اننگ کے 25 اوورز 00-20 بجے مکمل ہوئے ساعت زہرہ کی چل رہی تھی جو کہ نحس تھی۔ 25 اوورز میں فگر لگا 1۔ یعنی زحل اور قمر کو آپس میں تفریق کرنے سے جو عدد حاصل ہوا 1=7-8۔

ساتواں فگر: دوسری اننگ میں 35 اوورز 37-20 منٹ پر ہوئے ساعت زہرہ کی تھی جو کہ نحس تھی۔ 35 اوورز میں ہندسہ لگا 6۔ یعنی (i) جمعہ کے دن کے حاکم ستارے کا عدد (ii) زحل اور قمر کو جمع کرنے سے حاصل عدد (iii) ساعت کے حاکم ستارے کا عدد۔

(i) زہرہ=6 (ii) 7+8=15=6 (iii) ساعت زہرہ=6۔

35 اوورز کے لیے 6 کا ہندسہ بہت مضبوطی سے کھیلا۔

بقیہ حصہ دیکھیں صفحہ نمبر 6 پر کالم 2 میں...

عرفان صاحب، گلستان نیوز ایجنسی، فیریئر مارکیٹ، فیریئر روڈ، اخبار مارکیٹ، کراچی
مستحصلہ قادر الکلام 50 روپے
free copy
khalidrathore.com

محی الدین ابن عربی

# الحکمت فی مخلوقات اللہ

## زمین کو بنانے میں حکمت

فرمان الٰہی ہے.....

ترجمہ: "اور ہم نے زمین کو فرش بنا دیا ہے اور یہ اہل زمین کے لئے اچھا بچھونا ہے"۔

اللہ تعالیٰ نے زمین کو ایک ایسا ٹھکانہ بنایا ہے جو تمام حیوانوں کا اچھا بستر ہے کائنات کی تمام مخلوق اسی زمین پر بستی ہے اور یہی زمین تمام نباتات کا محل ہیں یہی گرمی اور سردی کا گھر ہے اور یہی ایسا مدفن ہے جس میں تمام موذی چیزیں اور بنی آدم کے جسموں کا کوڑا کرکٹ دفن ہوتا ہے۔ اللہ کی کتاب بھی اسی بات کا اشارہ دیتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے.......

ترجمہ: "کیا ہم نے مردوں اور زندوں کے لئے زمین کو کافی نہیں بنایا۔"

اسی زمین میں اللہ تعالیٰ نے بہت سے راستے بنائے تا کہ اس کی مخلوق اپنے کسب ومعاش کے لئے پریشان نہ ہو۔ اس زمین میں ہر قسم کے حیوانات' نباتات اور کاشت کاری وغیرہ اور اس میں بہت سے فوائد ہیں جیسا کہ آیت مبارکہ ہے کہ......

ترجمہ: "اور اسی زمین سے ہی ہم نے پانی نکالا، اور اس کو سرسبز وشاداب بنایا۔ اور پہاڑوں کو بھی ہم نے کاشت کاری کے قابل بنایا اس میں ہی تمہارے لئے اور تمہارے جانوروں کے لئے فائدہ ہے"۔

اللہ تعالیٰ نے اس تمام سفر میں اپنی مخلوقات کو ان کے مقاصد کے قابل کینٹ۔

بنایا اور ان کو بیٹھنا سکھایا تا کہ وہ آرام وسکون کریں اور ان کو نیند دی کہ وہ بے سکون نہ ہوں اور اسی زمین کی وجہ سے ہی وہ ایک سے دوسری جگہ منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ اگر یہ زمین متحرک ہوتی یا پھر کانپنے والی ہوتی تو تمام انسان زمین پر رہنے، کاشت کاری کرنے اور ہر قسم کے کام ان کے لئے ناممکن ہو جاتے اور زمین ان کے نیچے سے کھسک جاتی۔ لیکن بسا اوقات انسانیت کو گمراہی سے بچانے ظلم اور نافرمانی سے باز رہنے کے لئے اللہ نے ایک زلزلے جیسا عمل بھی رکھا ہے تا کہ انسانیت اس سے ڈرتی رہے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگے۔ زمین کو اللہ تعالیٰ نے ٹھنڈا اور خشک بنایا اور اس میں بہت بڑی حکمت مخفی ہے کیونکہ اگر زمین تر ہوتی تو اس میں کاشت کاری کا عمل متاثر ہوتا ہے اور زمین کی شمالی سطح ہمیشہ جنوبی سطح سے بلند ہوتی ہے اسی وجہ سے پانی شمال سے جنوب کی طرف بہتا ہے اور بالآخر ساری زمین کو سیراب کرتے ہوئے سمندر میں بہہ جاتا ہے اور اسی زمین میں ہی اللہ نے معدنیات رکھی ہیں جس میں مختلف قسم کے جواہر جیسے سونا، چاندی، یاقوت زمرد، بنفشی اور کئی ایسے قیمتی پتھر جو رنگوں میں مختلف ہوں اور بہت سی ایسی اقسام جن کا استعمال مفید ترین اور عام ہے۔ جیسا کہ حدید، نوحاص، قصدیر، رصاص، کبریت، زرتیخ، توتیا، رخام، جبس اور نفط۔ یہ ایسی نعمتیں ہیں جو مفید ترین ہیں اور ان کی گنتی ناممکن ہے۔ دیگر فوائد اس زمین پر گھر بنانا نہایت آسان کام ہے۔ جس طرح انسان پہاڑوں پر گھر بنائے کیونکہ کاشت کاری کیلئے بھی یہ زمین ہموار کرنی پڑتی ہے اور مخصوص ٹائم تک پانی کا عمل ضروری ہوتا ہے۔ اس کے بعد آپ کی کاشت کی ہوئی چیز کا وجود عمل میں آ جاتا ہے اور یہ بھی اس کی حکمت ہے کہ زمین کی نرمی کی وجہ سے اس میں گڑھا کھودنا آسان ہوتا ہے اگرچہ پہاڑوں میں یہ چیز ایک مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔ جس طرح کہ اللہ کا فرمان ہے۔

ترجمہ: اللہ ہی وہ ذات ہے جس نے زمین کو نرم بنایا اسی وجہ سے تم اس میں آسانی سے راستے تلاش کر لیتے ہو۔

اور ہم نے زمین میں کشادہ راستے بنائے تا کہ وہ تمہاری راہنمائی کریں اور اسی زمین کی مٹی سے انسان بہت سے فوائد اٹھاتے ہیں جیسا کہ عمارتیں وغیرہ اور اس میں کئی ایسی جگہیں ہیں جہاں پر قدرتی طور پر ایسی چیزیں پائی جاتی ہیں۔ جیسا کہ نمک، شب، بورق، کبریت اور بہت سی ایسی معدنیات جن کا شمار ممکن نہیں۔

جاری ہے.........

علم الحروف 100 روپے

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions
file_1_[1-13]

# عملیات نظرات کواکب

اپریل

از خالد اسحٰق راٹھور

## زھرہ تربیع مشتری

14 اپریل دوپہر 59-1

### برائے بدنامی ' مرتبے سے گرانے ' بے عزت کرنے

اگر کسی کا خوف ہو یا کوئی ظلم کرتا ہو تو درج ذیل نقش عین مندرجہ بالا وقت پر تحریر کرے اور اس کے نیچے دی گئی عزیمت ظالم فرد کے نام بمعہ والدہ کے اضافے کے تحریر کرے۔ پھر اس نقش کو کسی پرانی اور خراب حال قبر میں دفن کر دے۔ اگر متعلقہ فرد کے استعمال کا کوئی کپڑا مل جائے تو نقش کو اس کپڑے میں لپیٹ کر دفن کرے۔ ساتھ ہی اسم الٰہی 'یا جبار' روزانہ تین سو دفعہ پڑھ کر مخالف / دشمن کا تصور کر کے اس پر حصول مقصد ذہن میں رکھتے ہوئے پھونک دیں۔ نقش چال اور عزیمت درج ذیل ہے

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۶۵ | ۷۱ | ۷۰ |
| ۷۳ | ۶۹ | ۶۴ |
| ۶۸ | ۶۶ | ۷۲ |

**اللھم د مر فلاں بن فلاں جائراً وظالماً واخذ لہ**

## عطارد تسدیس مریخ

25 اپریل صبح 41-9

## تکنیکی امور میں کامیابی

وہ لوگ جو تکنیکی (Technical) کاموں یا تعلیم سے وابستہ ہیں۔ درج ذیل نقش کو مطابق چال تحریر کر کے اپنے پاس لاکٹ کی شکل میں رکھیں۔ بالیقین مہارت میں حد درجہ اضافہ ہوگا۔

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ | ۲۸ | ۲۳ |
| ۲۲ | ۲۶ | ۳۰ |
| ۲۹ | ۲۴ | ۲۵ |

## شمس تسدیس زحل

28 اپریل رات 52-7

### برائے ہمت حوصلہ اور ثابت قدمی

وہ لوگ جو معاشرے کا سامنا نہ کر سکتے ہوں اور ثابت قدمی اور حوصلے کی کمی کا شکار ہوں یا ان مسائل کی وجہ سے زندگی میں کامیابی کے حصول میں کامیاب نہ ہوتے ہوں۔ اس وقت تیار کردہ عمل ان افراد کے ایسے تمام مسائل کے حل میں کامیاب ثابت ہوگا۔

درج ذیل نقش بمعہ چال بمطابق شرائط خالص زعفران سے تحریر کریں۔ اس کی سات نقلیں تیار کریں۔ باری باری ایک ایک نقش تین تین دن پانی میں گھول کر پی لیں۔ انشاءاللہ حصول مقصد ہوگا۔ نقش اور چال درج ذیل ہے:-

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۳ | ۷۹ | ۸۶ | ۹۰ |
| ۸۵ | ۹۱ | ۹۲ | ۸۰ |
| ۸۸ | ۸۴ | ۸۱ | ۹۵ |
| ۸۲ | ۹۴ | ۸۹ | ۸۳ |

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

روحانی مشورے (ترمیم شدہ) 60 روپے
ریاض احمد شیخ صاحب، کیپیٹل نیوز ایجنسی، شاہی بازار، بہاولپور

## شمس تثلیث مشتری

29 اپریل صبح 53-3

### خوش قسمتی اور عزت اور مرتبے کے حصول کے لیے

وہ لوگ جو مندرجہ بالا مقصد ذہن میں لیئے ہوئے ہوں اور ان کی تکمیل کی صورت سامنے نہ آتی ہو تو ان کو اکب کی تثلیث اس امر میں مددگار ہو سکتی ہے۔ ان کو اکب کی طاقتور شعاعوں کی مدد حاصل کریں اور مندرجہ بالا مقاصد کے لیے درج ذیل نقش کو بمطابق شرائط اور چال کے چاندی یا سونے پر کندہ کروالیں اور اس کو اپنے دفتر میں کسی اونچی جگہ فریم کروا کر لگوالیں۔ نقش اور چال یوں ہے۔ نقش کے نیچے عزیمت بھی مکمل کر کے کندہ کروائیں۔

چال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۷ | ۵ | ۱۳ | ۲۱ | ۹ |
| ۱۱ | ۲۴ | ۷ | ۲۰ | ۳ |
| ۱۰ | ۱۸ | ۱ | ۱۴ | ۲۲ |
| ۴ | ۱۲ | ۲۵ | ۸ | ۱۶ |
| ۲۳ | ۶ | ۱۹ | ۲ | ۱۵ |

نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۸۰۸۴ | ۸۰۷۲ | ۸۰۸۰ | ۸۰۸۹ | ۸۰۷۶ |
| ۸۰۷۸ | ۸۰۹۲ | ۸۰۷۴ | ۸۰۸۷ | ۸۰۷۰ |
| ۸۰۷۷ | ۸۰۸۵ | ۸۰۶۸ | ۸۰۸۱ | ۸۰۹۰ |
| ۸۰۷۱ | ۸۰۷۹ | ۸۰۹۳ | ۸۰۷۵ | ۸۰۸۳ |
| ۸۰۹۱ | ۸۰۷۳ | ۸۰۸۶ | ۸۰۶۹ | ۸۰۸۲ |

**اللھم انك قادر علی کل شیء اقض حاجة فلاں بن فلاں**


## لوح استخارہ

یہ خصوصی لوح خاص سعد اوقات میں چاندی پر تیار کی جاتی ہے۔ لوح کسی بھی مقصد کے لیے استعمال ہو سکتی ہے۔ طریقہ استعمال ہمراہ لوح ملے گا۔



# تفصیلی پمفلٹ مفت

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل، زائچہ جات اور عملیات وغیرہ کی مکمل تفصیل کے لیے ادارے سے تفصیلی پمفلٹ مفت طلب کریں


بقیہ: حصہ کرکٹ میچ میں ہندسہ معلوم کرنا صفحہ 3 سے اگلے

ایک میچ کے دوران سات ہندسوں پر شرط لگتی ہے۔ ہمیں اپنے فارمولے سے جو اعداد حاصل ہوتے ہیں تقریباً وہی میچ کے دوران لگتے ہیں۔ لیکن ان کی ترتیب حاصل کرنے کے لیے ہمیں کچھ میچوں پر اس فارمولے کی مدد سے مشق کرنا پڑے گی۔ اس کے علاوہ ہمیں خالد روحانی جنتری 2004 کی اشد ضرورت پڑے گی۔ الحمد اللہ اس مرتبہ بھی ہماری جنتری مارکیٹ میں سیل کے لیے سب سے پہلے موجود تھی۔ ان اعداد کی ترتیب حاصل کرنے کے لیے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ اس دن ستاروں کی پوزیشن کیا ہے؟ وہ سعد حالت میں ہیں یا نحس حالت میں۔ وہ اپنے دوست کے گھر میں ہیں یا دشمن کے گھر۔ میچ کے دوران کونسی نظر چل رہی ہے؟ اور ہندسہ کے لیے متعلقہ ساعت کونسی ہے؟ یہ سب معلومات ہمیں صرف اور صرف خالد روحانی جنتری 2004 سے مل سکتی ہے۔ کیونکہ مارکیٹ میں اس سے زیادہ جامع اور بہتر جنتری میں نے نہیں دیکھی۔ کیونکہ میری چیک کے مطابق بہت زیادہ حضرت صرف مال پانی کے چکر میں ہیں۔ اس علم کی خدمت تو دور خود وہ اپنا زائچہ نہیں بنا سکتے اور جنتری نکال رہے ہوتے ہیں۔ اللہ ایسی لوگوں سے ہمیں بچائے۔

درج ذیل معلومات کی روشنی میں فگر آسانی سے پکڑا جا سکتا ہے۔ جو ستارہ اس دن طاقتور ہوتا ہے۔ اس کا فگر لازمی آتا ہے۔ اس موضوع اور پرائز بانڈ پر مزید تحقیق جاری ہے۔ انشاء اللہ باقی آئندہ مضمون میں مزید معلومات اور فارمولے آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔

آفتاب جہانگیر صاحب، یونائیٹڈ بک لینڈ، مہران مرکز، سکھر

خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) 50 روپے

file_1_[1-13]

# اسرار الجفر

## حاضری مطلوب کا مجرب عمل

## اوج زہرہ کا بہترین وقت

تحریر: شہزادہ منظور علی سمون' ٹنڈو محمد خان۔

قارئین راہنمائے عملیات: اسلام علیکم: اس دفعہ حُب و حاضری مطلوب کا ایک مجرب عمل لے کر حاضر ہوا ہوں جو کہ نہایت ہی تیر بہدف ہے۔ انشاء اللہ قارئین کو پسند آئے گا اور سب پریشان حال عاشق لوگ جو کہ کسی کی محبت میں دیوانے بن چکے ہیں مگر محبوب کسی بھی طرح طالب کے قابو میں نہ آ رہا ہو تو پریشان ہونے کی بجائے اس عمل سے مدد لیں۔ انشاء اللہ محبوب راضی ہو جائے گا۔

اس عمل کو تیار کرنے کے لیے اس سال کا بہترین وقت اُوج زہرہ جو کہ 30 اپریل کو آ رہا ہے۔ اس سال اوج زہرہ کو دو بڑی طاقتیں مل رہی ہیں۔ ایک تو یہ سال زہرہ کا ہے اور دوسرا 30 اپریل کو اوج زہرہ کے دوران عطارد و زہرہ میں نظر تسدیس بن رہی ہے۔ جس کی وجہ سے اوج زہرہ بڑا ہی پاورفل وقت ہے۔ تمام پریشان عاشق لوگ اس وقت سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

**اوقات اوج زہرہ:**

30 اپریل شام 7 بجکر 50 منٹ تا 2 مئی 5 بجکر 35 منٹ شام تک ہو گا۔ اس دوران زہرہ کی سب ساعتیں بڑی پاورفل ہوں گی۔

**ترکیب:**

نام طالب مع والدہ۔ نام مطلوب مع والدہ۔ لفظ محبت شدید۔ آیت حُب **يحبونهم كحب الله والذين آمنوا اشد حبا لله**۔ ان سب کے اعداد قمری لے کر قانون کے مطابق نقش مخمس پُر کریں۔ بخورات زہرہ ضرور جلانا ہے۔ رجال الغیب سامنے نہ ہو۔ منہ محبوب کے گھر کی طرف ہو۔ اپنے منہ میں نقش لکھتے وقت کوئی میٹھی چیز رکھ لیں۔ ٹوٹل 3 عدد نقش ساعت زہرہ میں لکھنے ہیں۔ نقش کو زعفران و عرق گلاب سے لکھیں یا سنہری رنگ کے مارکر سے لکھیں۔ نیچے عزیمت خوشخط لکھیں۔

1- ایک نقش طالب اپنے دائیں بازو میں یا گلے میں پہن لے۔

2- دوسرا نقش کسی بھاری وزن کے نیچے دبا دیں۔

3- تیسرا نقش زیر آتش دبا دیں۔

انشاء اللہ محبوب سات دن کے اندر بے قرار و بے آرام ہو کر طالب کے پاس حاضر ہو گا۔ جب تک حاضر نہ ہو گا تب تک چین نہ پائے گا۔ سارا عمل مثال سے حاضر ہے۔

| | |
|---|---|
| نام طالب: اشفاق علی بن شاہین (عدد قمری) | 848 |
| نام مطلوب: یاسمین بنت رابعہ (عدد قمری) | 449 |
| مقصد: محبت شدید (عدد قمری) | 768 |
| آیت حُب: يحبونهم ـــ حبا لله (عدد قمری) | 1493 |
| ان سب کی حاصل جمع | 3558 |

اب نقش مخمس بھرنے کے لیے 3558-60=3498 ÷ 5=699 کسر بچی 3۔ جس کو خانہ نمبر 11 میں ایک عدد کا اضافہ کرنا ہے۔ اب نقش کا میزان ہر طرف سے درست ہو گا۔

چال نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۱۳ | ۱۹ | ۲۵ | ۱ |
| ۲۰ | ۲۱ | ۲ | ۸ | ۱۴ |
| ۳ | ۹ | ۱۵ | ۱۶ | ۲۲ |
| ۱۱ | ۱۷ | ۲۳ | ۴ | ۱۰ |
| ۲۴ | ۵ | ۶ | ۱۲ | ۱۸ |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

محمد افتخار عباسی صاحب، پنجاب نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، موتی پلازہ، راولپنڈی
ساعات حقیقی 90 روپے

نقش

۷۸۶

شمکائیل قولہ — جبرائیل — شفقیائیل الحق

کھیعص اسرافیل — حمعسق یا عزرائیل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۶۹۹ | ۷۲۴ | ۷۱۸ | ۷۱۲ | ۷۰۵ |
| ۷۱۳ | ۷۰۶ | ۷۰۰ | ۷۲۰ | ۷۱۹ |
| ۷۲۱ | ۷۱۵ | ۷۱۴ | ۷۰۷ | ۷۰۱ |
| ۷۰۸ | ۷۰۲ | ۷۲۲ | ۷۱۶ | ۷۱۰ |
| ۷۱۷ | ۷۱۱ | ۷۰۴ | ۷۰۳ | ۷۲۳ |

یاالٰہی اشفاق علی بن شاہین کی محبت میں
یاسمین بنت رابعہ کو بے قرار کرو

یامیکائیل

# حروف صوامت کی زکوۃ اور عمل زبان بندی سورج و چاند گرہن

حروف صوامت بے نقطے حروف کو کہتے ہیں جن کی تعداد 13 ہے۔

حروف کی ترتیب ابجد شمسی کے مطابق رکھی ہے جو کہ تیر بہدف ہے اور اس طرح ہے۔ ا' ح' د' ر' س' ص' ط' ع' ک' ل' م' و' ہ۔ ان کے الفاظ یہ بنتے ہیں۔ **احد رسص طعک لموہ**۔ ابجد شمسی ۳۴۶۵ بنتے ہیں۔

ابجد قمری کے مطابق حروف صوامت کی ترتیب یوں ہے۔ ا' د' ہ' و' ح' ط' ک' ل' م' س' ع' ص' ر' جملے کی ترتیب یہ بنی۔ **ادھو حطک لمس عصر**۔ ابجد قمری ۵۴۳ بنتے ہیں۔

حروف صوامت اپنے اندر حیرت انگیز اثرات رکھتے ہیں۔ حروف صوامت کی زکوۃ دینے کے لیے عاملین نے سورج و چاند گرہن کا وقت مقرر کیا ہے۔ اب زکوۃ دینے کا قمری و شمسی طریقہ پیش کرتا ہوں۔

**زکوۃ قمری:** یہ زکوۃ قمری نہایت ہی مشہور ہے۔ جب چاند یا سورج گرہن لگے تو خاموشی سے سفید کاغذ پر کالے رنگ کے قلم سے ۵۴۳ مرتبہ **احد رسص طعک لموہ** لکھیں۔ منہ میں موم ہو اور قطعی کسی سے بات نہ کریں ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ لکھے ہوئے کاغذات کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی قبرستان یا پاک صاف زمین میں دفن کر دیں۔ جاتے اور آتے وقت کسی سے ہرگز بات نہ کریں۔ یہ زکوۃ قمری ہے۔ اس لیے ایک سال تک آپ اس عمل کے عامل ہیں۔ لیکن 13 دفعہ روزانہ حروف صوامت کو لکھتے رہنا چاہیے تاکہ زکوۃ میں طاقت آ جائے۔ کچھ دنوں میں جو کاغذات جمع ہو جائیں اُن کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان یا پاک زمین میں دفن کر دیں۔ دوران زکوۃ خوشبویات جلاتے رہیں۔

**زکوۃ شمسی:** اگر آپ عامل شمسی بننا چاہتے ہیں تو مکمل سورج گرہن میں حروف صوامت کو 3465 مرتبہ لکھ لیں۔ پھر کالے کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان یا پاک صاف زمین میں دفن کر دیں۔ باقی طریقہ وہ ہی ہے جو اُوپر زکوۃ قمری میں درج ہے۔ انشاء اللہ ہمیشہ کے لیے عامل ہو چکے ہیں۔ روزانہ 13 دفع لکھنے سے بھی جان چھوٹ جائے گی۔ ہر عمل گولی جیسا اثر دکھائے گا۔

اوقات سورج و چاند گرہن:

سورج گرہن: 19 اپریل 4 بجکر 29 منٹ بعد دوپہر سے شروع ہوگا۔ اور 8 بجکر 38 منٹ رات کو ختم ہوگا۔

چاند گرہن: 4 مئی 11 بجکر 48 منٹ رات سے شروع ہوگا۔ اور 5 مئی 3 بجکر 12 منٹ رات کو ختم ہوگا۔

**عمل برائے زبان بندی دشمن**

اللہ نہ کرے اگر کسی دشمن نے آپ کو تنگ کیا ہے اور آپ کے اوپر غلط الزام لگا رہا ہے۔ یا کسی زمین وغیرہ پر قبضہ کیا ہے یا جھوٹی گواہی دے رہا ہو یا کسی شادی وغیرہ میں رکاوٹ ڈال رہا ہو یا آپ کے اوپر سحر و جادو کروا رہا ہے۔ یا دشمن غلط باتوں سے آپ کی شہرت کو خراب کر رہا ہے۔ یعنی دشمن کسی بھی طرح اپنی حرکتوں سے باز نہ آ رہا ہے۔ اور آپ جانی و مالی دونوں طرح سے کمزور ہیں۔ دشمن سے مقابلہ کی ہمت نہیں ہے۔ تو آپ اُس دشمن کی زبان کو اس عمل کی برکت و طاقت سے بند کر دیں۔ انشاء اللہ وہ دشمن کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو خاموش ہو کر گھر میں بیٹھ جائے گا۔ انشاء اللہ ایک لفظ بھی آپ کے خلاف بول نہ سکے گا۔ ناجائز کسی کو تنگ کرنے کے لیے یہ عمل ہرگز نہ کریں ورنہ بڑے گناہ میں شامل ہو جائیں گے۔

**ترکیب عمل:** سورج گرہن یا چاند گرہن میں زکوۃ دینے کے بعد آپ عامل

عبدالروف ہاشمی صاحب، گوردت سنگھ روڈ، کوئٹہ

بانڈ، ریس اور لاٹری کے نمبر

free copy khalidrathore.com
file_1_[1-13]

ہیں۔اب وقت ضرورت کسی کی زبان بندی کرنی ہے تو قمر درعقرب کے ہبوط میں یا عطارد رجعت میں ہو یا زحل رجعت یا ہبوط میں ہو یا کوئی نحس نظرات ہوں اُس میں یہ عمل کریں۔ساعت بھی زحل یا عطارد کی اختیار کریں۔نقش کو کالی سیاہی یا عام مارکر کالے رنگ کا ہو وہ استعمال کریں۔ٹوٹل 3 عدد نقش تیار کریں۔

(۱) پہلے نقش کو بھاری وزن کے نیچے دبا دیں۔(۲) دوسرے نقش کو آب کی ٹھنڈک میں دبائیں۔(۳) تیسرے نقش کو دشمن کی گزرگاہ میں دبا دیں۔

انشاء اللہ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔مندرجہ ذیل نقش کو دیکھ کر اپنا عمل تیار کریں۔

چال نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۶ | ۱۱ | ۱۶ |
| ۱۲ | ۱۵ | ۲ | ۵ |
| ۱۴ | ۹ | ۸ | ۳ |
| ۷ | ۴ | ۱۳ | ۱۰ |

۷۸۶

جبرائیل

| احدرسص طعک لموہ | زاہد بن سرداراں | زبان بند ہو جائے | یا قابض |
|---|---|---|---|
| ۱۳۲ | ۹۰۲ | ۵۴۴ | ۵۳۲ |
| ۹۰۱ | ۱۳۹ | ۵۳۵ | ۵۴۵ |
| ۵۳۴ | ۵۴۶ | ۹۰۰ | ۱۴۰ |

شمکائیل

کہیعص

اسرافیل

شقیائیل

عزرائیل

نام دشمن مع والدہ زاہد بن سرداراں کی زبان بند ہو جائے تاکہ فلاں بن فلاں طالب کے خلاف نہ بول سکے نام طالب مع والدہ

یامیکائیل

# شرف شمس کا مجرب عمل

سیارہ شمس 12 بروج کا دورہ مکمل کر کے جب برج حمل کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو شرفی قوت حاصل کر لیتا ہے۔

سیارہ شمس برج اسد کا مالک ہے۔برج اسد اور سیارہ شمس دونوں آتشی ہیں۔تمام سیارگان میں سیارہ شمس کو شہنشاہ کا نام دیا گیا ہے۔کیونکہ سب سیارے شمس کے اردگرد حرکت کرتے ہیں۔سیارہ شمس کے شرف میں آنے کا عاملین و ماہرین بڑی بے چینی سے انتظار کرتے ہیں۔کیونکہ سیارہ شمس جب شرف میں آتا ہے تو اس کی طاقتور نورانی شعاعیں زمین پر اپنے جلوئے دکھاتی ہیں۔اُس وقت عاملین و پریشان لوگ خصوصی عملیات تیار کرتے ہیں۔پرانے وقت کے بادشاہ، وزراء، حکومت وقت، امیر لوگ اپنی شہرت، ترقی، تسخیر خلق، عزت بڑھانے، الیکشن میں فتح پانے کے لیے عاملین سے اس قسم کے نقوش، تعویذ عملیات تیار کرواتے تھے۔اور آج بھی بہت سارے عقلمند لوگ عاملین سے شرف شمس بنواتے ہیں۔

شمس کا تعلق سونے سے ہے۔سونے پر نقش و تعویذ طلسم وغیرہ کا تیار کرنا اعلیٰ درجے کی طاقت رکھتا ہے۔اگر آپ غریب ہیں سونا نے کر اُس پر نقش تعویذ نہیں بنوا سکتے ہیں تو چاندی پر سونے کا پانی چڑھا کر کسی نوکدار لوہے کی میخ سے لکھیں۔اگر چاندی پر بھی نہیں بنوا سکتے تو سنہری رنگ کا کاغذ لے کر اُس پر لکھ لیں۔سونے پر جلد اثر ہوتا ہے۔چاندی پر غیر معمولی دیر ہوگی اور کاغذ پر کچھ دن زیادہ لگتے ہیں۔کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھیں۔سیارہ شمس کا بخور ضرور جلائیں۔

## اوقات شرف شمس:

7 اپریل بروز بدھ 4 بجکر 55 منٹ شام سے لے کر 8 اپریل بروز جمعرات 5 بجکر 20 منٹ شام تک۔

اس دوران شمس کی 4 ساعتیں ملیں گی۔دن والی ساعات زیادہ پاور فل ہوں گی۔مکمل قواعد عملیات کو مدنظر رکھ کر عمل و نقش وغیرہ تیار کریں۔

## ترکیب عمل:

ساعت شمس میں نقش تیار کر کے اُس پر سات مرتبہ سورۃ شمس پڑھ کر دم کریں۔بعد ازاں سُرخ رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر اپنی دائیں بازو میں باندھ لیں۔

انشاء اللہ دنیا میں عزت شہرت زیادہ بڑھے گی ہر کام میں رکاوٹ ختم ہوگی۔امتحان و مقدمات میں فتح آپ کے قدم چومے گی۔الیکشن میں کامیابی ہو گی۔افسران ہر کام میں مدد کریں گے۔سحر جادو سے حفاظت ہوگی۔بیماری سے شفاء ملے گی۔غرضیکہ یہ نقش بڑی اہمیت رکھتا ہے ایک دفع تیار کر کے ہمیشہ کے لیے

سلطان نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، لاہور
(ترمیم شدہ) 100 روپے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
file_1_[1-13]

فیضیاب ہوجائیں۔

نقش

الله

یا اله الالهة الرفیع جلاله

بسم

سلام قولا من رب رحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۱۳ | ۱۳۱۷ | ۱۳۲۰ | ۱۳۰۶ |
| ۱۳۱۹ | ۱۳۰۷ | ۱۳۱۲ | ۱۳۱۸ |
| ۱۳۰۸ | ۱۳۲۲ | ۱۳۱۵ | ۱۳۱۱ |
| ۱۳۱۶ | ۱۳۱۰ | ۱۳۰۹ | ۱۳۲۱ |

نصر من الله وفتح قریب

رب انی مغلوب فانتصر

نقش کے دوسری طرف یہ لکھنا ہے

المدبرثا صدبرثا صارثا صورثا



روقیائیل مذہب

اللهم سخرت جمیع خلقتک کما سخرت سلیمان بن داود علیه السلام وکفی بالله شهیدا محمد رسول الله

☆☆☆☆☆

# الہامات جفر

از: سید شعیب الرحمٰن شاہ ایبٹ آباد۔

قارئین کرام اس مرتبہ میں چند اعمال اکٹھے پیش کررہا ہوں تاکہ عوام زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھا سکیں۔ تو پہلا عمل شرف شمس کے بارے میں ہے۔

## شرف شمس

شمس چلتے چلتے جب برج حمل کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس مرتبہ شرف شمس 7 اور 8 اپریل کو آرہا ہے۔ شمس طالع میں باقوت اثر ظاہر کرے گا۔ اس وقت کے لیے ترقی دولت' ترقی وفتوحات' ترقی و عروج کے لیے لوح شرف شمس لے کر حاضر ہوں۔ چاندی کی لوح بنا کر ایک طرف لوح شرف شمس لکھیں اور دوسری طرف دوسری عبارت لکھیں۔ اس لوح کی برکت سے ترقی دولت' ترقی وفتوحات' ترقی وعروج بے انداز دولت کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس وقت کو ہرگز ضائع نہ کریں۔ جو لوگ غربت کی وجہ سے پریشان ہیں' ترقی و دولت کی ضرورت ہے تو ان کے لیے لوح سعادت شمس لے کر حاضر ہوا ہوں۔ اُمید ہے کہ آپ سب کو پسند آئے گا۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے اسے ضرور آزمائیں۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۹ | ۴۳ | ۳۳ | ۱۶ |
| ۲۳ | ل | ع | ۲۷ |
| ۴۴ | م | ی | ۵۶ |
| ۳۴ | اول | ۳۸ | ۵۱ |

حمعسق

وکفی بالله شهیدا محمد رسول الله


## سحر بارنوخ

یہ بنیادی طور پر ہزاروں سال قبل گزرے ہوئے حکیم الحکماء فرید عصر حکیم برنوخ ساحر سوڈانی کی کتاب ہے جسے قلمی نسخے سے عربی کتاب کی شکل الطوخی فلکی نے دی اور راٹھور پبلشرز نے اس کتاب کو قارئین کے لیے اردو ترجمے کے ساتھ شائع کیا ہے۔

آج ہی طلب کریں۔ اس سے قبل ایسے عملیات آپ نے نہ دیکھے نہ پڑھے ہوں گے۔

قیمت 50 روپے علاوہ محصول ڈاک

اسباق دست شناسی 60 روپے

حفیظ احمد صاحب، نیو دھاڑی نیوز ایجنسی، دھاڑی


free copy khalidrathore.com UniTech Document Processing Solutions

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۱۲ | ۳۷ | ۳۹ | ۴۰ | ۷ |
| ۳۸ | ۳۵ | ۱۳ | ۱۱ | ۱۰ | ۴۳ |
| ۳۴ | ۱۶ | ۲۹ | ۲۴ | ۳۰ | ۱۷ |
| ۱۴ | ۳۶ | ۲۶ | ۲۱ | ۳۳ | ۲۰ |
| ۸ | ۴۲ | ۲۳ | ۲۸ | ۱۸ | ۳۱ |
| ۴۱ | ۹ | ۲۲ | ۲۷ | ۱۹ | ۳۲ |

وکفی باللہ شہید احمد رسول اللہ

باقی 1

توخانہ 13 میں 1 کا اضافہ۔

حاصل تقسیم 178039 کو خانہ نمبر 1 سے خانہ 16 تک 500 کا اضافہ کریں۔ اور ساتھ میں اسم اعظیم یا متین کا ورد کریں۔ یہ عمل میرے پاس دستیاب ہے۔ کہیں اور دستیاب نہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ایک طلسم بھی دیتا ہوں۔ وہ بھی تیار کروائیں یہ لوح علم الجفر کا کمال ہے۔ (طلسم لوح جفر 13 نمبر صفحہ پر دیکھیں)۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

الم المص حم عسق ک ہ ی ع ص

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸۱۵۳۹ | ۱۸۳۰۳۹ | ۱۸۴۵۴۰ | ۱۷۸۰۳۹ |
| ۱۸۴۰۴۰ | ۱۷۸۵۳۹ | ۱۸۱۰۳۹ | ۱۸۳۵۳۹ |
| ۱۷۹۰۳۹ | ۱۸۵۵۴۰ | ۱۸۲۰۳۹ | ۱۸۰۵۳۹ |
| ۱۸۲۵۳۹ | ۱۸۰۰۳۹ | ۱۷۹۵۳۹ | ۱۸۵۰۴۰ |

وکفی باللہ شہید محمد رسول اللہ

# لوح جفر

شرف شمس کے موقع پر اکثر عاملین جفر ایسے اعمال تیار کرتے ہیں جو دولت' فتوحات' کامیابی امتحانات' ترقی وعروج کے لیے کام دیتے ہیں۔ آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لیے لوح جفر کے ساتھ حاضر ہوں۔ اس کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

حروف س کے اعداد 60

قرآن پاک میں کل تعداد حرف س 5891

60x5891 حاصل ہوئے 353460 اعداد

اسم اعظم کے سات سلام کے اعداد 6235

سورہ سجدہ کے اعداد 113331

سورہ سبا اعداد 253419

طالب شعیب الرحمٰن اعداد 712

کل اعداد 727157

تفریق 15000

باقی 712157

تقسیم 4

# دولت کی برسات/اوج زہرہ


جو لوگ پرائز بانڈز خریدتے ہیں لاکھوں روپے کا نقصان کر جاتے ہیں۔ اور پرائز بانڈز میں بار بار ناکام ہوتے ہیں۔ یا ترقی' دولت' دست غیب سے مدد' روزگار کی تلاش' رشتے بن کر ٹوٹ جاتے ہوں تو ان کے لیے دولت کی برسات کی لوح لے کر حاضر ہوا ہوں۔ معاشی حالت کمزور' گھر میں ہر وقت جھگڑا فساد'

اعجاز نیوز ایجنسی، نیوز پیپر ایجنٹ، بس سٹاپ، حویلیاں
10 سالہ جنتری 115 روپے



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

امتحان میں بار بار ناکامی، کمزور ذہن، معاشرے میں عزت نہ ہو، خاندان میں عزت بڑھانے جیسے تمام معاملات کے لیے طلسمی لوح پُر تاثیر حاضر ہے۔ یہ لوح خالص تانبہ پر یا گولڈن کاغذ پر تیار کر کے پاس رکھیں۔ اور چالیس دن تک روزانہ الکریم، الوھاب بحق یا قادر یا رزاق کا ورد 1100 مرتبہ روزانہ کریں۔ یقین کریں کہ چالیس دن کے اندر اندر اس طلسم کی تاثیر ظاہر ہوگی۔ آپ کو ایسا محسوس ہوگا کہ کوئی غیبی طاقت گرد و پیش موجود ہے۔ یہ لوح جدید بہت پُر تاثیر اور باقوت ہے۔ یہ طلسمی لوح حکیم افلاطون اور حکیم طمطم ہندی کا ہے۔



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# اوج زہرہ

اس سال اوج زہرہ 30 اپریل شام 7:50 منٹ سے 2 مئی شام 5:35 تک رہے گا۔ اس وقت کی مناسبت سے اکثر عاملین جفر ایسے اعمال تیار کرتے ہیں جو ترقی دولت، ترقی فتوحات کے لیے بہت تیزی سے کام دیتے ہیں۔ اوج زہرہ کے مطابق اس وقت راہنمائے عملیات کے لیے دو طلسمی اعمال لے کر حاضر ہوں۔ اس عمل کی برکت سے رجوع خلق، تسخیر مستورات، اور فتوحات بہت تیزی سے حاصل ہوں گی۔ یہ طلسم تانبہ کی تختی پر یا گولڈن کاغذ پر تیار کریں۔ کسی اور دھات پر تیار نہ کریں۔ اور دھات پر اس کی تاثیر ظاہر نہ ہوگی۔ جو لوگ معاشی حالت سے پریشان ہیں کاروبار بند ہو گیا ہے یا کام چلتے چلتے رُک گیا ہے تو ان کے لیے ایک تحفہ ہے۔

راہنمائے تل شناسی 40 روپے
چودھری امانت علی اینڈ سنز، ریلوے روڈ، رحیم یار خان۔



طلسم لوح جفر

free copy
khalidrathore.com
Lumitech Document Processing Solutions



file_1_[1-13]

## علم نجوم کی روشنی میں

# آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا



## برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔ مریخ

حروف۔۔ ا،ل،ع،ی پتھر۔۔ مرجان دن۔۔ منگل

رنگ۔۔ سرخ دھات۔۔ لوہا، تانبہ عدد۔۔ 9

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-3-0 | 21-20-14-2 | 16-12-11-6 |

ماہ رواں کے ابتدائی وقت میں آپ کا برج بہتر پوزیشن میں ہو گا۔ کوکبی حالت کے تحت آپ کی قوت ارادی و ذاتی وقار اور لوگوں کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے بہتر نتائج کا حصول ہوگا۔ معاشرتی سطح پر قبول عام حاصل ہوگا اور مخالفت کا سامنا نہیں ہوگا۔

ماہ رواں کی 19 تاریخ کو شمسی گرہن آپ کے برج میں واقع ہو رہا ہے۔ بہتر ہو گا کہ آپ اس تاریخ سے پہلے اور بعد میں اپنے معاملات اور حرکات میں کسی قدر محتاط رویے کا مظاہرہ کریں۔ ماہ رواں کی 7 تاریخ کو شمس آپ کے برج میں حالت شرف میں ہو گا جو آپ کو کئی طرح کے فوائد دے گا۔ 7 تاریخ کو عطارد رجعت پذیر ہو گا جو کسی قدر ذہنی انتشار کا باعث ہو سکتا ہے۔ جاری کوکبی حالات کے تحت آپ کے لیے اس ماہ کا خصوصی مشورہ یہ ہے کہ آپ آنے والے وقت کے لیے اپنے آپ کو تیار کریں۔ آنے والے دنوں میں آپ میں اپنی شخصیت کو بہتر بنانے کے لیے کیا کیا تبدیلی کرنی ہے؟ یہ بات خصوصی توجہ کی طالب ہے۔ عطارد کی رجعت جو کہ 7 سے 30 تاریخ تک جاری رہے گی کے دوران گاڑی چلاتے ہوئے کسی سے خط یا فون پر رابطہ کرتے ہوئے یا ایسے ہی دیگر معاملات میں خصوصی

## آپ کا برج کون سا ہے۔

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔ ☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔ ☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہو گا۔

### عددی جدول

| | |
|---|---|
| ا، ی، ق، غ | 1 |
| ب، پ، ک، گ، ر، ڑ | 2 |
| ج، چ، ل، ش | 3 |
| د، ڈ، م، ت، ٹ | 4 |
| ہ، ن، ث | 5 |
| و، س، خ | 6 |
| ز، ژ، ع، ذ | 7 |
| ح، ف، ض | 8 |
| ط، ص، ظ | 9 |

مثال: اکبر = ا ک ب ر = ۱+۲+۲+۲ = ۷

## رجعت و کواکب

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ بھی دیں۔ عزیمت برائے رجعت و نحوست سیارگان یوں ہے۔

**یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٰهٰیٰعٰصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ یَا اللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ ۔**

راہنمائے عملیات 80 روپے
رحمانیہ کتب خانہ، اوکانوالہ روڈ، چیچہ وطنی

توجہ کی ضرورت ہے۔ بہت ممکن ہے کہ کئی ایک منفی پہلو سامنے آئیں۔

جہاں تک صحت کے معاملات کا تعلق ہے انشاء اللہ آپ کسی خاص بیماری کا شکار ہوتے نظر نہیں آتے۔ تاہم گرہن اور عطارد کی رجعت کسی حد تک آپ کی صحت کے حوالے سے دباؤ لائے گی۔ تاہم اگر آپ نے صحت کے معاملات پر پوری توجہ دی تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ بخیر و عافیت اس دباؤ سے نکل جائیں۔ اس ماہ کے پہلے دو عشرے ان لوگوں کے لیے خاص اہمیت کے حامل ہیں جو سیر و تفریح کے شائق اور آزاد طبع واقع ہوئے ہیں۔ جنس مخالف کی طرف رجحان رکھنے والے افراد کے لیے بھی یہ وقت باعث مسرت ہوگا۔

وہ کاروباری افراد جو نوکری کی تبدیلی کا سوچ رہے تھے ان کے لیے بھی یہ وقت نئے مواقع لانے کا باعث ہوگا۔ تاہم نوکری پیشہ افراد کے لیے یہ بہتر ہوگا کہ وہ اس ماہ کے آخری عشرے میں کسی بڑی تبدیلی میں نہ پڑیں۔ ریس اور جوئے کے شوقین افراد کے لیے اس ماہ کا آخری عشرہ خاص طور پر فائدہ مند ثابت ہوگا تاہم آمدنی کے ساتھ اخراجات کا بھی سلسلہ چلتا رہے گا۔

## برج ثور



**21 اپریل تا 20 مئی** — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ب، د — پتھر۔۔الماس — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔نیلا — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔6

### صرف اس ماہ کے لیے


| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-7-1 | 21-20-4-2 | 14-13-8-7-6 |

اس ماہ کی مجموعی صورت حال اس بات کی متقاضی ہے کہ آپ کی دلچسپیوں کا محور گھر اور گھر سے متعلق معاملات زیادہ رہیں گے۔ خاص طور پر ماہ رواں کی 17 تاریخ کے بعد خاندانی مسائل اور معاملات آپ کی کافی زیادہ توجہ حاصل کریں گے۔ وہ افراد جو اس سے قبل جسمانی امراض کا شکار تھے یا صحت کے مسائل سے دوچار تھے اب ایسے اسباب پیدا ہونا شروع ہوں گے کہ تندرستی مرض پر غالب آنا شروع ہو جائے گی۔ خاص طور پر ایسے افراد جن کے امراض پیچیدہ صورت حال کا شکار تھے اب اگر وہ توجہ دیں تو بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

برج ثور کے وہ افراد جو مذہبی رجحانات رکھتے ہیں ان کے نظریات میں روحانی اور مذہبی حوالے سے کافی حرکت ہوتی نظر آتی ہے۔ بعض افراد روحانی حوالے سے اپنے سابقہ نظریات کو تبدیل یا ان میں نئی سوچ اور اپروچ داخل کرتے نظر آتے ہیں۔ وہ ثور افراد جو عشق و محبت کے معاملات میں ملوث ہیں بہت ممکن ہے کہ بعض اوقات انہیں یہ معاملات حد درجہ پیچیدگی لیے ہوئے نظر آئیں۔ تاہم تمام تر مسائل کے ساتھ اس حوالے سے نئے تعلقات اور واقعات ظاہر ہوتے ہوئے بھی نظر آ رہے ہیں۔ ازدواجی حوالے سے بھی یہ وقت کافی اہم ہے۔ وہ تمام لوگ جن کی صلح یا طلاق کے معاملات یا منگنی یا نکاح وغیرہ جیسے معاملات زیر التواء تھے اب وقت آ گیا ہے کہ جلد یا بدیر ان کا فیصلہ ہو جائے گا۔

برج ثور کے افراد کے لیے یہ ماہ اس حوالے سے اہم ہے کہ انہیں دوسرے لوگوں سے توقع کرنے کی بجائے معاملات کو ذاتی حیثیت اور ذاتی جدوجہد کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اس وقت دوسرے لوگ آپ کے لیے زیادہ معاون ثابت نہ ہوں گے۔ ریس، جوئے، گھڑ دوڑ اور شیئرز کا کام کرنے والے ثور افراد کو بھی کوئی قدم اٹھانے سے پہلے خوب سوچ و بچار کر لینی چاہیے۔ خاص طور پر 7 تا 30 اپریل کے دوران فوری نوعیت کے ایسے فیصلے جو آپ کی مالی حیثیت پر اثر انداز ہو سکتے ہیں ان کو کرنے سے پہلے خوب سوچ سمجھ لیں ورنہ مثبت نتائج حاصل نہ ہوں گے۔ وہ ثور افراد جن کے کاروباری حالات منفی شکل لیے ہوئے تھے جاری کو کسی حالت کے تحت اب کسی قدر بہتری کے امکانات پیدا ہوں گے سو زیادہ لالچ میں پڑنے کے بجائے جس قدر بھی آمدن کا حصول ہو رہا ہو اس پر ہی گزارہ کریں۔

## برج جوزا



**21 مئی تا 20 جون** — سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔ک، ق — پتھر۔۔زمرد — دن۔۔بدھ

رنگ۔۔زرد، سرخی مائل — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔5

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-5-3 | 26-25-14-4 | 21-20-6-2 |

ماہ رواں کے دوران آپ کے ذاتی کوکب کی رجعت جو 7 تا 30 تاریخ تک جاری رہے گی آپ کے اعتماد اور آپ کی ذات کو کسی حد تک متاثر کرنے کا


خالد بک سٹال، مسلم بازار، گجرات
السحر العجیب فی جلب الحبیب 80 روپے

باعث ہوگی۔ تاہم دیگر کوکبی پوزیشن کے تحت آپ کے لیے بہتر یہی ہوگا کہ آپ لوگوں کے مشوروں کی بجائے ذاتی رائے کو ترجیح دیں۔ کوشش یہ کریں کہ آپ کا ذہن متضاد خیالات اور مشوروں کی آماجگاہ نہ بنے۔

مالی معاملات کے حوالے سے اس ماہ کی یکم تا 6 اور 19 تا 30 تاریخ کا وقت بہتر ثابت ہوگا تاہم 15 اور 16 تاریخ کو ایسے معاملات جن میں رسک ہو کسی بھی صورت میں سرمایہ کاری یا لین دین نہ کریں ورنہ اچانک نقصان سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ مریخ سارا ماہ آپ کے طالع میں رہے گا اور اس حوالے سے دیگر کوکبی نظرات کے تحت یہ جنس مخالف کی توجہ لے کر آئے گا۔ زہرہ کے ساتھ مل کر یہ آپ کا رجحان اپنے جسم اور چہرے کی خوبصورتی اور بہتری کی طرف مبذول کرائے گا۔ بالیقین اپنی ذات کی طرف دی جانے والی یہ توجہ آپ کے حُسن و شخصیت کو نکھارنے کا باعث ہوگی۔

وہ جوزا افراد جو مستقبل میں کسی بڑے پروجیکٹ پر کام کرنے کے خواہش مند ہیں یہ ماہ ان کے لیے اچھی خبریں لانے کا باعث بنے گا کسی اچھے وقت کا انتخاب کر کے رکھی گئی کاروباری بنیاد صرف آپ کی ہی نہیں بلکہ آنے والی نسل کے لیے بھی سونے کی چڑیا ثابت ہوگی۔

اس ماہ ملنے جلنے والوں کی آمد و رفت نسبتاً زیادہ رہے گی۔ اور اس حوالے سے اخراجات بھی بڑھیں گے۔ یہ ماہ اس حوالے سے کافی اہم ہے کہ آپ کو اپنی زندگی کے مختلف شعبوں میں مثلاً گھر، روزگار، محبت، صحت، ذاتی خواہشات اور مذہب کے حوالے سے مختلف مصروفیات کا سامنا ہوگا۔ آپ ان سب معاملات کے دباؤ کا کس طرح مقابلہ کریں گے یہ سوچنا آپ کا کام ہے۔ تاہم جہاں تک ہمارے مشورے کا تعلق ہے وہ یہ ہے کہ آپ تمام تر معاملات کو اپنے ہاتھ میں رکھیں۔ بلاشبہ مشاورت ضرور کریں لیکن آخری فیصلہ آپ کے اپنے ہاتھ میں ہونا چاہیے۔ وہ لوگ جو جدید رسل و رسائل، کمپیوٹر اور فیکس مشین جیسی اشیاء کا استعمال کرتے ہیں بہتر ہوگا کہ وہ اس ماہ واقع ہونے والے گرہن سے قبل اپنی مشینوں کو ضرور چیک کر لیں بہت ممکن ہے کہ ان میں کسی قدر تبدیلی یا مرمت عین موقع پر آن پڑے۔



## برج سرطان

21 جون تا 20 جولائی — سیارہ۔۔قمر

حروف۔۔ح، ھ — پتھر۔۔موتی — دن۔۔پیر

رنگ۔۔سفید، ہلکا نیلا — دھات۔۔ٹن — عدد۔۔2

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-1-0 | 20-14-2-1 | 28-13-6-4 |

اگر پچھلے ماہ آپ کو کوئی غیر متوقع کامیابی حاصل نہیں ہوئی تو اس ماہ اُمید ہے کہ آپ خوش خبری سن سکیں گے۔ خاص طور پر وہ سرطان افراد جن کا کوئی کاروباری معاملہ طے ہونا تھا یا نوکری پیشہ افراد کی ترقی کا کیس رُکا ہوا تھا اب ایسے کاموں کے واقع ہونے کے امکانات واضح ہیں۔

ماہ رواں کی 10 تاریخ کو واقع ہونے والا گرہن آپ کے معاملات پر کافی دباؤ لے کر آئے گا۔ ہمارا مشورہ یہ ہے کہ آپ گرہن کی تاریخوں سے پہلے اور بعد کوئی خاص میٹنگ یا معاملہ برائے بحث یا فیصلہ نہ رکھیں۔ کئی ایک غلطیاں ہونے کے واضح امکان ہیں۔ یہ غلطیاں ایسی ہیں کہ جن کی اصلاح بعد میں کسی حد تک ممکن ہے لیکن کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ آپ کسی ایسی غلطی میں پڑیں ہی نہ۔ ماہ رواں میں 7 تا 30 تاریخ تک واقع ہونے والی عطارد کی رجعت اس بات کا فیصلہ کن اعلان کر رہی ہے کہ اب اگر آپ اس ماہ کوئی نیا کام یا پروجیکٹ یا رشتہ وغیرہ کرنا چاہتے ہیں تو رجعت عطارد کی ابتداء سے قبل کر لیں۔ بصورت دیگر معاملات میں التواء کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ماہ رواں میں واقع ہونے والی کوکبی پوزیشن اس بات کی متقاضی ہے کہ آپ زیادہ توجہ اپنے کیریئر اور روزگار کے معاملات کو دیں۔ گو اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ انسانی زندگی کے حوالے سے خاندانی، گھریلو یا جذباتی معاملات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ تاہم وقت کا تقاضہ یہ ہے کہ آپ پہلی ترجیح اپنے کاروبار یا نوکری وغیرہ کو دیں۔ بہت سے سرطان افراد کے لیے یہ وقت نوکری اور کاروبار میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ لانے کا باعث بنے گا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ بہت سے سرطان افراد جاری کاموں، نوکری یا کاروبار میں تبدیلی وغیرہ کا قوی رجحان رکھیں۔ تاہم ہمارا مشورہ یہ ہے کہ بہت زیادہ اہم اور بڑے فیصلوں کے لیے اگلے ماہ کا انتظار کر لیں خصوصاً اس صورت میں جب آپ نے اس ماہ کا پہلا ہفتہ بغیر کچھ کیے گزار دیا ہو۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں آپ کا رجحان جنس مخالف اور دوستانہ تعلقات بڑھانے کی طرف رہے گا۔ شیئرز اور جوئے وغیرہ سے متعلق کام کرنے والے لوگ آپ کے ارد گرد ہیں ان سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

free copy
khalidrathore.com

السحر الاحمر 50 روپے
طاہر قادری صاحب، عزیز بک سٹال، اندرون حرم گیٹ، ملتان



# برج اسد

21 جولائی 20 اگست سیارہ۔۔شمس

حروف۔۔م پتھر۔۔یاقوت دن۔۔اتوار

رنگ۔۔سنہرا اورنج دھات۔۔سونا عدد۔۔1

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 6-5-0 | 20-14-4-2 | 25-8-7-6 |

ماہ رواں میں آپ کا ذاتی ستارہ حالات شرف میں ہوگا اس کی پوزیشن عمومی طور پر آپ کے لیے کئی مسائل لے کر آئے گی۔6 تاریخ کے بعد آپ کسی بھی قسم کے تحریری معاہدہ یا کسی بھی کام کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے ایک سے زائد بار سوچیں۔19 تاریخ کو واقع ہونے والا شمسی گرہن اس امر کا مظہر ہے کہ آپ اپنی مصروفیات' تعلقات اور کاموں کو ایک بہتر شکل دینے کی کوشش کریں۔صرف یہ ہی نہیں بلکہ اپنی ظاہری شخصیت اور جسم اور صحت کی بہتری پر بھی توجہ دیں۔شمسی گرہن صرف اس حوالے سے ہی آپ کو متاثر نہیں کرے گا بلکہ بہت ممکن ہے کہ آپ اپنے روزگار اور روزگار کے معمول میں تبدیلی لانے کے خواہاں ہوں۔ملازمت پیشہ افراد اس فلکی پوزیشن کے تحت نوکری کی تبدیلی یا ٹرانسفر وغیرہ کا شکار ہو سکتے ہیں۔جبکہ کاروباری افراد جو اپنے موجودہ کاروبار سے غیر مطمئن ہوں وہ کاروبار میں تبدیلی یا پرانے کاروبار کو چھوڑ کر نئے شعبے میں قسمت آزمانے کے خواہش مند ہوں گے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ اس ماہ صحت کے مسائل کا شکار نہ ہوں تو بہتر ہوگا کہ آپ اپنی مصروفیات میں کسی قدر کمی کریں۔بلاشبہ اہم معاملات زندگی سے صرف نظر کرنے کا مشورہ نہیں دیا جا سکتا۔تاہم اس ماہ کے نصف وقت کے بعد کوشش یہ کریں کہ آپ کی جسمانی اور ذہنی مصروفیات آپ کی صحت کو متاثر کرنے کا باعث نہ بنیں۔

آپ کے مالی امور کا حاکم کوکب عطارد ماہ رواں کی 6 تا 30 تاریخ تک حالت رجعت میں رہے گا۔اس لیے بہتر ہے کہ آپ اپنے مالی معاملات کے حوالے سے فیصلہ 6 تاریخ سے قبل کر لیں۔تاہم ایسے معاملات جو 6 تاریخ کے بعد آپ کے سامنے آئیں ان کے بارے میں فیصلہ کرتے ہوئے جلد بازی کا شکار نہ ہوں۔ایسی صورت میں تمام اُمور چاہے وہ خرید و فروخت سے متعلق ہوں یا مالی لین دین یا مستقبل کے بجٹ سے' کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت اپنے فیصلے کو ایک دفعہ دوبارہ ضرور تنقیدی زاویے سے پرکھیں تاکہ کسی بھی غلطی سے بچا جا سکے۔

عطارد کی یہ رجعت آپ کے مالی معاملات پر بلاشبہ دباؤ لے کر آئے گی۔تاہم ذرائع آمدن بند نہیں ہوں گے بلکہ آپ ان میں کچھ رکاوٹ یا دیر سویر کا سامنا کریں گے۔اس ماہ گھریلو اور کاروباری ہر دو لحاظ سے آپ پر ذمہ داریوں اور مصروفیات کا دباؤ رہے گا اس لیے ذہنی دباؤ اور پریشانی کا شکار ہوئے بغیر تحمل کے ساتھ اپنے وقت کو تقسیم کرنے کی عادت ڈالیں۔



# برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔پ'غ پتھر۔۔لاجورد دن۔۔بدھ

رنگ۔۔گہرا زرد دھات۔۔ٹن عدد۔۔5

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-4-1 | 30-20-4-2-1 | 14-8-7-6 |

ماہ رواں میں آپ کے گھریلو اور خاندانی مسائل پر دباؤ رہے گا اور یہ بہتر ہوگا کہ آپ وقت کو ضائع کرنے کی بجائے اور معاملات کو کل پر ڈالنے کے بجائے ان کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ماہ رواں کی کوکبی پوزیشن گھر اور خاندان سے متعلق معاملات کو ایک حتمی شکل دینے اور ان کو حل کرنے کا اشارہ دے رہی ہے۔اس لیے ہمارا مشورہ یہ ہے کہ آپ فیصلہ کُن اقدام اٹھائیں۔اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اب روزگار اور کیریئر کے معاملات بھی آپ سے سنجیدگی کے طالب ہوں گے۔اس وقت اگر آپ نے اپنے روزگار اور کیریئر سے متعلق معاملات پر خصوصی توجہ نہ دی اور صورت حال کا تنقیدی اور باریک بین جائزہ نہ لیا تو آنے والے دنوں میں روزگار اور کاروبار کے حوالے سے آپ کئی مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔یہ فقرے صرف کاروباری افراد کے لیے نہیں ہیں بلکہ نوکری پیشہ افراد کو بھی اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر رکھنی چاہیے۔کاروبار یا نوکری کے حوالے سے اپنی حفاظت کا فریضہ بھی انجام دینا ہوگا۔

صحت کے حوالے سے آپ اس ماہ پریشان ہو سکتے ہیں اس لیے کچھ

نیو سندھ کتاب گھر' شاہراہ ایم اے جناح' میر پور خاص

الاقوال امرفیہ فی معرفتہ الاعمال الرملیہ 40 روپے

صدقہ خیرات نکالیں تا کہ کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچ سکیں۔ معاملات محبت کے حوالے سے کسی بڑی خوشخبری کی صورت تو نہیں نظر آ رہی تاہم غیر شادی شدہ یا دوسری شادی کے خواہش مند اگر اپنے اردگرد کے ماحول کا جائزہ لیں تو ان کی اُمید بر آئے گی۔

ماہ رواں کے دوران زیادہ تر وقت یعنی 7 تا 30 تاریخ تک آپ کا ذاتی ستارہ عطارد حالت رجعت میں رہے گا اس لیے ہمارا مشورہ یہ ہے کہ آپ اپنی ذات کو زیادہ نمایاں کرنے کی کوشش نہ کریں۔ شادی بیاہ، سوشل معاملات یا ایسی ہی دوسری صورتوں میں خود نمایاں ہونے کی بجائے اپنے ساتھ کام کرنے والے افراد اور عزیز و اقارب کو نمایاں ہونے کا موقع دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کے لیے بہتر ہوگا کہ دوسرے کے معاملات میں اپنی رائے ٹھونسنے سے باز رہیں۔

برج سنبلہ سے منسلک افراد اور بچے جو لکھ پڑھ رہے ہیں ان کے لیے یہ ماہ بھی اچھی تبدیلیاں لے کر آئے گا۔ بہت ممکن ہے کہ اپنے سکول یا تعلیمی ادارے یا کورس کو تبدیل کرنے کا رجحان ذہن میں جگہ پکڑ لے۔ جس پر آپ جلد ہی عمل پیرا ہو جائیں گے۔

## برج میزان



21 ستمبر تا 20 اکتوبر — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ر، ت، ط — پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا — دھات۔۔تانبہ، پیتل — عدد۔۔6

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-5-1 | 14-8-7-4 | 20-6-3-2 |


برج میزان کے افراد کے لیے بھی یہ ماہ شراکت سے متعلق معاملات کے لیے بہتر ثابت ہوگا۔ وہ میزان افراد جو کسی کاروباری شراکت میں جانا چاہتے ہیں یا شراکت سے متعلق ان کے معاملات مسائل کا شکار تھے یا غیر فیصلہ کن صورت حال کا سامنا تھا تو موجودہ کوکبی صورت حال ان مسائل کا حل لے کر آئے گی۔ وہ میزان افراد (مرد یا عورت) جن کو ازدواجی مسائل کا سامنا تھا یا شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں مسائل درپیش تھے اب ان کے لیے بھی ایسا وقت آ گیا ہے جو ان کے دکھوں کا مداوا کرنے کا باعث ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت سے میزان افراد کے ازدواجی، جذباتی اور گھریلو مسائل حل ہو جائیں گے۔

معاملات محبت کے حوالے سے بھی یہ وقت خوشخبری لائے گا اور اس بات کی قوی اُمید ہے کہ جنس مخالف کے کسی فرد کے ساتھ آپ کا ایسا رابطہ ہو جائے جو مستقبل میں ایک مستقل رشتے پر انجام پذیر ہو۔

جہاں تک آپ کے کاروباری معاملات کا تعلق ہے ہمارا مشورہ یہ ہے کہ آپ اپنے تعلقات کو ضرور مدنظر رکھیں لیکن کاروباری معاملات کے حوالے سے اپنے مفادات کو ہمہ وقت ترجیح دیں۔ دراصل جاری کوکبی صورت حال اس بات کی مظہر ہے کہ وہ لوگ جن کے ساتھ آپ کاروبار یا نوکری یا کسی بھی حوالے سے منسلک ہیں وہ آپ کی نسبت اپنے مفادات کو زیادہ قابل ترجیح خیال کریں گے۔ یہ صورت حال اس ماہ کے آخری عشرے میں آپ کے لیے مالی دباؤ لانے کا باعث ہوگی اور اس وقت آپ کے پاس سامنے آنے والے مسائل کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کا فقدان ہوگا۔ اور ایسا کوئی بھی معاملہ آپ کو کئی ماہ تک پریشان کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔

ماہ رواں کے پہلے دو عشرے صحت کے اُمور یا عمومی طور پر طبیعت کے بوجھل وغیرہ ہونے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں تاہم بہت سے میزان افراد کے مزاج میں یہ تبدیلی صرف بعض کوکبی حالتوں کے باعث ہوگی اور اس کا کچھ خاص اثر ان کی صحت پر نہیں پڑے گا۔ کوشش یہ کریں کہ اپنی خوراک اور موسمی تبدیلیوں کے مدِنظر اپنے کام اور شیڈول طے کریں۔ اپنے معاملات میں مدد کے لیے اگر آپ اپنے بہن بھائیوں سے رجوع کریں تو کچھ التواء سے ان سے مدد ملنے اور ان کے ذریعے آپ کے معاملات میں بہتری آنے کے قوی امکانات ہیں۔

## برج عقرب



21 اکتوبر تا 20 نومبر — سیارہ۔۔پلوٹو

حروف۔۔ذ، ز، ض، ظ، ن — پتھر۔۔مرجان، عقیق سرخ — دن۔۔منگل

رنگ۔۔گہرا سرخ — دھات۔۔لوہا، تانبہ — عدد۔۔9

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-4-2 | 21-20-11-9 | 14-6-4-2 |


اس ماہ سوشل تعلقات کے حوالے سے آپ کو مشکل مسائل کا سامنا

طاہر نیوز ایجنسی، عارف بازار، بورے والا
سحر بار نوخ 50 روپے
freee copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

ہوسکتا ہے۔ تاہم اگر آپ نامطمئن محسوس کرنے کے باوجود سوشل تعلقات بہتر بنانے کے لیے کام کرتے رہے تو جلدی ہی ماحول میں تبدیلی آجائے گی۔ مالی حالات کے حوالے سے اس ماہ دباؤ زیادہ رہے گا۔ تاہم اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کے ذرائع آمدن بند ہوجائیں گے۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آمدن کی نسبت اخراجات کی مد میں زیادہ اضافہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ روپے کی وصولی یا ادائیگی کے حوالے سے رکاوٹیں درپیش آئیں گی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کو روپے کے حصول کے لیے زیادہ محنت اور جدوجہد کرنی پڑے گی۔ یعنی روپے کا حصول کافی محنت سے ہی ممکن ہوگا۔

معاملاتِ محبت اور خصوصاً عاشقانہ مزاج کے حامل افراد یہ بات نوٹ کرلیں کہ جنس مخالف کی طرف سے متوازن رویے کا مظاہرہ نہیں ہوگا۔ آپ کی مصروفیات بڑھیں گی جبکہ آپ کے چاہنے والے آپ سے زیادہ وقت لینے کے خواہش مند ہوں گے۔ یعنی محبوبہ اور شریک حیات وغیرہ قسم کے تعلق زیادہ وقت اور توجہ لیں گے۔ جذباتی اور مالی تناؤ اور مصروفیات آپ کی صحت پر منفی طور پر اثرانداز ہوسکتی ہیں۔ اپنے آپ کو تناؤ سے محفوظ رکھنے اور صحت کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بہتر یہ ہے کہ آپ آرام اور اپنے کاموں کے شیڈول پر توجہ رکھیں۔ بہتر ہوگا اگر آپ اپنے لیے کچھ وقت نکال کر پُرسکون نیند لے لیں۔

اس ماہ کی 19 تاریخ کو واقع ہونے والا شمسی گرہن ان عقربی افراد کے لیے مفید ثابت ہوگا جو اپنے روزگار، کیریئر یا نوکری کے حوالے سے نئی سمت کی تلاش میں ہیں اس وقت کیریئر میں تبدیلی لانے کے مواقع ملیں گے شمسی گرہن سے چند دن پہلے اور چند دن بعد اپنی مصروفیات میں کمی کردیں۔ اس ماہ کی کوکبی پوزیشن آپ کے گھریلو اور بیرونی دنیا کے ساتھ روابط اور تعلقات کے حوالے سے ایک مشکل وقت کا اظہار کررہی ہے۔ آپ کو گھر اور باہر کے امور میں توازن رکھنے کے لیے کافی محنت سے کام لینا پڑے گا۔ سو بہتر یہ ہے کہ ہر ایک کو خوش کرنے کی پالیسی اپنانے کی بجائے صرف اس بات کو مدنظر رکھیں کہ آپ کا مقصد صرف اور صرف فیصلہ کن اقدامات کے ذریعے ہی حاصل ہوسکتا ہے۔



# برج قوس

21 نومبر تا 20 دسمبر سیارہ۔۔ مشتری

حروف۔۔ف پتھر۔۔ پکھراج دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ ہلکا ارغوانی دھات۔۔ ٹن، سونا، چاندی عدد۔۔ 7

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-6-0 | 21-14-11-4 | 20-8-7-6-2 |

قوس افراد کو اس ماہ اتفاقی آمدنی کے امکانات نظر آرہے ہیں۔ اس حوالے سے انعامی سکیموں میں دلچسپی رکھنے والے قوس افراد اپنی قسمت آزمائیں تو بہتر ہے۔ وہ قوس افراد جو بڑے پروجیکٹس پر کام کررہے ہیں یا جن کے اوپر بڑی ذمہ داریاں ہیں انہیں مختلف مسائل کا سامنا ہوگا اور بعض اوقات متضاد صورحال سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ تاہم ان کے لیے بہتر یہ ہے کہ ان مسائل کو تحمل کے ساتھ طے کرنے کی کوشش کریں اور فوری نتائج کی توقع نہ کریں۔

گھر اور جذباتی حوالے سے یہ ماہ مسائل یا جذباتی رویوں سے تکلیف لے کر آئے گا۔ ہمارا مشورہ یہ ہے کہ افراد خانہ اور ملنے جلنے والے لوگوں سے بہت زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں۔ دوسرے لوگوں کی دلچسپیاں اور ضرورتیں آپ کے ذہن پر سوار رہیں گے اور آپ اپنے معاملات پر دوسروں کے معاملات کو زیادہ ترجیح دیں گے۔ یہ رویہ سننے اور دیکھنے کی حد تک تو قابل تعریف قرار دیا جاسکتا ہے تاہم جاری کوکبی پوزیشن کے تحت آپ کو اس طرز عمل سے باز رہنے کا مشورہ دیں گے۔ آپ کا یہ رویہ اور طرز عمل انجام کار آپ کے لیے مایوسی ہی لے کر آئے گا۔

مالی حوالے سے اس ماہ کا آخری عشرہ بہتر ثابت ہوگا اور شاید آپ کے سامنے ایسی صورت آئے جس کے تحت آپ آنے والے دنوں میں ایک بہتر مالی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں۔ معاملاتِ محبت کے حوالے سے اس ماہ کوئی بڑا فیصلہ نہ کریں اور تمام امور کو اگلے ماہ تک کے لیے ملتوی کردیں۔ اس ماہ کی 19 تاریخ کو واقع ہونے والا شمسی گرہن نوکری پیشہ افراد کے لیے خاص طور پر اہم ہے۔ ان کو یا تو ملازمت سے تبدیل کردیا جائے گا یا ازخود ان کے ذہن میں تبدیلی کا عنصر طاقت پکڑنا شروع ہوجائے گا۔ ماہ رواں کے دوران اگر آپ روپے پیسے کے معاملے کی بجائے روپیہ گھریلو امور پر خرچ کریں تو یہ زیادہ بہتر نتائج لائے گا۔ ذہن کے کسی گوشے میں ہونے والی لڑائی 19 تاریخ تک آپ کو کافی تنگ کرے گی تاہم اس کے بعد حالات میں ازخود بہتر آنا شروع ہوجائے گی۔ صاحب اولاد لوگوں کو اپنے بچوں کے معاملات میں اس ماہ خصوصی دلچسپی لینی چاہیے۔ وہ افراد جو حصول اولاد کے حوالے سے پریشانی کا شکار تھے اب ان کے مسائل کا حل بھی نکل آئے گا۔

free copy
khalidrathore.com

خزینہ علم وادب، تاجران کتب، اٹک سٹی
راہنمائے علم نجوم 80 روپے

file 2 [1-13]



# برج جدی

**21 دسمبر تا 20 جنوری سیارہ۔۔زحل**

**حروف۔۔ج،خ،گ پتھر۔۔نیلم گاؤمیدک دن۔۔ہفتہ**

**رنگ۔۔گہرانیلا،سلیٹی دھات۔۔سونا،پلاٹینم عدد۔۔8**

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-3-2 | 20-14-13-10 | 24-23-6-4 |


برج جدی سے تعلق رکھنے والے طالب علموں کو اپنے تعلیمی معاملات کے حوالے سے محتاط طرزِ عمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ بہت ممکن ہے کہ دوسرے لوگ آپ کے تعلیمی مستقبل کے بارے میں اپنی رائے آپ پر ٹھونسنے کی کوشش کریں۔ 7 تا 30 تاریخ تک عطارد چونکہ حالتِ رجعت میں ہوگا اس لیے آپ کو تعلیمی اور امتحانی امور کے بارے میں غیر معمولی مزاج کا مظاہرہ کرنے کے رجحان کو تقویت دے گا۔ اس ماہ 19 تاریخ کو واقع ہونے والا شمسی گرہن آپ کے گھر کے حوالے سے غیر معمولی واقعات کا اظہار کررہا ہے۔ خاندان کے لوگوں یا رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے تبدیلی واقع ہوسکتی ہے۔ وہ جدی لوگ جو گھر تبدیل کرنے یا گھر کی مرمت وغیرہ کروانے کے خواہش مند تھے بہت ممکن ہے کہ اب ان کی کوئی ایسی خواہش پوری ہوجائے۔

وہ جدی افراد جو شراکت پر کام کررہے ہیں یا ان کا کام کمیشن ایجنٹ کا ہے یا اُن کی شریک حیات کسی طور کاروباری حوالہ رکھتی ہے تو وہ ان حوالوں سے مالی معاملات میں آنے والی تبدیلیوں کے لیے ذہنی طور پر تیار رہیں۔ یہ تبدیلیاں ایسی ہوں گی جو طویل عرصے کے لیے اپنا اثر رکھیں گی۔ ذاتی طور پر بہتر مالی معاملات کے لیے آپ کو مزید محنت اور توجہ سے کام لینا ہوگا۔ روپیہ پیسہ آسانی سے نہیں آئے گا۔

وہ جدی افراد جو شیئرز یا لاٹری وغیرہ جیسے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کو اس ماہ محتاط رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ اگر اُنھوں نے ایک حد سے بڑھ کر رسک لیا تو کامیابی کا امکان نہیں ہوگا۔

جہاں تک صحت کے معاملات کا تعلق ہے جدی افراد کو اس ماہ کے پہلے دو عشروں میں خاص طور پر صحت کو ترجیحی بنیادوں پر رکھنا چاہیے۔ کسی تکلیف کی ابتداء میں ہی مستند طبیب سے رجوع کریں۔ بصورت دیگر پیچیدگی کا خطرہ ہے۔

معاملات محبت کے حوالے سے جدی افراد کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ وہ جدی افراد جو حُسن وعشق کے متوالے ہیں انہیں اس ماہ کے آخری عشرے میں کھل کھیلنے کا موقع ملے گا تاہم اس عرصے کے دوران بننے والے تعلقات سے زیادہ اُمیدیں وابستہ نہ کریں۔ یہ تعلقات عارضی نوعیت کے اور وقتی دلچسپی کی حد تک رہیں گے۔ پرانے دوستوں اور محبوبوں یا شریکِ حیات کو منانے کے لیے بھی یہ عشرہ موزوں ثابت ہوگا۔



# برج دلو

**21 جنوری تا 20 فروری سیارہ۔۔یورانس/زحل**

**حروف۔۔س،ش،ث پتھر۔۔عقیق یمنی،نیلم دن۔۔ہفتہ**

**رنگ۔۔سیاہ دھات۔۔پلاٹینیم عدد۔۔4**

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-4-0 | 16-15-14-4-2 | 20-12-11-6 |

اس ماہ کی مجموعی کونی صورتِ حال کے تحت ایک بہتر وقت کی نشاندہی ہورہی ہے۔ تاہم اس کے ساتھ ساتھ بعض اچانک اتار چڑھاؤ سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ خاص طور پر ہمسایوں اور خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے غیر معمولی صورتِ حال کا سامنا ہوسکتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کے اچھے ہمسائے چلے جائیں اور ان کی جگہ دوسرے لوگ لے لیں۔ گھر، گھر کے اندر اور باہر تبدیلیوں کے امکانات ہیں۔ وہ دلو افراد جو گھر تبدیل کرنا چاہ رہے تھے یا گھر کی تزئین و آرائش کے خواہش مند تھے اُن کے لیے اس ماہ کا آخری نصف حصہ خاص طور پر بہتر ثابت ہوگا۔

صحت کے اُمور کے حوالے سے 20 تاریخ کے بعد کا وقت خاصہ اہم ہے۔ اس تاریخ کے بعد اپنی مصروفیات کو کم کرنے کی کوشش کریں اور جسمانی صحت اور آرام کی طرف زیادہ توجہ دیں۔ رات گئے تک ٹی وی دیکھنے اور ضروری اور غیر ضروری مصروفیات سے بچیں یا ان میں کمی لانے کی کوشش کریں۔ خصوصاً خراب یا باسی خوراک سے پرہیز کریں۔ وہ دلو افراد جو آنے والے وقت کو مدنظر رکھے ہوئے ہیں انہیں اپنے مقاصد کے حصول یا کاموں کی تکمیل کے لیے صرف

free copy
khalidrathore.com

شمس الدین نہلجی، نیوز ایجنٹ، منڈی حاصل پور
طلسمات زہرہ 60 روپے

ذاتی کوشش پر انحصار نہیں کرنا چاہیے بلکہ دوسرے لوگوں کی مدد لینا زیادہ بہتر ثابت ہوگا۔

مالی معاملات کے حوالے سے یہ وقت ایک متوازن صورت حال کا اظہار کر رہا ہے۔ گو کہ بڑی بڑی کامیابیوں کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ تاہم پھر بھی بہتر مواقع دستیاب ہوں گے۔ ایسے لوگ جو اتفاقیہ آمدن یا چانس یا رسک والے ذرائع آمدن سے تعلق رکھتے ہیں ان کو اچانک صدمہ پہنچنے کا امکان بہر حال ہے۔ تاہم مجموعی طور پر ایک اچھا وقت ہونے کے باعث ان صدموں کا علاج بھی ممکن ہوگا۔

اگر آپ اس ماہ سیر و تفریح کرنا چاہ رہے ہیں یا گھر کی تزئین و آرائش کے لیے خریداری کرنے کے خواہش مند ہیں یا نئی گاڑی لینے کو دل چاہ رہا ہے تو کسی بھی صورت میں قرضے کے چکر میں نہ پڑیں۔ وقتی طور پر تو قرضہ لینا آپ کے لیے تکلیف دہ نہ ہوگا لیکن اس وقت اٹھایا گیا کوئی قدم اس سال کی آخری سہ ماہی میں پریشانی لائے گا۔

بھی جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں۔ وہ لوگ جو عاشقانہ مزاج کے حامل ہیں یا وہ جو عشق و محبت میں گرفتار ہیں اس ماہ جنس مخالف سے بہت زیادہ گرمجوشی کی توقع نہ رکھیں اور نہ ہی ایک دوسرے سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کریں۔ اس ماہ قریب آنے والے جنس مخالف کے افراد اور بطور شریک حیات فوری طور پر مت قبول کریں۔ موجودہ کوکبی پوزیشن کے تحت ازدواجی حوالے سے ایک اچھے ساتھی کی تلاش اس قدر آسان نہ ہوگی۔

ماہ رواں کی 19 تاریخ کو واقع ہونے والا شمسی گرہن آپ کے لیے قدرے دشوار حالات لے کر آرہا ہے۔ اس کے اثرات کے تحت آپ مالی معاملات کے حوالے سے کچھ ایسے فیصلے کرسکتے ہیں جو آپ کے بینک اکاؤنٹ کو خالی کرنے کا باعث بن جائیں۔ جاری کوکبی پوزیشنوں کے تحت آپ کے لیے لازم ہے کہ آپ اپنی گاڑی یا موٹر سائیکل وغیرہ کو تسلی سے چیک کروالیں کسی وقت اچانک پریشانی کا باعث ہوسکتی ہے۔ اسی طرح کمپیوٹر بمعہ فیکس مشین اور دوسرے آلات استعمال کرنے والے لوگ بھی اپنی مشینیں ایک دفعہ ضرور توجہ سے دیکھ لیں۔

free copy

# برج حوت



**21 فروری تا 20 مارچ** سیارہ۔۔ نیپچون/مشتری

حروف۔۔ د،چ پتھر۔۔ لاجورد، پکھراج دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ تیز سبز دھات۔۔ ایلومینیم عدد۔۔ 3

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

## حتمی بانڈ نمبر

## صرف اس ماہ کے لیے


| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 8-7-2 | 18-14-8-4 | 13-7-6-2 |

khalidrathore.com

Document Processing Solutions

برج حوت کے افراد کے لیے یہ ماہ کاروباری اور پیشہ ورانہ امور کے حوالے سے بہتر ثابت ہوگا۔ وہ حوت افراد جو میچ' ریس اور بانڈ وغیرہ میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کو اس ماہ مالی فوائد حاصل ہونے کے واضح امکانات ہیں۔ تاہم اتنا ہی روپیہ خرچ کریں جتنا آپ کی جیب آسانی سے اجازت دے۔

معاملات صحت کے حوالے سے اس ماہ قدرے محتاط رویہ اختیار کریں۔ آپ کا سینہ اور اوپر والا حصہ متاثر ہوسکتا ہے۔ موسمی تبدیلیوں سے بچیں اور ورزش کریں۔ ممکن ہے کہ حصول صحت کے لیے آپ کو روحانی مدد حاصل کرنے کی بھی ضرورت پڑے۔ وہ حوت افراد جو اپنے کاروبار میں تبدیلی چاہتے تھے اس ماہ اس تبدیلی کے واقع ہونے کے امکانات پیدا ہو رہے ہیں۔ تاہم اس معاملے میں



| 01-04-04 | 15-04-04 |
|---|---|
| Rs.15000 | Rs.750 |
| ۸۹۰ | ۴۹۱ |
| ۷۶۵۰ | ۳۵۴ |
| ۵۴۹ | ۱۳۷ |
| ۴۷۳ | ۵۷۹ |
| ۷۵۳ | ۳۴۹ |
| ۸۶۰ | ۸۶۴ |
| ۷۸۳ | ۵۹۷ |

☆ آپ کے برج کے مطابق اس ماہ کا خاص انعامی نمبر ماھانہ حالات کے تحت درج ہے۔ دیکھیں ماھانہ حالات میں لکی نمبر کا عنوان۔

☆ " کون سا کام کب کریں " کے نام سے دیئے گئے مضمون سے آپ بانڈ خریدنے کے لیے سعد تاریخ اور وقت دیکھ کر دیے گئے وقت پر بانڈ نمبر یا ریس وغیرہ کی ٹکٹ خریدیں۔



مجربات خالد 55 روپے

# 19 اپریل 2004 کا سورج گرہن

## نجوم کی رو سے

از: اعجاز حسین بٹ، راولپنڈی۔

انسانی زندگی میں مشاہدوں کی بڑی اہمیت ہے۔ جن کی بنیاد ہماری زندگی کے عام حالات اور اُن کے اثرات پر ہوتی ہے۔ ہم صبح سویرے فضائے آسمانی میں جھٹ پٹے کو دیکھتے ہیں تو کہہ اُٹھتے ہیں کہ اب دن نکلے گا اور ہر طرف روشنی ہی روشنی ہو جائے گی۔ ایسے ہی بہت سے فضائی نظارے ہماری زندگی میں آئے دن واقع ہوتے رہتے ہیں۔ صبح سویرے مشرق سے سورج کا طلوع ہونا۔ رات کو چاند کا دوسرے ستاروں کے ساتھ نظر آنا اس بات کی دلیل ہے کہ ان مظاہر قدرت میں قدرت کے بہت سے راز چھپے ہوئے ہیں۔ یہ نظارے جو ہماری سوچ اور فکر کو متاثر کرتے ہیں ان میں سورج اور چاند گرہن بھی شامل ہیں۔ جو سال میں کم از کم دو بارہ اور زیادہ سے زیادہ سات بار واقع ہو سکتے ہیں۔ یہ ہماری دلچسپی کا باعث بنتے ہیں۔ اس سال 2004 میں چار گرہن دو سورج اور دو چاند کے ہونگے۔ پہلا سورج گرہن 19 اپریل، دوسرا چاند گرہن 4 مئی، تیسرا سورج گرہن 14 اکتوبر اور چوتھا قمری گرہن 28 اکتوبر کو ہوگا۔

عوام کی دلچسپی کے لیے 19 اپریل کے سورج گرہن پر بات کرتے ہیں۔ یہ سورج گرہن جزوی ہوگا۔ افریقا کے جنوبی حصوں مڈغاسکر قطب جنوبی کے سمندری علاقوں، بحر ہند اور بحر اوقیانوس کے شمالی حصوں میں نظر آئے گا۔ اس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔ یہ گرہن 19 اپریل 2004 کو ہوگا۔ شام چار بج کر 30 منٹ پر شروع ہوگا اس کا عروج چھ بجکر 34 منٹ اور اختتام رات آٹھ بج کر 39 منٹ پر ہوگا۔ مدت گرہن چار گھنٹے 9 منٹ ہوگی۔

عوام گرہنوں کو بڑی دلچسپی سے دیکھتے ہیں جبکہ ہیئت دان اور نجومیوں کے نزدیک اس کی اہمیت کچھ اور ہی ہوتی ہے۔ عوام میں ایک خیال یہ بھی پایا جاتا ہے کہ جب کوئی بچہ جسمانی نقص یا خامی کے ساتھ پیدا ہوتا ہے تو وہ گرہن کا اثر ہوتا ہے۔ حالانکہ ایسی کوئی بات یا حقیقت نہیں ہوتی بلکہ والدین میں چھپے ہوئے امراض کے باعث بچے کے ساتھ ایسا ہوتا ہے۔ ہمیں گرہنوں کے اثرات سے انکار نہیں بلکہ ان کے اثرات کے ہم قائل ہیں۔ نجومی حضرات گرہنوں کے اثرات جاننے کے لیے آغاز ماہ اور عروج ماہ قمری کا زائچہ اپنے مقاصد کے لیے بناتے ہیں۔ (یعنی نئے اور پورے چاند کے وقت پر) نئے چاند سے قمری مہینہ شروع اور پورے چاند پر قمر کو عروج ہوتا ہے۔

19 اپریل کے سورج گرہن کا زائچہ پیش ہے۔




طالع میزان کا مالک سیارہ زہرہ اپنے گھر میں آٹھویں۔ دسویں گھر کا مالک سیارہ قمر ساتوں گھر میں حالت غروب۔ ساتویں گھر کا مالک مریخ آٹھویں گھر میں۔ راس پاکستان کے طالع درجوں کے قریب ہے۔ نیچون تربیع سے ساتویں گھر میں پاکستان کے طالع درجوں کو دیکھ رہا ہے۔ خیال رہے کہ دسویں گھر کا مالک قمر دسویں سے دسواں واقع ہوا ہے۔ جو زائچے کے دسویں گھر کے منسوبات کی غمازی کر رہا ہے۔ قمر حالت غروب میں ہے۔ مریخ مشتری میں تربیع ہے۔ مشتری اور یورینس میں مقابلہ۔ مشتری زائچے میں تیسرے اور چھٹے گھر کا مالک ہے۔ جو مشتری کی فطری سعادت کے لیے زیادہ مفید نہیں۔ دسویں اور گیارہویں گھروں کے مالک اتصال میں ہیں۔ دسویں گھر کا مالک سیارہ قمر ساتویں گھر میں غروب ہو کر طالع کو ساتویں نظر سے دیکھ رہا ہے۔ اس کا اثر طالع دسویں اور ساتویں گھروں پر ہوگا۔ اس بنا پر مذکورہ گھروں پر اثر ڈالے گا۔ نتیجے میں صاحبان اقتدار کی کرسیاں ہل بھی سکتی ہیں اور وہ پریشانیوں میں مبتلا بھی ہو سکتے ہیں۔

ہندی نجوم 110 روپے
رحمت بک اسٹال، اوکاڑہ منڈی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
file_2_[1-13]

ان اوضاع کے اثرات اگر چہ 19 اپریل سے قبل بھی ظاہر ہو سکتے ہیں۔لیکن خاص اثر کی توقع اپریل کے تیسرے ہفتے میں کی جا سکتی ہے۔گرہن شمس، قمر، راس اور عطارد پاکستان کے طالع کے درجوں کو متاثر کر رہے ہیں اور بھارت کے زائچے میں یہ وضع بارھویں گھر میں بنے گی۔اس لیے اندرونی حالات قابو سے باہر ہو سکتے ہیں۔ہمارے لیے بھی یہ کوئی اچھا وقت نہیں ہوگا کیونکہ یہ وضع ہمارے طالع میں بنے گی۔دونوں ملکوں کے مقتدر صاحبان کے لیے لمحہ فکر یہ ہو سکتا ہے کہ وہ کیونکر اس نحوست اور بُرے وقت سے بچ سکتے ہیں یہ صورت حال وسط اپریل میں کھل کر سامنے آسکتی ہے۔

بھارت مارچ، اپریل میں ان سیاروں کے زیر اثر آئے گا جب کہ ہمارے لیے بھی یہ عرصہ مفید ثابت نہیں ہو سکتا۔بڑے پیمانے پر وزارتی تغیر و تبدل نظر آتا ہے۔اس میں شک نہیں کہ پاکستان کا طالع درجہ بھی گرہنی اثرات کا شکار ہے۔صاحب طالع کا آٹھویں ہونا طالع سے منسوب قوم اور ملک کی بھلائی اور بہتری کی لیے مفید نہیں۔پاک بھارت میں گرہن کے وقت پر نئے چاند کا طالع درجوں کے مقابل آجانا اس لیے اچھا نہیں ہے کہ پہلا گھر ملکی حالات اور عوام کو ظاہر کرتا ہے اور عوام کی صحت وسلامتی کے لیے ہرگز اچھا نہیں۔صاحب طالع کا آٹھویں آجانا عوام، ملک، قوم اور حکومت میں بے چینی پیدا کر سکتا ہے۔برصغیر کی حکومتیں اگر اپنے اپنے ذاتی مفاد میں کام نہ کریں تو عوام کے غم وغصے سے بچ سکتے ہیں۔ملکی حالات میں خلل واقع ہو سکتا ہے۔طالع میں گرہن کا لگنا ہمارے لیے زیادہ مفید نہیں ہو سکتا۔اس کا اثر پارلیمانی اداروں میں بھی نمایاں ہوگا۔پارلیمنٹ متزلزل اور مکدر نظر آتے ہیں۔

اس گرہن کا اثر ستمبر، اکتوبر تک قائم رہے گا۔پارلیمانی عناصر کو ان خدشات کو پیش نظر رکھنا ہوگا تاکہ ان باتوں کی پیش بندی ہو سکے۔اس زائچے کے سیاروں کے اثرات حکمرانوں پر بھی پڑ سکتے ہیں۔حزب اختلاف اور اقتدار دونوں ہی متصادم ومتاثر نظر آتے ہیں۔پلوٹو کی دوسرے گھر میں موجودگی ملکی مالی حالات و اثرات کے لیے فائدہ مند نہیں۔اس پر مریخ کی آٹھویں نظر ملک میں توڑ پھوڑ کے مظاہروں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ملکی انتظامیہ کے لیے لازم ہے کہ متوقع فساد کے امکان کو ہی ختم کر دے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آسکے۔

تیسرے گھر کا مالک مشتری گیارہویں گھر سے تیسرے کو دیکھ رہا ہے۔اس میں اچھائی کا پہلو ضرور ہے لیکن ہمیں یہ نہ بھولنا چاہیے کہ مشتری چھٹے گھر کا بھی مالک ہے۔اس لیے اس سے ہم زیادہ اچھائیوں کی توقع نہیں کر سکتے۔اس پر زحل کی بھی پوری نظر پڑ رہی ہے۔تیسرا گھر ذرائع ابلاغ اور ہمسایوں سے تعلق رکھتا ہے۔ان سے متعلق امور پیدا ہو سکتے ہیں۔اخباری دنیا بھی متاثر ہو سکتی ہے۔مواصلاتی نظام پر ناگہانی خبر کا اثر پڑ سکتا ہے۔ان حالات میں کسی بھی سیاسی شوشے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کیوں کہ اس پر زحل کی نظر پڑ رہی ہے اور اسے مریخ کی نظر کامل بھی مخدوش کر رہی ہے۔اس کا اثر مواصلاتی نظام پر پڑے یہ حالات مواصلاتی حادثوں کو بھی ظاہر کرتے ہیں۔اس ضمن میں یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ تیسرے گھر پر مشتری کی کامل نظر ہے۔آٹھویں سے تیسری گھر پر مریخ کی پوری نظر پڑ رہی ہے۔جو مشتری کے سعد اثرات کو کم کرے۔صحافت کی بے راہ روی پر اگر حکومت نظر رکھے تو بہت سے مسئلے خود بخود حل ہو سکتے ہیں۔پرش مارگ PRASHAN MAARG کے مطابق تیسرا گھر فوجی قوت سے بھی تعلق رکھتا ہے۔تیسرے گھر پر مشتری کی نظر مواصلاتی اداروں کے لیے قدرے اچھی ثابت ہو سکتی ہے۔لیکن شرط یہ ہے کہ مشتری کی چھٹے گھر کی ملکیت اس کے اثرات کو محدود اور مسدود کر دے۔چھٹا گھر مشتری کے مقام سے آٹھواں واقع ہوا ہے۔اس لیے مشتری سے بھلائی کی توقع فضول ہو سکتی ہے۔

چوتھا گھر قومی زائچے میں ملک کے اندرونی معاملات، حالات سے تعلق رکھتا ہے۔کیچون کے چوتھے گھر میں آجانے سے ملک کے اندرونی معاملات پر برے اثرات پڑیں گے اور نتیجے میں تعلیمی ادارے سیاسی اکھاڑے بن سکتے ہیں۔

پانچواں گھر زرمبادلہ سے بھی تعلق رکھتا ہے۔سرکاری سرمایہ کاری، ملکی بچے وغیرہ اس گھر سے تعلق رکھتے ہیں جہاں یورنس مقیم ہے۔یہ گھر حکمران جماعت سے آٹھواں ہے۔اس لیے حکمرانوں کی صحت کے ساتھ ساتھ ان کی صحت کار پر بھی اثر ڈال سکتا ہے۔چھٹا گھر ایک نظریے کے مطابق مسلح افواج سے تعلق رکھتا ہے۔زائچے میں چھٹا گھر زحل کے اثرات ظاہر کر رہا ہے کہ زحل اس گھر کو اپنی خاص نظر سے دیکھ رہا ہے۔چھٹے سے بارھویں اور گیارہویں گھر کا مالک ہے۔اس لیے مسلح افواج کو سیاست سے زیادہ فوجی معاملات کو بھی دیکھنا پڑے گا۔اس گھر میں یورینس مقیم ہے جو کافی حد تک فوجی کاروائی کو ظاہر کرتا ہے۔فوج کو اپنا وقار اور ساکھ قائم رکھنے کے لیے محنت درکار ہوگی۔

ساتویں گھر میں گرہن لگ رہا ہے یہ گھر بیرونی ملکوں سے تعلقات کو ظاہر کرتا ہے۔اس ذیل میں حکومت کو نامناسب حالات سے دوچار ہونا پڑے۔پہلا گھر ساتویں سے ساتواں ہے اس لیے عوام میں عدم تحفظ حقوق ومال کا احساس بڑھ سکتا ہے۔

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ، ٹریفک چوک، ڈیرہ غازی خان
تسخیر موکلات وحاضرات 60روپے

آٹھویں گھر میں صاحب طالع ہمراہ مریخ موجود ہے۔ سائنس اور سائنس دانوں پر بے وجہ بحث جنم لے سکتی ہے۔ جو ملکی مفاد میں نہیں ہوگی۔ اس سلسلے کار پردازان حکومت کو چاہیے اپنے سیاسی مقصد کے لیے شوشے نہ چھوڑے بلکہ ملک وقوم کی خدمت کے جذبے سے کام کرے۔

نواں گھر سے زحل ذنب اور یورانس میں تکون بنی ہے۔ اس میں سیارے ایک دوسرے سے وابستہ ہیں اور بااثر واقع ہوئے ہیں۔ ایٹمی مسائل ملکی اور عالمی سطح پر نمودار ہوسکتے ہیں جو ملک وقوم کے لیے مفید نہیں ہوں گے۔ ملکی اور غیر ملکی مفاد پرست عناصر اس بات سے پورا پورا فائدہ اُٹھا کر ملکی ساکھ سے کھیلیں گے جس کا نتیجہ ظاہر ہے۔ سرکاری اور غیر سرکاری طبقے اس بات سے فائدہ اُٹھانے کی پوری پوری کوشش کریں گے اس لیے ہمارا حکومت کو یہ مشورہ ہے کہ متعلقہ ملکی طبقوں کو ملک کی خاطر خاموش رکھنا مفید ہے۔

دسواں گھر۔ اس زائچے میں برج سرطان دسویں گھر میں قابض ہے جس کا مالک سیارہ قمر حالت احتراق میں ساتویں گھر میں ہے۔ دسواں گھر حکمرانوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اس میں فوجی یا سول کی کوئی تخصیص نہیں۔ قمر دسویں گھر سے دسویں واقع ہوا ہے۔ اس لیے دسویں گھر کے منسوبات کو اُجاگر کرسکتا ہے۔ دسواں گھر حکومت اور حکمرانوں دونوں کو ظاہر کرتا ہے۔ قمر کا ساتویں گھر میں غروب ہونا ساتواں گھر دسویں سے دسواں ہے۔ اس لیے اس کا اثر اقتدار اور مقتدر پر پڑسکتا ہے۔ جو زیادہ مفید نہیں ہوگا۔ سرکاری ملازمین کا عرصہ ملازمت متاثر ہوسکتا ہے۔ مدت ملازمت میں کمی کا قوی امکان موجود ہے۔ جس کا اثر سرکاری ملازمین پر پڑ سکتا ہے اور اس کے باعث بے چینی پیدا ہوسکتی ہے۔

مشتری گیارہویں گھر میں ہے اس کا پالیسٹ پر اچھا اثر پڑسکتا ہے۔ نئے نئے قومی منصوبے بنائے جانے کا امکان موجود ہے۔

بارہویں گھر کا مالک سیارہ عطارد ساتویں گھر میں آگیا ہے۔ یہ گھر بارہویں سے آٹھواں ہے ساتواں گھر طالع کی مخالفت کر رہا ہے۔ اس لیے بارہویں کے مالک کا ساتویں ہونا ہرگز اچھا نہیں۔ اس کا اثر عوام میں باغیانہ خیالات کا غلبہ ہے۔ جس کے باعث سازشیں ہوسکتی ہیں۔ ملک سے باہر سیاست دانوں کی واپسی کا امکان اس زائچے میں پایا گیا ہے۔ اُن کا سیاسی دباؤ کے باعث ملک میں واپس آنا بعید از قیاس نہیں۔ اس سے پہلے بھی بتا چکے ہیں کہ سورج گرہن کا اثر چھ ماہ قبل گرہن شروع ہوتا ہے اور چھ ماہ بعد گرہن تک قائم رہتا ہے۔ متوقع حالات کے لیے یہ عرصہ نشان دہی کرتا ہے۔ ہمارے خیال میں دینی برداشت، بھائی چارہ، رواداری اور مصالحت اُسی وقت اور صورت میں ہوسکتی ہے۔ جب ان دینوں اور فرقوں کے ماننے والے باہمی اعتماد اتحاد اور امن سکون کی ضرورت کو محسوس کریں۔ دینی اور فرقہ وارانہ مخاصمت اور منافرت کوئی اچھی بات نہیں۔ اپنے اپنے دین اور فرقے کی پاسداری ہر فرقہ دار کا حق ہے اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جائز دینی حق کو چھوڑ دیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم دوسروں کے جذبات کا احترام اور پاس کریں اور لحاظ رکھیں۔ ایسا نہ کرنا عصبیت کا جواز بنتا ہے۔ عصبیت انسانی جذبوں کی دشمن ہے۔

حالیہ اطلاعات اور حالات کے مطابق پاک بھارت دونوں نے باہمی بھائی چارے، خیر سگالی اور رواداری، رابطوں کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے اس بارے میں کچھ قدم اٹھاتے ہیں جو یقیناً قابل تعریف ہیں ہم ان کا دل سے احترام کرتے ہیں۔ دونوں ہمسایہ ملکوں نے باہمی خوشگوار حالات اور تعلقات کی ضرورت کو محسوس کرلیا ہے دیکھنا یہ ہوگا کہ ایسے مصالحانہ حالات کیونکر اثر انداز ہوسکتے ہیں۔ نجوم کی روشنی میں کہنا غلط نہ ہوگا کہ پاک بھارت باہمی تعلقات اچھی بات ضرور ہیں۔ دونوں پنجابیوں کی سیاست ان حالات کی بحالی میں حائل ہوسکتی ہے۔ اس سے ہمیں گریز کرنا واجب ہے تاکہ دونوں پنجاب میں 1947 کے پیدا شدہ حالات میں سکون واطمینان قائم ہوسکے۔ رواداری اچھی اور مطلوبہ بات ہے۔

ختم شد۔


## تسخیر موکلات وحاضرات

تسخیر موکلات وحاضرات کا موضوع علوم مخفی کے ہر شائق کے لیے کسی نہ کسی طرح کی دلچسپی لیے ہوئے ہے۔ تاہم تسخیر موکلات و حاضرات میں قدم رکھنے سے پہلے اس منزل کو سر کرنے کے لیے کسی راہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اس علم کے طالبان کو نہیں ملتی۔ یہ کتاب جہاں قاری کی درست رہنمائی کا باعث ہوگی وہاں یہ خالد اسحاق راٹھور کے تسخیر موکلات، حاضرات، جنات وغیرہ کے موضوع پر مستند اعمال لیے ہوئے ہے۔ اس موضوع پر کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے آپ اس کتاب سے حقیقی راہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔

قیمت-/65 روپے۔




free copy khalidrathore.com
file_2_[1-13]

# پرائز بانڈ کا کرنٹ فارمولا

از: عبدالرحمٰن چوہدری، بہاولپور۔

اسلام وعلیکم دوستو۔ آپ کی خدمت میں ایک روٹین پیش کر رہا ہوں۔ جس کی مدد سے آپ کو فضول آکڑے نہ کھیلنے میں مدد ملے گی۔ اس روٹین کی مدد سے ہمیں دو ہندسے ایسے مل جاتے ہیں جن کو ہم اوپن نہ کھیل کر 20 آکڑے کھیلنے سے بچ سکتے ہیں۔ چاہیں تو ان ہی دو ہندسوں کو فسٹ کا کلوز بھی نہ کھیل کر رقم بچا سکتے ہیں۔ ان ہی دو ہندسوں کو فسٹ پیکٹ کا تیسرا ہندسہ یعنی سینٹر کا ہندسہ بھی مت بنائیں۔

تینوں طریقہ جات سے آپ کو مدد ملے گی اب آپ دوستوں کی مرضی ہے کہ کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ میری اس روٹین کے لیے آپ کو آخری فسٹ آکڑے میں 9 کا ہندسہ جمع کرنا ہے یوں آپ کو دو ہندسے مل جایا کریں گے۔ کبھی کبھار 3 ہندسے بھی مل جاتے ہیں۔ روٹین کی کامیابی 20 سے 21 ڈرا ہر سال ہے۔

مثال نمبر 1۔

2003 کی یکم دسمبر کی ڈرا میں فسٹ پیکٹ 552 آیا تھا۔

فسٹ آکڑہ لکھیں 55

روٹین کے مطابق آکڑے میں 9 کا ہندسہ جمع کریں 64=9+55

بند ہندسے ملے 6-4

اگلی ڈرا میں فسٹ پیکٹ آیا 932۔

ہمارے دونوں ہندسے فسٹ پیکٹ میں اوپن کلوز اور سینٹر کا ہندسہ نہیں بنا۔

مثال نمبر 2۔

2004 کی پہلی ڈرا میں فسٹ پیکٹ 312 آیا۔

فسٹ آکڑہ لکھیں 31

روٹین کے مطابق آکڑے میں 9 کا ہندسہ جمع کریں۔

40=9+31

بند ہندسے ملے 4-0

اگلی ڈرا فسٹ پیکٹ آیا۔ 647

دونوں ہندسے فسٹ پیکٹ کا اوپن اور سینٹر کا ہندسہ نہیں بنے۔ جبکہ 4 کا ہندسہ کلوز میں آ گیا ہے۔

مثال نمبر 3۔

2004 کی دوسری ڈرا میں فسٹ پیکٹ 647 آیا۔

فسٹ آکڑہ لکھیں 64

روٹین کے مطابق 9 کا ہندسہ آکڑے میں جمع کریں

73=9+64

بند ہندسے ملے 7-3

اگلی ڈرا میں فسٹ پیکٹ آیا 863

دونوں ہندسے فسٹ پیکٹ کا اوپن اور کلوز کا ہندسہ نہیں بنے جبکہ 3 کا ہندسہ سینٹر میں ضرور آیا۔

مثال نمبر 4۔

2004 کی تیسری ڈرا میں فسٹ پیکٹ 863 آیا۔

فسٹ آکڑہ لکھیں 86

روٹین کے مطابق 9 کا ہندسہ آکڑے میں جمع کریں 95=9+86

بند ہندسے ملے 9-5

اگلی ڈرا میں فسٹ پیکٹ آیا 868

دونوں ہندسے فسٹ پیکٹ کا اوپن، کلوز یا سینٹر کا ہندسہ نہیں بنے۔

☆☆☆☆☆

طاہر بک سٹال، بہاولپور
پرانے پرچے 350 روپے فی سال



free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

# کشائشِ رزق وعلوی مرتبت

ازقلم: عطاحسین مری بلوچ، سندھ۔

محترم قارئین راہنمائے عملیات، آپ کی خدمت میں اپنا آزمایا عمل لے کر حاضر خدمت ہوں۔ انشاء اللہ فیض اُٹھا کر محترم کاش البرنی اور میرے حق میں دعا کریں۔

میں بہت شکر گزار ہوں جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کا جو کہ راہنمائے عملیات کا پرچہ ہر ماہ باقاعدہ نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتے ہیں۔ میں شائقین راہنمائے عملیات سے عرض کرتا ہوں کہ اس پرچے کو خود بھی اپنائیں اور دوسروں کو بھی فیض یاب کریں۔

## ترتیب عمل:

نوچندی اتوار کو علی الصبح ساعت شمس میں باوضو پاکیزہ لباس خوشبو شمس لگائیں اور بخور شمس روشن کریں۔ پھر اپنے نام کے عدد لیں اور اسم مطلوب یعنی ترقی رزق، کشائش رزق یا ترقی درجات وغیرہ لیں۔ عدد جملہ کبیرہ سے استخراج کریں پھر آیت کریمہ واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب سورۃ البقرہ آیت نمبر 212 کے عدد 2074 جمع کریں۔ اس مجموعہ کل کو ایک مربع نقش میں موافق چال سے پُر کریں۔ اب اپنے نام کے حروف اور مطلوب کے حروف جدا جدا کر کے لکھیں۔ پھر آیت کریمہ کے حروف جدا جدا کر کے لکھیں۔ اور آپس میں امتزاج دیں یعنی پہلا حرف آیت مبارک کا دوسرا حرف اپنے نام کا لے کر لکھتے جائیں۔

جب تمام حروف آپس میں مخلوط ہو جائیں تو کلمات حرف بنا کر مربع نقش کے اردگرد لکھ دیں۔ پھر نقش کے اوپر کیمول اور نیچے علیقول لکھ دیں اور تعویذ بنا کر پاس رکھیں۔ انشاء اللہ جزاءِ عظیم حاصل ہوگا اور ایسے اسباب رزق پیدا ہوں گے کہ اللہ کا فضل ہو جائے گا۔ تجارتی پیشہ اور ملازمت پیشہ لوگوں کو اس عمل سے فیض اُٹھانا چاہیے۔

مثال عمل کی یہ ہے:-

| | |
|---|---|
| اسم=طاہر حسین=عدد | 343 |
| مطلوب=رزق=عدد | 307 |
| آیت مبارکہ (اُوپر والی) | 2074 |
| میزان= | 2734 |
| اعداد اُصول طرح مربع= | 30 |
| حاصل مجموعہ= | 2694 |

اُصول نقش مربع سے 673 حاصل ہوئے اور کسر 2 حاصل ہوئی اب امتزاج کیا۔

طالب مطلوب: ط اہ رح س ی ن رزق

آیت مبارکہ: و ا ل ل ہ ی رزق م ن ی ش اا ب غ ی ر ح س اب

اب دونوں سطروں کو امتزاج دیا پہلے آیت مبارکہ کا حرف لیا بعد طالب کا حرف لیا۔ ان دونوں کو امتزاج دیا تو یوں بنا۔

و ط ل ال ہ ا ر ہ ح ی س ر ی ز ن ق ر م ز ن ق ی ش اا ب غ ی ر ہ س اب۔

نقش ترتیب مربع اصول کے تحت امتزاج حروف سے چار چار حروف جملہ بنا کر نقش کے عدد گرد لکھیں۔ اس کا نقش یعنی طاہر حسین کا یوں بنا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وطلا　یاکیمول　ہمیس

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٧٧ | ٦٧٦ | ٦٨٨ | ٦٨٣ |
| ٦٨٩ | ٦٨٢ | ٦٧٨ | ٦٧٥ |
| ٦٧٤ | ٦٧٩ | ٦٨٥ | ٦٨٦ |
| ٦٨٤ | ٦٨٧ | ٦٧٣ | ٦٨٠ |

طاہر حسین کا رزق فراخ ہو

یا علیقول

ختم شد۔

اصلی پتھر سستی قیمت پر دستیاب ہیں۔
نیو حافظ بک سٹال، بلاک نمبر ا، سرگودھا

# نقوش و عملیات

**مکمل اعتماد اور یقین کے ساتھ رجوع کریں**

| | |
|---|---|
| لوح دست غیب | مالی آسودگی' ادائیگی قرض' کاروبار میں برکت' نوکری میں ترقی......تانبے پر۷۰۰روپے۔چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| لوح آیت الکرسی | بچے اور زچہ کی حفاظت' برائے تحفظ سحر جادو' گھر و افراد خانہ کی حفاظت۔تانبے پر ۲۱۰۰روپے |
| زچگی' امراض خواتین | بچوں کی پیدائش کے مسائل و امراض یا اس سلسلے میں سحری و روحانی' خصوصی نسوانی امراض کے حل کے لیے مجرب......تانبہ پر ۷۰۰روپے' چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| لوح خوش قسمتی | خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔ ہدیہ چاندی پر ۱۷۰۰روپے |
| طلسم تسخیر و حاجت | یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کیا جاتا ہے۔آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب کے لیے۔ہدیہ چاندی پر ۳۶۰۰روپے |
| لوح اسم اعظم | ہر فرد کے مقصد اور نام کی مناسبت سے خاص اسم الٰہی استخراج کر کے ذہنی' روحانی' مالی' مادی ہر قسم کے مسائل کے حل کے لئے لوح اسم اعظم تیار کی جاتی ہے۔چاندی پر ۳۱۰۰روپے |
| طلسم صحت | لوح تیار کرتے ہوئے خاص کوکبی اوقات اور ستاروں کی خاص پوزیشن کو مدنظر رکھا جائے اور ان کی مزید طاقت اور شفا بخشی عطا کرنے کے لئے روحانی عمل کیا جائے تو وہ فرد کو بیماری سے نجات اور صحت دلانے کی غیر معمولی برقی و مقناطیسی طاقت کی حامل ہوتی ہے۔......چاندی پر ۲۱۰۰روپے |
| لوح تحفظ (لاکٹ) | دشمن سے حفاظت' صحت' سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ' تحفظ اور قوت جسمانی......تانبہ پر ۷۰۰روپے' چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| لوح مریخ | مقابلے میں کامیابی' مردانہ طاقت' صحت' جسمانی بہتری...... تانبہ پر ۷۰۰روپے |
| لوح شمس | عزت وقار' شہرت' کامیابی' عروج' حصول عہدہ' اعلیٰ پوزیشن' نوکری میں ترقی' اولاد نرینہ......تانبہ پر ۷۰۰روپے' چاندی پر ۱۱۰۰روپے |

| | |
|---|---|
| لوح زحل | زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ہدیہ ۲۱۰۰روپے |
| لوح زہرہ | عوام و خواتین میں مقبولیت' تسخیر محبوب' رجوع خلقت' شادی' حسن' خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے......تانبہ پر ۷۰۰روپے' چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| لوح عطارد | برائے علم و عقل اور حافظے میں اضافہ' رزق' کاروبار اور تجارت میں ترقی' فصاحت و بلاغت' دماغی امراض سے بچاؤ' امتحان میں کامیابی......چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| لوح مشتری | دولت' استحکام' خوش حالی' تجارت میں اضافہ' ترقی' حصول جائیداد' انعامی بانڈ' لاٹری' خاتمہ غربت......کاغذ پر ۷۰۰روپے' چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| طلسم مشتری (سکہ) | شرف مشتری کے وقت یہ سکہ بنایا گیا۔اس کو آپ تجوری یا روپے رکھنے کی جگہ پر رکھ دیں......چاندی پر ۵۰۰روپے |
| لوح قمر | شرف قمر اور اوج قمر کے وقت ہر ماہ یہ لوح تیار کی جاتی ہے۔کسی بھی مقصد کے لیے تیار کی جاسکتی ہے۔چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| خاتم سلیمان | ۱۴۴ امور جن کا ذکر ہماری کتاب طلسمات زہرہ میں کیا گیا ہے کے لیے مجرب......تانبہ پر ۷۰۰روپے' چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| لوح استخارہ | کسی بھی کام یا بانڈ نمبر وغیرہ کے لیے استخارہ کرنے کے لیے مفید لوح......چاندی پر ۱۱۰۰روپے' کاغذ پر ۲۰۰روپے |
| طلسمی انگوٹھی | ہر کوکب کی ایک خاص طلسمی شکل ہے۔اس ہی شکل کے تحت ہر کوکب کی انگوٹھی الگ الگ بنائی گئی ہے۔چاندی پر ۱۱۰۰روپے |
| انگوٹھی عدد 9 | عدد 9 کی انگوٹھی اپنی متفرق فوائد کی وجہ سے بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے۔چاندی پر ہدیہ: ۴۵۰روپے (ڈاک خرچ ۵۰روپے) |
| انگوٹھی | مختلف مقاصد کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردسحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے ہدیہ: ۴۵۰روپے (ڈاک خرچ ۵۰روپے) |
| انگوٹھی مریخ | صحت' توانائی' جسمانی' حیوانی' جنسی قوت اور ردسحر کے لیے......تانبے پر ہدیہ: ۴۵۰روپے (ڈاک خرچ ۵۰روپے) |

**ہدیہ بذریعہ منی آرڈر بنام خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات' 2/11 محمد نگر گڑھی شاہو لاہور ارسال کریں۔**

# کیا آپ کامیاب زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں؟

## اگر ایسا ہے تو پھر آپ آج ہی ہماری مخلصانہ نجومی راہنمائی سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے؟

زندگی کے مختلف امور میں راہنمائی کے لیے آپ ادارے سے زندگی کے اٹھارہ (18) امور پر اردو نجومی کمپیوٹر رپورٹ حاصل کریں۔ اس رپورٹ میں درج ذیل امور بیان کیے جائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ مزاج و کردار | ۲۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات | ۳۔ محبت اور رومانس | ۴۔ مشاغل | ۵۔ صحت | ۶۔ مالی حالت |
| ۷۔ طریق زندگی | ۸۔ کیریئر | ۹۔ روزگار | ۱۰۔ موزوں پتھر | ۱۱۔ موزوں دھات | ۱۲۔ موزوں دن |
| ۱۳۔ موزوں رنگ | ۱۴۔ آپ کا برج | ۱۵۔ آپ کا ستارہ | ۱۶۔ اسم الٰہی برائے ذکر | ۱۷۔ آپ کا عدد | ۱۸۔ زائچہ پیدائش |

free copy

فیس-/700 ...... زائچہ بنوانے کے لیے نام تاریخ پیدائش وقت پیدائش اور مقام پیدائش ارسال کریں ...... فیس بنام خالد اسحاق راٹھور مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر لاہور کے پتے پر ارسال کریں۔

نوٹ: آپ مکمل اعتماد اور یقین سے یہ رپورٹ حاصل کر سکتے ہیں اس میں مندرجہ بالا تمام امور لازمی طور پر بیان کیے جائیں گے۔ نہ ان سے ایک کم نہ ایک زیادہ۔ یہ ہمارا وعدہ ہے۔

**150 روپے کی زبردست بچت**

باذوق قارئین کی لیے

khalidrathore.com

# راہنمائے عملیات کی سالانہ خریداری پر زبردست رعایت

Document Processing Solutions

اسی قیمت میں سالانہ خالد روحانی جنتری بھی

| | شماروں کی قیمت | | سالانہ جنتری | | ڈاک خرچ | | کل رقم | بچت | زرسالانہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بک پوسٹ | 330 | + | 80 | + | 100 | = | 510 | 150 | 360 |
| رجسٹر ڈاک | 330 | + | 80 | + | 300 | = | 710 | 150 | 560 |

☆ رقم (زرسالانہ) بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ زرسالانہ کی وصولی پر آپ کو سالانہ خریداری نمبر اور پرچہ جاری کیا جائے گا۔ اور یوں آپ گھر بیٹھے ہر ماہ راہنمائے عملیات حاصل کر سکیں گے۔

زرسالانہ بذریعہ منی آرڈر بنام خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات 2/11 محمد نگر گڑھی شاہو لاہور ارسال کریں

قائم شدہ ۱۹۹۱

# خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز

## کورسز برائے عملیات‘ اعداد‘ نجوم‘ پامسٹری‘ جفر‘ ساعات

خالد اسحاق راٹھور‘ پرنسپل خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز‘ لاہور نے اپنے سالہا سال کے تجربے اور تحقیق کی روشنی میں علوم مخفی پر درج کورس تیار کیے جو ایک طویل عرصے تک ادارے میں پڑھائے جا رہے ہیں۔ آپ خصوصی کورس کے تحت تمام کورسز اکٹھے سیکھ سکتے ہیں۔ اور اگر آپ کسی ایک کورس میں داخلہ لینا چاہیں تو انفرادی کورس کے تحت کسی بھی ایک کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں مزید تفصیل ذیل میں درج ہے۔

دوران کورس خصوصی لیکچر اور کلاس کا بھی اہتمام ہے۔ طلباء کی دوران کورس اور بعد از کورس مکمل راہنمائی کی جاتی ہے۔

### انفرادی/خصوصی کورسز کی فیس اور دورانیہ

ذیل میں کورسز کی نوعیت‘ کل مدت‘ تفصیل اور فیس تحریر ہے۔ آج ہی اپنی پسند کے کسی بھی ایک کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| کورس نجوم | داخلہ فیس 4000 روپے۔ ماہانہ فیس 500 روپے۔ کل مدت کورس 6 ماہ |
| کورس پامسٹری | داخلہ فیس 3500 روپے۔ ماہانہ فیس 500 روپے۔ کل مدت کورس 5 ماہ |
| کورس اعداد | داخلہ فیس 3500 روپے۔ ماہانہ فیس 500 روپے۔ کل مدت کورس 4 ماہ |
| کورس ساعات | داخلہ فیس 3500 روپے۔ ماہانہ فیس 500 روپے۔ کل مدت کورس 3 ماہ |
| کورس عملیات | داخلہ فیس 3500 روپے۔ ماہانہ فیس 500 روپے۔ کل مدت کورس 4 ماہ |
| کورس جفر | داخلہ فیس 4000 روپے۔ ماہانہ فیس 500 روپے۔ کل مدت کورس 2 ماہ |
| خصوصی کورس (دو سالہ) | داخلہ فیس 3500 روپے۔ ماہانہ فیس 500 روپے۔ کل مدت کورس 24 ماہ<br>اس میں مندرجہ بالا تمام کورس یعنی نجوم‘ پامسٹری‘ اعداد‘ ساعات‘ عملیات‘ جفر شامل ہوں گے۔ |
| خصوصی کورس (ایک سالہ) | داخلہ فیس 3000 روپے۔ ماہانہ فیس 1000 روپے۔ کل مدت کورس 12 ماہ<br>اس میں مندرجہ بالا تمام کورس یعنی نجوم‘ پامسٹری‘ اعداد‘ ساعات‘ عملیات‘ جفر شامل ہوں گے۔ |

### ایڈوانس کورسز

| | |
|---|---|
| علم سہام | تفصیلات آئندہ ماہ کے راہنمائے عملیات میں دیکھیں۔ |
| جفر جامع | تفصیلات آئندہ ماہ کے راہنمائے عملیات میں دیکھیں۔ |

### بذریعہ ڈاک کورسز کی تعلیم دو طریقوں سے دی جاتی ہے

**اول:**
خصوصی کورس... اس طریقہ میں تمام کورسز اکٹھے پڑھائے جاتے ہیں۔

**دوم:**
انفرادی کورس ... اس طریقہ کے تحت ہر کورس الگ الگ پڑھایا جاتا ہے۔

انشاء اللہ جلد ہی کچھ نئے ایڈونس کورسز کا اجراء بھی کیا جا رہا ہے۔ مزید معلومات کے لیے تفصیلی پفلٹ جوابی لفافہ ارسال کر کے طلب کریں۔

آپ پاکستان یا دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں‘ ان کورسز کو کامیابی سے کر سکتے ہیں۔ ان کورسز کو کرنے کے لیے انسٹی ٹیوٹ میں حاضری ضروری نہیں۔ آپ یہ کورسز ہماری راہنمائی اور نگرانی میں بذریعہ ڈاک گھر بیٹھے کر سکتے ہیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# زائچہ جات / حالات زندگی

**زائچہ پیدائش**...... یہ زائچہ خالد روحانی جنتری یا راہنمائے عملیات کا کوپن ارسال کر کے مفت بنوایا جاسکتا ہے۔ [یونانی حساب]

**حالات زندگی**...... زندگی کے 18 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ کمپیوٹر سے اردو میں تیار کی جاتی ہے۔ اس میں یہ 18 امور زیر بحث آئیں گے۔ مزاج و کردار' زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات' محبت اور رومانس' مشاغل' صحت' مالی حالت' طریق زندگی' کیریئر' روزگار' موزوں پتھر' موزوں دھات' موزوں دن' موزوں رنگ' آپ کا برج' آپ کا ستارہ' آپ کا عدد' اسم الٰہی برائے ذکر' زائچہ پیدائش۔ فیس-/700 [یہ زائچہ آپ پسند کے مطابق یونانی یا ہندی حساب سے بنوا سکتے ہیں]

**حالات زندگی**...... اس میں زندگی کے 9 امور زیر بحث آئیں گے۔ مزاج و کردار۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات۔ محبت اور رومانس۔ مشاغل۔ صحت۔ مالی حالت۔ طریق زندگی۔ کیریئر۔ روزگار۔ یہ رپورٹ انگلش میں کمپیوٹر سے تیار ہوگی۔ فیس-/350 [یہ زائچہ آپ پسند کے مطابق یونانی یا ہندی حساب سے بنوا سکتے ہیں]

**عددی رپورٹ**...... یہ عددی زائچہ / رپورٹ تقریباً 10 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں یہ امور زیر بحث آئیں گے۔ نام کا نمبر' عمومی خصوصیات' مزاج' کردار' روزگار وغیرہ' خوش قسمت پیشے' خوش قسمت رنگ' خوش قسمت پتھر' خوش قسمت دن' خوش قسمت تاریخیں' اہم سال' تاریخ پیدائش کا مفرد عدد اور اس کی خصوصیات' تاریخ / دن پیدائش کے عدد کے اثرات' نام کا مفرد عدد اور اس کے اثرات' دولت کا عدد اور اس کے اثرات' نام اور تاریخ پیدائش کا مرکب عدد اور اس کی خصوصیات' نام کا پہلا حرف اور اس کے اثرات' نام کے کل حروف کی تعداد اور اس کی خصوصی اثرات' ذات کا عدد اور اس کے اجتماعی اثرات۔ یہ رپورٹ انگلش میں کمپیوٹر سے تیار کردہ ہے۔ فیس-/450

**وقتی زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)**...... زائچہ شادی / زائچہ کاروبار / زائچہ اولاد / زائچہ صحت / زائچہ سحر وغیرہ...... مستقبل کے حوالے سے کسی خاص معاملے یا امر کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے لیے زائچہ سوال بنایا جاتا ہے۔ اس معاملے سے متعلق تمام سوالوں کے جواب اس زائچے سے دیئے جائیں گے۔ فیس-/1000 [یونانی حساب]

**خوش قسمتی کا پتھر**...... خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ حصول صحت، رد سحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب۔ فیس-/200 [یونانی حساب]

**بچے کا نام**...... علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ فیس-/200 [یونانی حساب]

**سالانہ زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)**...... کسی بھی سال کے حالات جاننے کے لیے آپ سالانہ زائچہ بنوا سکتے ہیں۔ ہر ماہ کے حالات الگ الگ تحریر ہوں گے۔ فیس-/1500 [یونانی حساب]

**بائیو ردم رپورٹ**...... بائیو ردم ایک جدید تحقیق ہے۔ اس کے مطابق بوقت پیدائش سے انسان جسمانی' ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔ کون سا حیاتیاتی دور کون سے کاموں' امور اور زندگی کی پہلوؤں سے تعلق رکھتا ہے اس بارے میں تفصیل اور طریقہ کار آپ کو روزانہ بائیو ردم رپورٹ کے ساتھ ملے گا۔ فیس-/350۔ برائے ایک سال [جاپانی حساب]

**70 سالہ دشا**...... رپورٹ میں صرف دور اکبر' دور اصغر اور دور صغیر۔ فیس-/550 روپے [یونانی یا ہندی حساب]

**70 سالہ دشا**...... رپورٹ دور اکبر' دور اصغر' دور صغیر اور صغیر الاصغر۔ فیس-/1550 روپے [یونانی یا ہندی حساب]


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## برکات الحفیظ

### حفاظت کرنے والا، نگہبان۔

اللہ الحفیظ وہ ذات مقدس ہے جو تمام عالمین تمام پیدا کردہ اشیاء کی حفاظت کرتا ہے۔ تمام اشیاء کو زوال وتباہی و بربادی سے محفوظ رکھنے والا اللہ رب العزت یہ اس کی صفت ہے اور یہ اللہ کا صفاتی اسم مبارک ہے۔

الحفیظ کے معنی یہ بھی ہیں کہ نگاہ میں رکھنے والا، اپنی تمام مخلوقات کو آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رکھنے والا۔ اس لیے اللہ کو حفیظ کہتے ہیں اور وہی سب سے بڑا حفیظ ہے۔




حضرت شیخ ابو العباس بونی " اپنی تصنیف لطیف میں یوں لکھتے ہیں کہ حفیظ وہ ذات صاحب اقتدار ہے جس نے مختلف اشیاء کو اپنی حفاظت حفظ و امان میں ایک دوسرے سے محفوظ رکھا ہے۔ جیسے "پانی اور آگ کو" "رطوبت اور خشکی کو" "حرارت اور برودت کو" یہ سب ایک دوسرے کی ضد ہے۔ آسمانوں اور زمینوں کا حافظ وحفیظ اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

ہر مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اپنی ہر سانس کی حفاظت کرے اور جو شخص مراقبے میں اپنے اوقات کی حفاظت کرتا ہے تو اللہ ظاہر و باطن کے وسوسوں سے اسے محفوظ رکھتا ہے۔ اور اس کی حفاظت بھی کرتا ہے۔ خلوت میں ذکرِ اللہ سے خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔ صالحین کا قول ہے کہ ہر لمحہ اللہ سے حفظ طلب کرو۔ تا کہ آفات سے محفوظ رہے۔

جس طرح ایک غلہ بان، مویشی چرانے والا اپنے ریوڑ کی ہر طریق سے نگہبانی کرتا ہے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ بھی تمام عالمین اور مخلوقات کا نگہبان حافظ وحفیظ ہے اور اس میں شک کرنا کفر ہے۔

حضرت شیخ محمد غوث گوالیاری" جواہر خمسہ کامل میں یوں لکھتے ہیں کہ یہ اسم حفظ و امان کے لیے ہے اس کی فطرت جمالی ہے اور عنصر خاکی۔ اعداد 998 ہیں۔ اس اسم پاک کو عددی لحاظ سے پڑھنا احسن ہے۔ جو بھی یہ اسم پاک کو زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھے ڈر، خوف، غرق دریا، آگ سے جلنے، نظر بد، آسیب، جنات، جادو، سحر وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ حفظ دشمنان کے لیے بھی اکسیر ہے۔

اس کے اعداد ملفوظی (1002) ہیں۔ اعداد ملفوظی سے ذکر کرنا ایک خاص بھید ہے جو سریع الاثر طریق ہے۔ حروف ملفوظی یہ ہیں مثلاً "ا" کو الف یعنی مکمل حروف میں لکھنا۔ ج اس طرح لکھا جاتا ہے جیم۔ "د" کو اس طرح سمجھیں دال وغیرہ وغیرہ۔ اعداد بھی پھر مکمل ملفوظی کے لینے ہوتے ہیں۔ لہذا الحفیظ اسم پاک کا ستارہ زحل اور برج جدی ہے۔ علم ہندسہ میں زحل کا نمبر 8 اور الحفیظ مفرد بھی 8 ہے لہذا ضروری ہے کہ یہ نحس اثرات زحل ختم کریں۔ لہذا ساڑھ ستی اور نحس اثرات زحل اس اسم پاک سے انشاء اللہ تعالیٰ عظیم الحفیظ ختم ہوں گے کتنا آسان طریقہ ہے۔ نہ کسی رجعت کا خطرہ اور نہ کسی لمبے چوڑے قصہ کی ضرورت۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کریں اور ورد شروع کریں انشاء اللہ تعالیٰ نحس اثرات ختم ہونگے۔ اثر نہ ہونے کی صورت میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔ ورنہ ایسی کوئی صورت نہیں ہے کہ یہ مذکورہ بالا فائدے نہ دیں۔ جہاں تک ہوسکے مخلوق اللہ کے کام آئیں۔ اس سے اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوتا ہے۔ اور جس سے اللہ راضی ہو جائے سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اس کا کام نہ ہو۔ یقین ایک بڑی چیز ہے جس کا اللہ پر پورا یقین ہو حقوق اللہ اور حقوق العباد کا خیال رکھے۔ 100 فیصد یہ وظیفہ کام دے گا۔ انشاء اللہ الحفیظ۔

الحفیظ ستارہ زحل برج جدی رنگ نیوی بلیو اور سلیٹی ہے۔ عامل لوگ تعویذات کرتے وقت ان باتوں کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ جب تک پوری شرائط پوری نہ کی جائے عمل ناقص ہوتا ہے۔ اگر کوئی الحفیظ کا تعویذ کرے تو نیوی بلیو کاغذ لے۔ زعفران سے لکھے۔ بخورات مع سائلہ یا سیاہ دانہ سیاہ مرچ جلائیں رجال الغیب کی سمتوں کا تعین کریں۔ ان کا سلام پڑھے۔ نیاز موکلات دے اور نہایت پاکیزگی سے عمل کریں تو سریع الاثر ہوتا ہے۔ اسم الحفیظ کا موکل وفرشتہ حیائیل ہے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

نیو حافظ بک سٹال، بلاک نمبرا، سرگودھا
زائچہ پیدائش (مفت)

اور جب کوئی ذاکر اس کا ذکر کرتا ہے تو موکل بحکم اللہ مدد کرتا ہے۔ چاہے وہ نظر آئے یا نہ آئے۔ اس موکل کے تحت دوسرے موکلوں کی چالیس صفیں ہیں اور سب کے سب اس اسم کے ذاکر کی خدمت کا عہد کرتے ہیں۔ اس اسم کا ذکر کرنے والا سفر سے واپس آنے تک اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتا ہے اور خوف وخطر کی جگہ محفوظ و مامون رہتا ہے۔ اس طرح ہر برائی سے بھی محفوظ رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو نفس کے شر سے بھی حفظ عطا کرتا ہے۔

اس لیے انسان کامل ایمان رکھے کہ حافظ وحفیظ صرف اللہ کی ذات ہے اور اس پر یقین کامل رکھے اور اللہ کو حفیظ کی صفت سے پکارے تو اللہ تعالیٰ ضرور مدد فرماتا ہے۔ دشمنوں سے حفظ کے لیے اس کا ورد کرنا بہت مجرب ہے۔ اگر صبح کے وقت 313 مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بعد از نماز فجر پڑھ کر انسان اپنے اوپر، بچوں پر، گھر کے چاروں کونوں میں دم کریں تو انشاء اللہ تعالیٰ خاتمہ جادو، آسیب، نظر بد، حفظ دشمنی، ہر ظاہر و باطن برائی سے اللہ تعالیٰ حفاظت کرے گا۔

اس طرح اس اسم پاک کا کثرت سے ذکر کرنے والا دشمنوں، ظالموں، چرند پرند، حشرات الارض، سانپ، بچھوؤں اور دیگر موذی جانوروں سے محفوظ رہتا ہے۔

جنگلات میں کام کرنے والے فوجی جوانوں، جہاز رانوں اور پُرخطر کام کرنے والوں کے لیے یہ اسم پاک زود الاثر ہے۔ بیماریوں سے حفاظت کے لیے اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنا اور ساتھ ورد کرنا بہت بہتر ہوگا۔ اگر ہر سال ربیع الاول کے مہینے کی ہر جمعرات کو یہ عمل کر لیا کریں تو انشاء اللہ تعالیٰ پورا سال روزی ورزق میں برکت مال میں حفظ اور جان کا تحفظ رہے گا عمل یہ ہے۔

ایک تازہ گلاب کا پھول جسے سچا گلاب کہتے ہیں اس کو لیا جائے اور بعد از نماز فجر اس تازہ وشگفتہ پھول پر اول وآخر تین بار درود شریف پھر 21 مرتبہ اللہ ناصر اللہ حافظ اور اللہ الصمد 100 مرتبہ پڑھ کر پھول پر دم کریں اور ہر وقت اس کو سونگھتا رہے جب پھول سوکھ جائے تو اس کو کھالے یہ اس قدر بہتر عمل ہے کہ جو بھی اس کو کرے گا حیران کن نتائج حاصل کرے گا۔

اگر حاملہ بی بی اس کو دوران حمل کثرت سے پڑھے تو اس کا حمل برقرار رہے اور ضائع نہ ہو۔ یہ عمل میرے مجربات میں سے ہے۔ یعنی ہر نماز کے بعد 313 مرتبہ اسم الحفیظ کا ورد کریں۔ اگر ساتھ تعویذ بھی ہو تو بہت بہتر رہے گا۔ اس اسم پاک کی برکت سے بچہ کی پیدائش تک حفظ رہتا ہے۔ ورنہ دوران حمل حاملہ کو بہت سے خطرات درپیش ہوتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ حاملہ بی بی ضرور اس عمل کی جانب رجوع کرے۔ اللہ کے حفظ میں آ جائے اور ڈاکٹروں، ادویات وغیرہ سے نجات پالے۔ یہ کلام اللہ ہے اس میں شک کرنا کفر ہے۔ صرف ہمارے ایمان، یقین ضعیف ہیں ورنہ اللہ نے بندے کو سب کچھ عطا کر رکھا ہے۔ آج کل یہ دستور ہے کہ لوگ ایسے مواقعوں پر ہزاروں روپے ڈاکٹروں کی نظر کر دیتے ہیں۔ میرے رائے میں ہر شخص کو اس کا ورد کرنا چاہیے۔ دونوں جہاں کا فائدہ ہوگا۔ اس کا زعفرانی تعویذ پاس رکھنا چاہیے یہ آخر عمر تک فائدہ دے گا۔

اس طرح ایک اور عمل یہ ہے کہ چاندی کی انگوٹھی بنائے اور اس پر الحفیظ سعد اوقات میں کندہ کروا کر پہن لے یا اس کا تعویذ بنوا کر انگوٹھی کے اندر بند کروا لے تو اس اسم پاک کی برکات تمام زندگی حاصل کر سکتا ہے۔

علاوہ ازیں چاندی کے پترہ پر یا کاغذ پر زعفران سے لکھوا کر کوئی اپنے گلے یا تجوری میں رکھ دے تو مال حفظ میں رہے گا۔ دکان دار لوگوں کو اس پر عمل کرنا چاہیے یہ عمل نیک وسعد ساعتوں میں تیار کرنے سے بہت اچھے اثرات حاصل ہوتے ہیں۔

سورہ احزاب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ میں ہی اس وقت تمہارا نگہبان وحافظ ہوں اس طرح اگر سخت خطرہ کی حالت میں صرف 41 مرتبہ یا حافظ یا حفیظ پڑھے اور بعد از اں ایک مرتبہ ذوالجلال والاکرام پڑھ کر خود کو دم کرے اور دعا کرے تو خطرہ ٹل جاتا ہے۔ یہ میرے اپنے مجربات میں سے ہے۔ یہ یاد رہے کہ ذوالجلال والاکرام کو دعا کے آخر میں پڑھنا دعا کی قبولیت میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اسی میں دعا کی قبولیت کا راز چھپا ہوا ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ راستے میں جاتے جاتے سنا کہ ایک اعرابی دُعا مانگ رہا ہے اور اس کے آخر میں یا مالک الملک ذوالجلال والاکرام پکارتا ہے۔ حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ شخص اسم اعظم کے ساتھ دعا کر رہا ہے جو قبول ہو گی۔ اگر یہی اسم پاک کوئی لکھ کر پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں اس کا رُعب و دبدبہ اور ہیبت ہوگی۔ اور قدر و منزلت ہوگی۔ اس طرح ریشم خاص کے ٹکڑے پر لکھ کر اس کو پاس رکھنا باعث صد ہزار برکات ہے۔ اگر دو آدمیوں میں صلح کی خاطر ان اسماء پاک کو زعفران سے لکھ کر ان دونوں کو پلایا کھلا دیا جائے تو ان میں صلح ہو گی۔

نوٹ: تمام مسلمانوں کو میری طرف سے الحفیظ ورد کرنے کی اجازت ہے۔ بنام اللہ بہ صدقہ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ مقصد بر آنے کی صورت اس گناہ گار اور خالد صاحب اور تمام مسلمانوں کے لیے دعا خیر کریں۔

☆☆☆☆☆

ملک اینڈ سنز، کمرشل بلڈنگ ریلوے روڈ، سیالکوٹ
حالات زندگی کے 18 اہم امور۔ فیس۔/700

# اعمال کشائش رزق

از: پیر سید وارث علی شاہ جیلانی، فیصل آباد۔

**عمل سورہ مزمل شریف:**

یہ عمل حضرت پیر سید عبداللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ روحانی شفا خانہ فیصل آباد کا عطیہ ہے۔ روزانہ بعد نماز عشاء سورۂ مزمل شریف اس ترکیب سے پڑھا کریں۔ **لا الہ الا اللہ** کشائش دینی ودنیوی **محمد رسول اللہ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بحق یا روپائیل** پھر تسمیہ پڑھ کر سورت مزمل شریف شروع کرے اور **رب المشرق والمغرب لا الہ الا ھو فاتخذہ وکیلا ٥** تین مرتبہ تکرار کرے اور تین مرتبہ قصیدہ غوثیہ کا پہلا شعر پڑھے۔ پھر **واللہ یقدر الیل والنھار**۔ تین مرتبہ تکرار کرے اور قصیدہ غوثیہ کا پہلا شعر تین مرتبہ پڑھے۔ پھر **یبتغون من فضل اللـــــہ** تین بار تکرار کرے اور قصیدہ غوثیہ کا پہلا شعر تین بار پڑھے۔ پھر **واستغفروا اللہ ان اللہ غفور رحیم** تین بار تکرار کرے اور قصیدہ غوثیہ کا پہلا شعر تین بار پڑھے۔ پھر تین بار یہ اسماء پڑھے۔ **اللھم یا مغیث اغثنی یا مغنی یا غنی یا باسط یا واسع یا فتاح یا معطی یا منعم یا وھاب یا رزاق یا جواد یا کریم سخرلی قلوب جمیع المخلوقات الانس والجن وارواحھم وانفسھم واموالھم۔** بے حد تسخیر وفتوحات ہوگی۔ اگر مریض کو پانی پر دم کر کے پلایا کریں تو بفضلہ ہر بیماری سے صحت وشفا حاصل ہوگی۔

**مزمل شریف کا سادہ عمل:**

روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ مزمل شریف پڑھا کریں اور اختتام پر یا مغنی گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ بفضلہ تعالیٰ استغنائے قلبی حاصل ہوگا۔ کاروبار اور رزق میں وسعت اور برکت ہوگی۔

**عمل سورہ والضحیٰ:**

روزانہ بعد از نماز فجر سورہ والضحیٰ گیارہ مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ آیت **ووجدک عائلا فاغنی ٥** کا تین مرتبہ تکرار کرے۔ اس طرح آیت مذکورہ تینتیس 33 مرتبہ پڑھی جائے گی۔ بعدہ اسمائے الٰہیہ **یا غنی یا مغنی** صرف 45 یا 145 بار پڑھے۔ اول وآخر درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ سورہ والضحیٰ کا یہ عمل ظاہری وباطنی غنا اور کشائش رزق کے لیے بے حد موثر اور کارگر ہے۔ اگر صرف ان اسمائے الٰہیہ کی بکثرت مداومت کی جائے تو انسان بفضلہ تعالیٰ مستغنی عن الخلق اور لا یحتاج ہو جاتا ہے۔

**عمل یا وھاب:**

یارب جبرائیل بحق یا وھاب: اس عمل کی ایک ایک لاکھ کی چار زکوتیں ادا کرے۔ ایک لاکھ مرتبہ اپنے گھر میں الگ کمرے میں پڑھے ایک لاکھ مرتبہ اپنے محلہ کی مسجد میں پڑھے۔ ایک لاکھ مرتبہ کسی باغ میں پڑھے اور لاکھ مرتبہ قبرستان میں پڑھے اول وآخر درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو اپنے ذرائع اور ماحول کے مطابق متمول اور مالدار، امیر وکبیر اور اہل ثروت بن جائے گا۔ (دہلی کے ایک عامل نے فرمایا تھا کہ اگر کوئی شخص ہر بدھ کے دن نماز ظہر کے وقت غسل کر کے بعد نماز ایک ہزار بار پڑھا کرے گا تو اُس کو کبھی رزق کی تنگی نہ آئے گی)۔

**عمل سورۂ یٰس شریف:**

یہ سورت قرآن مجید کا دل ہے اس کے ایک مرتبہ تلاوت کرنے سے دس قرآن مجید پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ اس کو ایک وقت میں بہتر (72) مرتبہ پڑھنا ختم یٰس شریف کہلاتا ہے۔ جس سے بفضلہ ہر مشکل حل ہوتی ہے اور حاجت براری ہوتی ہے۔ سورت یٰس کا دل **سلم قولا من رب رحیم** ہے اور رات کا دل نصف شب ہے اُس وقت اس کا پڑھنا تمام قضائے حاجات کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ بعض عاملین حضرات نے سورت یٰس میں **وکل شیء احصینہ فی امام مبین ٥ سلم قولا من رب رحیم ٥** اور **وکل فی فلک یسحبون** کو ایسے مقامات قرار دیا ہے جن کا تکرار کرنا اور دعا مانگنا قبولیت کا

جھنگ نیوز ایجنسی ریلوے پھاٹک، ٹوبہ ٹیک سنگھ؟
حالات زندگی کے 9 امور۔ فیس -/350

ذریعہ ہے۔

**عمل سورہ الواقعہ:** کشائش رزق اور وسعت کاروبار کے لیے سورہ الواقعہ اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص رات کو سورہ الواقعہ پڑھے وہ کبھی بھی فقر و فاقہ سے نہ مرے گا۔ حضرت پیر سید مہر علی شاہ گیلانی گولڑی ؒ کا فرمان ہے کہ اول ۱۴۱ روز بعد نماز عشاء ۱۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھ کر زکوۃ ادا کرے۔ پھر روزانہ گیارہ مرتبہ بعد نماز مغرب یا عشاء پڑھا کرے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ نے چاہا تو فقر و افلاس ختم ہو کر اقتصادی و مالی فراوانی ظہور پذیر ہو گی۔ جو لوگ مالی بحران اور بدحالی کا شکار ہیں وہ ضرور نماز کی پابندی کے ساتھ اس کی مداومت کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ خوش حالی کا دور دورہ شروع ہو جائے گا۔ ایک چلہ کے دوران ہی حالات سازگار ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ مسبب الاسباب ہے وہ کوئی نہ کوئی ذریعہ معاش پیدا فرما دے گا۔

☆☆☆☆☆

# عمل حاضرات

از: مجیب حسین قادری، صادق آباد۔

## یا اوا اجلھا

حاضرات کا درج ذیل عمل خالد روحانی جنتری میں ایک فاضل دوست نے پیش کیا تھا۔ راقم نے جب اس کو پڑھا تو اس بات کا دل کو بہت افسوس ہوا کہ عمل غلط شائع ہو گیا ہے۔ لیکن پھر بھی محترم خان صاحب کو دل سے مبارک باد بھی ہے کہ انہوں نے اس نادر عمل کو شائع تو کیا۔ کیونکہ اُن کو جس طرح ملا ان کے لیے ویسے ہی درست تھا۔ اللہ ان کو بخل شکنی کا اجر ضرور دے گا۔ یہ عمل راقم کو اپنے بزرگان سلسلہ قادریہ غوثیہ بانوا سے ملا ہے۔ اور درست عمل ہے۔ اور اس کی صحیح ترکیب درج ذیل ہے۔

**طریقہ عمل:** سب سے پہلے ایسے قبرستان کا انتخاب کریں جو آبادی سے دور ہو اور قدیم بھی ہو۔ اس کے بعد ایک درخت کی لکڑی جو کہ لاٹھی نما اور سانپ کی شکل کی ہو حاصل کر لیں۔ اب وقت اور جگہ مقرر کر لیں اور رجال الغیب کا بھی خیال رکھیں۔ اب تہجد کے وقت روزانہ درج ذیل عبارت اُن کی مقررہ تعداد کے مطابق پڑھیں۔ آپ کی آواز میں جلال، اعتماد اور پختگی ہو آواز نہ زیادہ بلند اور نہ بالکل کم ہو۔

1- لا الہ الا اللہ 1575 مرتبہ (2) قل ھو اللہ 925 مرتبہ (3) اَجِبْ یَا اَوَا اَجْلُھَا 625 مرتبہ

اس تعداد کو چالیس یوم تک پڑھیں۔ پس عامل ہو جائیں گے۔ عمل عروج ماہ قمری سعید میں شروع کریں۔ عمل کے بعد ایک بکرا صدقہ ضرور دیں۔ اور دوران عمل جلالی و جمالی پرہیز رکھیں۔ دوران عمل چھڑی مذکورہ سامنے رکھیں اور اس پر دم کرتے رہیں۔

**حاضرات کرنے کا طریقہ:** چلہ پورا کرنے کے بعد طریقہ حاضرات مندرجہ ذیل ہو گا۔ 10 سے 27 سال تک کے لڑکے کو سامنے بٹھا کر اُس کی آنکھوں میں اپنی آنکھیں ڈال کر مندرجہ ذیل عمل پڑھیں۔ یعنی لا الہ الا اللہ 500 بار، قل ھو اللہ 300 بار اور اجب یا اوا اجلھا 200 بار پڑھیں۔ لڑکے کی آنکھیں خود بخود بند ہو جائیں گی۔ دوران عمل چھڑی مذکورہ آہستہ آہستہ پھیرتے جائیں۔ جب آنکھیں بند ہو جائیں گی تو لڑکے سے کہیں کہ وہ حجاب میں ہی کمرے سے باہر نکلے لڑکا کہے گا نکل گیا ہوں، پھر لڑکے سے کہیں کہ قریبی قبرستان میں جا کر کسی بزرگ کو ساتھ لے۔ پہلے وہ صاحب مزار سے اجازت لے پھر اُن کی مدد لے کر کام کرے۔ جب صاحب مزار مل جائے اور لڑکا ہمراہ ہو جائے تو ان حاضرات سے پھر کام لیا جا سکتا ہے۔

**معمول کو ہوش میں لانے کا طریقہ:** قارئین نے یقیناً اکثر ایسے عملیات پڑھے ہوں گے جن میں معمول کو بے ہوش کر کے معلومات لی جاتی ہیں۔ لیکن آج تک اُن کو معمول کو ہوش میں لانے کا طریقہ معلوم نہیں ہوا ہو گا۔ کیونکہ عامل لوگ اس راز کو فاش نہیں کرتے جس کی وجہ سے نئے آنے والے آدمی کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ راقم جو عمل درج کر رہا ہے یہ ہر قسم کے معمول کو ہوش میں لانے کے لیے مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔

بَخٍ بَخٍ اَخٍ اَخٍ لَاخٍ لَاخٍ رَمْلَیْخٍ رَمْلَیْخٍ ھَفْتَھِیٌ ھَفْتَھِیٌ فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃ سے مکمل آیت (سورہ جمعہ) بَخٍ بِسَلَامٍ۔ اس مجرب اور حیرت انگیز عزیمت کو طاق مرتبہ پڑھ کر دم کریں معمول ہوش میں آ جائے گا۔

**خاص نوٹ:** اوا اجلھا ایک بہت بڑی روحانیت کا نام ہے اور اس کے عمل اکثر ہمزاد وغیرہ کی کتابوں میں درج ہیں۔ لیکن اعراب غلط ہونے کی وجہ سے کوئی بھی کامیاب نہیں ہوتا۔ صحیح اعراب یہ ہیں کہ الف پر زبر واؤ پر زبر الف پر زبر جیم کی نیچے زیر لام پر پیش اور ہ پر زبر اور الف جو کوئی ان اعراب سے پڑھے گا ضرور کامیاب ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

ختم شد۔

طارق بک ڈپو نولکھا بازار نزد لنڈا بازار ریلوے سٹیشن لاہور
عددی رپورٹ۔ فیس۔/450

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

**طلسم عنیه دختر ابلیس (برائے حُب)**

ترکیب: عروج ماہ نوچندی اتوار یا جمعرات سے روزانہ سفید کاغذ پر زعفران وعرق گلاب کی روشنائی سے اکیس (۲۱) نقش تحریر کریں اور آٹے میں گولیاں بنا کر جاری پانی میں ڈال دیا کریں۔ نقش روزانہ ساعت زہرہ میں تحریر کریں۔ اسی طرح اکیس یوم عمل کریں۔ کسی قسم کا پرہیز اس میں نہیں ہے۔ بعد ازاں صرف ایک نقش روزانہ لکھا کریں اور ہر اکیس یوم کے بعد جاری پانی میں ڈال دیا کریں تاکہ زکوۃ قائم رہے۔ اب آپ کے ہاتھ میں محبت کا ایک بے نظیر طلسم ہے۔ اگر میاں بیوی میں اختلافات ہو یا خاوند بیوی کی بات نہ مانتا ہو یا بیوی خاوند کی نافرمان ہو یا عورت روٹھ کر اپنے میکے جا بیٹھی ہو۔ ایسے میاں بیوی جن میں سے کوئی ایک علیحدگی چاہتا ہو تو یوں کریں کہ ایک طلسم طالب کو دیں تاکہ وہ پاس رکھے اور ایک جاری پانی کے نزدیک دفن کر دیں۔ انشاء اللہ ہفتہ عشرہ کے اندر اندر دونوں میاں بیوی کے درمیان ایسی محبت پیدا ہوگی کہ ان پر یک جان دو قلب کی مثال بالکل صادق ہوگی۔

نوٹ: عبداللہ ہلال کے اس عمل کو جو کوئی بھی محبت زوجین کے علاوہ استعمال میں لائے گا اس کی رجعت اس کی اپنی جان پر یا اس کی اولاد پر ہوگی اس لیے اس عمل کو صرف اور صرف میاں بیوی کے اختلافات دور کرنے کے لیے استعمال کریں۔

**طلسم صورت عنیه دختر ابلیس**

| | | |
|---|---|---|
| | ١٢ ـــ ط ٥ ١٨ | ؏ |
| عزمت | علیکم یاعنیه بنتِ ابلیس بین اولادمنی | |
| الوحا | الوسواس عه ٢ ٨ ٢M | العجل |
| الحريق | ١١ عه ٢ عكسه نحصه عن ابليس نقش عند | الساعة |
| النار | موبموجب | الواحا |
| العجل | من عصب عليهم ملكه صاحب الرسول سمت | النار |
| الوحا | | العبل |
| الساعة | هب عند النوم كمالا يبغى عليه حارمكتب | الوحا |
| | حرف الغيام على يوم المنالم الوحا | الساعة |
| | الوحا العجل العجل الساعة الساعة | |
| | الحريق العجل العجل لها العجل الواحا | |
| | الواحا الساعة الساعة عزمت عليكم | |
| | ياعنيه بنت ابليس ويا ما مالك | |
| | فلاں بن فلانه الحب الشديد فلاں بن فلانه | نه هو |

# طلسمات محبت

از: غلام قادر بلوچ، کراچی

**عمل حُب اکسیر اعظم**

عملیات حُب میں سورۃ القارعہ اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ حکیم مطلق نے اس سورۃ شریف میں حُب کے لیے خاص اثر پیدا کیا ہے مگر پوشیدہ ہے جو شخص کوشش کرے گا وہ راز سربستہ کی گرہ کھول سکے گا۔ ہر ایک کا کام نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نااہل کو کبھی نہیں نوازا کرتا۔ جو شخص ہمت کر کے اس کی زکوۃ ادا کرے گا وہ حب کی اکسیر کو پا سکے گا۔ رام پور میں ایک بزرگ جس جانور کی طرف پڑھ کر دم کرتے تھے وہ جانور ان کے پیچھے ہو جاتا تھا ایسا تیز عمل میں نے کسی کا نہیں دیکھا۔ تحقیق سے معلوم ہوا وہ سورۃ القارعہ کے عامل تھے۔ بہر حال اس کی زکوۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ چار سو اڑتالیس مرتبہ سورۃ القارعہ کی تلاوت کریں ایک سو بیس دن میں اس کی زکوۃ مکمل ہو جائے گی۔ کل تعداد (۵۲۳۴۸) مرتبہ ہوگی۔ بعد اکیس مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ حسب ضرورت کسی میٹھی چیز پر پڑھنے یا دم کر کے کھلا دینے سے سب مطیع ہوں گے۔

**عمل الحب خراسانی**

خواجہ ابوالحسن خراسانی فرماتے ہیں کہ میں نے دس سال تک مختلف عاملوں سے ملاقات کی مگر اس جیسا عمل کوئی اور نہ پایا۔ یہ طلسم ہیں ہر روز ایک ایک فتیلہ جلائیں اور جب تک چراغ جلتا رہے دعائے برھتیہ پڑھتا رہے اور موکلات کو حاضری مطلوب کا حکم کریں۔ انشاء اللہ تین یوم میں مقصد حاصل ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

عنااووبن الے٥اا١١ اا > ااالاه

فلاں بن فلانه الى حُب فلاں بن فلانه

طراا ط٥ام عه ١١ ١١ > ٥ ٥ ٥ ١١١ دوامل

فلاں بن فلانه الى حُب فلاں بن فلانه

لطراا٥ن ١١ ط ١١ر حروحرااى٩وه

فلاں بن فلانه الى حُب فلاں بن فلانه

**محبت زوجین کے لیے**

مولابخش نیوز ایجنسی، گھنٹہ گھر، سکھر۔

وقتی زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)۔ فیس-/1000

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

حکیم لادن طرابلس سے منقول ہے کہ اگر زوجین میں موافقت نہ ہو تو ذیل کے طلسمات کو زعفران و عرق گلاب کی روشنائی سے لکھ کر کسی پھلدار درخت پر لٹکا دیا جائے تو تھوڑے ہی عرصہ میں ان دونوں کے درمیان ایسی محبت پیدا ہوگی کہ طالب و مطلوب کی طرح ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار ہو جائیں گے۔

**طَقطَا طَمْطَا طَهَمْ طَمْسَطاً هَسْطَماً طَمْسَهاً طَسْمَهاً طكُهاً طُمْسَمْ اَطَيَمَمْ طَمْهُوْطاً قَلْبَ بِفُلان بن فلانه الحب الشديد فلاں ابن فلانه بالخير لاداء الحقوق يا طَا طُوراً طُوراطاً طشَا طُوْهاً طَا هُوْطاَه**

**ب ا د ص ر ا ح ا ط**

**لملح سلح علصلصح**

**ابداً عاشقاً مجنوناً دائماً ابداً فی کل حال و زمان و مکان فلاں بن فلاں حُبِ فلاں بن فلانه**

## محبت کا کاجل (ھد ھد سلیمانی)

**عمل:** بسم اللہ رحمانی بسم اللہ دیانی بسم اللہ حنانی بسم اللہ منانی جیسے یوسف پر زلیخا دیوانی کل بنی آدم و بنات حوا میرے پیچھے ہو دیوانی سب کو حاضر کرے ھُد ھُد سلیمانی اگر نہ ہو دیوانی تو اُسے پوچھے پیر گیلانی۔

**ترکیب عمل:** نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور روزانہ سات سو سات (۷۰۷) مرتبہ عبارت عمل کو اکیس یوم تک ورد کریں بائیسویں رات پرندہ ہُد ہُد کو ذبح کریں اور ہُد ہُد کے خون سے روئی تر کریں جب روئی خشک ہو جائے تو اُس کی بتی بنا کر خوشبودار تیل میں کاجل اُتارے اور جب تک چراغ روشن ہو سامنے بیٹھ کر عمل مذکورہ پڑھتے جائیں اور بعد عمل قدرے روغنِ گاؤ ملائیں کاجل تیار ہے۔ بوقت ضرورت دونوں آنکھوں میں لگا کر محبوب کے سامنے جائیں۔ انشاء اللہ دیکھتے ہی دیوانی ہو جائے گی۔ لیکن آئینے میں دیکھ کر کاجل نہ لگائیں ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔

## محبت کا عطر

**عمل:** سَلاَم" قولامن رب رحیم بحق یا وَدُوْدُ

**ترکیب:** ایک ہی نشست میں سات ہزار (۷۰۰۰) بار پڑھیں اور مشک و عنبر پر دم کریں۔ پھر جسے اس کی خوشبو پہنچے دیوانہ والہانہ شیدا ہو مجرب ہے۔

## محبت کا چراغ

گیارہ یوم کا عمل ہے۔ نقش ہذا کی بتی بنا کر چراغ میں روشن کریں اور سامنے بیٹھ کر (یا تنکافیل بحق یا ودود) تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ مطلب حاصل ہوگا۔

## محبت کا سرمہ

رمضان المبارک کے نوچندی اتوار سے عمل شروع کریں۔ سورۃ القدر کو روزانہ (۳۱۲۵) بار تلاوت کریں اور سرمہ پر دم کریں اور کسی محفوظ جگہ رکھ دیں۔ اسی طرح چالیس یوم عمل کریں۔ دوران چلہ و ریاضت ترک حیوانات پرہیز جلالی و جمالی لازم ہے۔ بعد از چلہ سورۃ القدر کا ثواب نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء علیہ السلام و اولیا اکرام اور سورۃ القدر کے موکلین کو ثواب بخش دیں۔ عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے ایک تسبیح روزانہ پڑھا کریں بوقت ضرورت صرف چالیس مرتبہ پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں اور محبوب کے سامنے جائیں انشاء اللہ محبوب نظر ملتے ہی پیچھے باولے کتے کی مانند بھاگتا ہوا آئے گا۔ دنیا کی رسوائیوں کی بالکل پرواہ نہیں کرے گا۔ (ایں عمل نادر الوجود و اسرار عجیبہ است)۔

نوٹ: ہر سینکڑے پر یہ دعا پڑھو **اللهم سخرلی من النساء ورجال بحق سورة القدر.**

☆☆☆☆☆

## تسخیر موکلات و حاضرات

تسخیر موکلات و حاضرات کا موضوع علوم مخفی کے ہر شائق کے لیے کسی نہ کسی طرح کی دلچسپی لیے ہوئے ہے۔ تاہم تسخیر موکلات و حاضرات میں قدم رکھنے سے پہلے اس منزل کو سر کرنے کے لیے کسی راہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اس علم کے طالبان کو نہیں ملتی۔ یہ کتاب جہاں قاری کی درست رہنمائی کا باعث ہوگی وہاں یہ خالد اسحاق راٹھور کے تسخیر موکلات، حاضرات، جنات وغیرہ کے موضوع پر مستند اعمال لیے ہوئے ہے۔ اس موضوع پر کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے آپ اس کتاب سے حقیقی راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

قیمت -/65 روپے۔

عبدالصمد خان، ریلوے بک سٹال، میانوالی
خوش قسمتی کا پتھر۔ فیس -/200

# پرائز بانڈ کی دنیا

تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی' جھنگ۔

دوستو اس فارمولے کے ذریعے آپ فسٹ آکڑہ بند کر لیں گے جو کہ اگلی ڈرا کے لیے بند ہوں گے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ قرعہ اندازی کی تاریخ کا عدد کر کے ایک ہندسہ حاصل کریں۔ پھر اسی تاریخ کے فسٹ آکڑے سے ضرب دیں۔ آپ کے پاس پیکٹ نمبرز حاصل ہوں گے۔ ان کو الٹ پلٹ کر کے آکڑے بنا لیں۔ انشاء اللہ اگلی ڈرا میں بند ہوں گے۔ اب مثالیں دیکھیں تاکہ فارمولے کی سمجھ آجائے۔

مثال نمبر 1: قرعہ اندازی کی تاریخ 1-11-2002

اس تاریخ کو فسٹ آکڑہ یہ لگا=31

مفرد حاصل کر کے ضرب دیں=1+11+2002=31x7=217 پیکٹ نمبرز ملے۔

الٹ پلٹ کر کے آکڑے یہ بنے=21'27'12'17'72'71

اگلی ڈرا میں فسٹ میں بند تھے۔ فسٹ یہ آیا=738580

مثال نمبر 2: قرعہ اندازی کی تاریخ=2-12-2002

فسٹ آکڑہ یہ لگا=59

مفرد حاصل کر کے ضرب دیں۔ =2+12+2002=59x9=531 پیکٹ ملی۔

بند آکڑے یہ بنے=13'15'31'51'53

اگلی ڈرا میں فسٹ یہ آیا=453540

مثال نمبر 3: قرعہ اندازی کی تاریخ=1-2-2003

فسٹ آکڑہ یہ لگا=62

مفرد حاصل کر کے ضرب دیں=1+2+2003x8=62x8=496 پیکٹ ملی۔

بند آکڑے یہ بنے=94'96'64'69'46'49

اگلی ڈرا میں فسٹ یہ آیا=406685

مثال نمبر 4: قرعہ اندازی کی تاریخ

2-2-2003

فسٹ آکڑہ یہ لگا=23

مفرد حاصل کر کے ضرب دیں

=2+2+2003=9+23=207

بند آکڑے نمبرز یہ بنے

=72'70'02'07'27

اگلی ڈرا میں فسٹ یہ آیا=452518

## ایڈوانس لکی نمبرز ماہ اپریل 2004

(۱) یکم اپریل 2004 کو یہ لکی نمبرز انشاء اللہ نہیں آئیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 7259 | 5927 | 9752 | 2579 |
| 7295 | 9572 | 9725 | 2597 |
| 2759 | 9527 | 2957 | 5297 |
| 2795 | 7592 | 2975 | 5279 |
| 5972 | 7529 | 7925 | 5204 |

(۲) 15 اپریل 2004 کو یہ لکی نمبرز انشاء اللہ فسٹ میں نہیں آئیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1237 | 1372 | 2371 | 7231 |
| 1273 | 2731 | 2317 | 3271 |
| 1723 | 2713 | 7132 | 3217 |
| 1732 | 2137 | 7123 | 3721 |
| 1327 | 2173 | 7213 | 3712 |

(۳) یکم مئی 2004 کو یہ لکی نمبرز انشاء اللہ فسٹ میں نہیں آئیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 8064 | 8460 | 6804 | 0648 |
| 8046 | 8046 | 6840 | 0486 |
| 8604 | 8064 | 6084 | 0468 |
| 8640 | 6408 | 6048 | 0846 |
| 8406 | 6480 | 0684 | 0864 |

(۴) 15 مئی 2004 کو یہ لکی نمبرز انشاء اللہ فسٹ میں نہیں آئیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6254 | 4625 | 5462 | 5264 |
| 6245 | 4265 | 5426 | 6425 |
| 4562 | 4256 | 5642 | 6452 |
| 4526 | 2654 | 5624 | 6524 |
| 4652 | 2645 | 5246 | 6542 |

☆☆☆☆☆

ماڈرن بک ڈپو' نیوز ایجنٹ' سٹیشنرز' ۲۴۶ عزیز شہید روڈ' سیالکوٹ کینٹ

بچے کا نام۔ فیس۔/200

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# فیضان القرآن

از: قسور حسن، میلسی۔

عملیاتی دُنیا میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے جو چیز سب سے زیادہ ضروری ہے۔ وہ تصور و یکسوئی ہے۔ یہی وہ طاقت ہے جو جادو عمل تعویذ گنڈے کے مختلف ناموں میں مخفی ہوتی ہے۔ اگر یہ طاقت حاصل ہے تو سب کچھ حاصل ہے۔ اگر یہ طاقت حاصل نہیں، تو کچھ بھی حاصل نہیں۔ جادو قوت متصورہ کے بل پر چلتا ہے۔ عملیات میں اس کی طاقت سے تاثیریں پیدا ہوتی ہیں۔ تعویذ اسی سے سراپا کرامت بنتے ہیں۔ گنڈے کی گرہیں اسی سے مریض کے مرض کو ختم کرتی ہیں۔ ٹونے اور بددُعا کو تصور صادق کی طاقت ہی تیر بہدف بنا کر دشمن کا کام تمام کر دیتی ہے۔ اب رہا یہ کہ قوت متصورہ کس طرح بڑھائی جا سکتی ہے۔ اور کیونکہ اس نعمت پر قابو حاصل ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے تمام بری باتوں سے مکمل پرہیز کریں۔ نمازیں دل لگا کر پڑھیں۔ برائیوں سے دل سے نفرت اور نیکیوں سے دل سے محبت رکھیئے۔ اس کے بعد کسی ایسے وقت کہ آپ کا معدہ نہ زیادہ بھرا ہوا ہو نہ زیادہ خالی ہو کوئی پریشانی نہ ہو۔ دماغ کو تمام فروعات سے خالی کر کے اللہ کے نام کو چن لیں۔ اور ایک تنہا کمرے میں صاف ستھرے ہو کر بیٹھ جائیں۔ اسم الٰہی اللہ کی تلاوت بند آنکھوں کے ساتھ اس طرح کریں کہ اسم ذات سنہرے حرفوں میں آپ کے سامنے دیوار پر لکھا ہوا ہے۔ اور آپ آنکھ بند کر تصور کی آنکھ سے اُسے دیکھنا شروع کریں۔ روزانہ آدھا گھنٹہ کریں۔ کوشش کریں کہ اس نظارہ کے علاوہ آپ کا دھیان کسی دوسری طرف نہ جائے۔ کامل 90 دن تک اس مشق کو کریں۔ جب آپ کا تصور کامل ہو جائے گا تو عملیاتی دُنیا میں آپ کو یقیناً کامیابی ہوگی۔ آپ کا ہر عمل اور ہر تعویذ تعویذ ہوگا۔ آپ کو ننانوے فیصد کامیابی ہوگی۔ جو لوگ برسہا برس ریاضتیں کرتے رہے ہیں۔ اور انھیں کامیابی نصیب نہیں ہوئی ہے تو وہ پہلے تصور کی مشق کریں پھر کوئی عمل کریں۔ آپ کو اتنی آسانی سے کامیابی ہوگی کہ آپ حیران و پریشان ہو جائیں گے۔ راہنمائے عملیات کی سالگرہ کے موقع پر آپ کو ایک خاص قرآنی صدری عمل پیش کر رہا ہوں۔ سورۃ کوثر تیسویں پارہ کی سورت ہے۔ آپ نے اس کی زکوۃ کے مختلف طریقے سنے ہوں گے اور دیکھے ہونگے۔ آپ اس طریقے سے زکوۃ ادا کر دیں تو ایک بار آپ اس سورۃ کے تصرف کو دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔ عمل یوں ہے۔

(۱) روزانہ سورۃ کوثر 918 بار 3 دن بعد نماز عشاء فوراً پڑھیں۔

(۲) صبح بعد از نماز فجر 41 عدد تعویذ لکھیں اور سنبھال کر رکھیں۔

(۳) عمل شروع کرنے سے پہلے حصار ضرور کریں۔ اور جب پڑھائی شروع کریں تو دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔

(۴) عمل جب ختم ہو جائے تو حصار کاٹ کر حصار سے باہر نکلیں اور تین بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اُوپر دم کریں۔

(۵) جب تین دن عمل کر لیں تو پھر چوتھے دن صبح کے وقت بعد از نماز کسی نہر پر چلے جائیں اور پانی میں کھڑے ہو کر حصار کر کے لاتعداد مرتبہ سورۃ کوثر پڑھیں۔ جب کوئی کیفیت یا گرمی جسم میں محسوس ہونے لگے تو تین دن کے جو نقوش لکھے ہیں وہ پانی کے اندر پھینک دیں۔ جب آپ تعویذ پانی کے اندر پھینکیں گے تو ایک تعویذ واپس لوٹے گا تو اُسے پکڑ کر کھا جائیں یا سیدھے بازو پر باندھ لیں۔

(۶) ہر رات عمل کرنے سے پہلے صدقہ ضرور دیں۔

(۷) اگر تعویذ دائیں طرف سے آپ کی طرف آئے گا تو خیر کے کام جلدی ہونگے۔ اور اگر بائیں طرف سے آئے گا تو قہر و جبر کے کام جلدی ہونگے۔ تمام مقاصد کے لیے نقش دے سکتے ہیں۔

(۸) عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ جلالی و جمالی پرہیز کریں۔ اور تین دن روزہ بھی ضرور رکھیں۔ کیونکہ یہ جلالی طریقہ ہے۔ نقش ایسے ہے۔

یا جبرائیل — یا میکائیل

| | | |
|---|---|---|
| ۳۰۲ | ۳۱۰ | ۳۰۴ |
| ۳۰۸ | ۳۰۵ | ۳۰۳ |
| ۳۰۶ | ۳۰۱ | ۳۰۹ |

یا اسرافیل — مقصد لکھیں — یا عزرائیل

یہ ایک زکوۃ آپ کو تمام مقاصد کے لیے مدد دے گی۔ اور سائل کو تعویذ دیتے وقت صدقہ ضرور کریں۔ یہ ایک صدری طریقہ ہے۔ اور اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ اللہ جل جلالہ آپ کو اس عمل سے جائز کام لینے کی توفیق دے۔ آمین۔

ختم شد۔

غفاریہ بکسٹال، بالمقابل جنرل بس سٹینڈ، کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ۔
سالانہ زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)۔ فیس -/1500

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

تحریر: نثار احمد مغل، کراچی۔

# عملیات دفینہ واستخارہ

## عمل برائے پوشیدہ دفینہ

**انزل من السماء ماء فسالت اودیة بقدرھا فاحتمل السبل زبدار بیا o** (سورۃ رعد) رکوع ۲۔ قرآن پاک کی یہ آیت شریف نہایت ہی قوی اور زود اثر ہے۔ بشرطیکہ پڑھنے والا ذرا ہمت سے کام لے ترکیب یہ ہے کہ چالیس روز تک چارپائی پر نہ سوئیں بلکہ زمین پر سوئیں نماز عشاء کے فرض اور سُنتیں پڑھنے کے بعد وتر نہ پڑھیں۔ اب دنیا کے تمام کاموں سے فراغت حاصل کرنے کے بعد جب سونے کا وقت آئے تو وتر اور نفل پڑھ کر بستر پر سونے کے لیے لیٹ جائیں۔ اب نہ بات کریں اور نہ کھانا پینا کریں۔ داہنے کان کے نیچے ہاتھ رکھ کر اکتالیس مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھیں۔ اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد اس حالت میں سو جائیں۔ اسی طرح تین چلے فی چلہ چالیس روز اور کل ایک سو بیس روز پورا کریں۔ انشاء اللہ اسی دوران کوئی دفینہ مل جائے یا کوئی شخص کیمیا کا کوئی نسخہ آپ کو بتا دے اور آپ اس سے مالا مال ہو جائیں یا کوئی اور دوسری صورت پیدا ہو۔ بہر حال زندگی بھر کا بندوبست غیب سے ہو جائے گا۔ اگر کسی وجہ سے آپ نے فرض بھی عشاء کے بعد سوتے وقت نہ پڑھا ہو تو فرض نماز بھی اسی وقت پڑھ لیں۔ غرض اس قدر ہے کہ نماز کے بعد فوراً وظیفہ شروع کر دیں۔ پھر اس کے بعد کوئی کام نہ کریں اور نہ کسی سے بات چیت کریں۔ سیدھے کان کے نیچے ہاتھ رکھ کر سو جائیں۔ سوتے میں اگر دوسری کروٹ پلٹ جائیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ آپ وظیفہ پڑھ کر لیٹ جائیں۔ نیند نہیں آتی یا کوئی حادثہ پیش آ گیا ہے کہ جس میں اٹھنا اور بات کرنا نہایت ہی ضروری ہے تو پھر عمل باطل ہو جائے گا۔ اب پھر از سرِ نو وضو کرنے کے بعد چار رکعت نماز نفل پڑھ کر دوبارہ عمل پڑھا جائے۔ اور پھر سونے کے لیے لیٹا جائے۔ اس طرح جب نیند آ جائے اور پھر عمل کا وقت ہو گیا۔ یعنی سو جانے کے بعد پھر کوئی حادثہ ہو گیا اور اُٹھ کر بات چیت کی تو دوبارہ عمل پڑھنے کی ضرورت نہیں نیند آنے سے قبل اگر کوئی حادثہ ہو جائے تو عمل کو دھرانا ہو گا۔

## عمل استخارہ (اول)

استخارہ عمل مسنون ہے۔ حضور اکرم ﷺ استخارہ کا حکم فرماتے تھے۔ اول تو ہم استخارہ کرتے ہی نہیں۔ اگر کرتے ہیں تو اس کے حکم پر نہیں چلتے آپ کو اگر کسی کام کے کرنے میں تردد یا فکر لاحق ہو تو ذیل کا استخارہ نہایت ہی مجرب ہے۔ تمام کام کاج سے فراغت پا کر جب رات کو سونے کا وقت آئے تو وضو کرو اور پاک وصاف کپڑے کے ساتھ بستر پر لیٹ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھو اور پھر تین سو مرتبہ (300) یہ آیت پڑھو۔

**ھو الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ o**

اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سو جاؤ۔ بحکم اللہ رات میں غیب سے مشورہ ملے گا۔ عمل پڑھنے کے بعد کچھ کھانا پینا نہ کریں اور نہ کسی سے بات چیت کرنی چاہیے۔

یہ آیت پاک مندرجہ بالا قرآن پاک ستائیسویں پارہ سورۃ حشر کے رکوع نمبر 3 میں ہے۔ حکم شرعی ہے کہ اُمور جائز کے لیے استخارہ مسنون ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ استخارہ سے دل کو تقویت ہوتی ہے اور صحیح راستے کی طرف دل راغب ہو جاتا ہے (بخاری شریف)۔

## عمل استخارہ (دوم)

جب آپ کو کسی کام کے کرنے کی فکر لاحق ہو تو پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ بعد عشاء سوتے وقت پہلی رکعت میں **الحمد شریف** کے بعد **قل یاایھا الکفرون** ایک بار اور دوسری رکعت میں **الحمد شریف** کے بعد **قل ھو اللہ** ایک بار پڑھ کر نماز ختم کریں اور پھر اس طرح دعا مانگیں۔

"یا اللہ میں خیر چاہتا ہوں تیرے علم سے اور قدرت سے اور تیرے پایاں فیض کا اقرار کرتا ہوں۔ بے شک تو قادر ہے اور مجھے کسی چیز پر بھی قدرت حاصل نہیں بے شک تو علیم ہے اور مجھے کسی بات کا علم نہیں اور بے شک تو ہی عالم الغیب ہے اے اللہ اگر تو چاہتا کہ یہ کام میرے لیے بہتر ہے (اسی جگہ کام کا نام لیا جائے جس کے لیے آپ استخارہ کر رہے ہیں) اور عافیت باخیر ہو تو میری مدد فرما اور اس کام کو کرنے کی قدرت عطا فرما اور اگر تیرے علم میں یہ کام بہتر نہیں تو میرا دل پلٹ دے۔ اور حکم فرما میری بہتری کا"۔ یہ دعا مانگ کر آپ سو جائیں۔ اللہ نے چاہا تو انجام بہتر ہو گا۔ قدرت کی طرف سے اس پر اطلاع ہو جائے گی۔ اگر

شیخ مسعود الرحمٰن، پاکستان نیوز ایجنسی، پنڈی گھیب، ضلع اٹک
بائیوردم رپورٹ۔ فیس -/350 برائے ایک سال
free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اتفاق سے پہلے دن خبر نہ ملے تو پھر دوسرے دن یا پھر تیسرے دن ضرور آپ اس سے آگاہ ہو جائیں گے۔

## عمل برائے خفیہ خزانہ

پچاس روز تک روزانہ چالیس مرتبہ اول و آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ سورۃ مزمل شریف باوضو تنہائی اور تاریکی میں پڑھی جائے۔ اس عمل کا اثر یہ ہے کہ چار آدمی سیاہ پوش کسی نہ کسی طریقہ سے ملاقات کریں گے۔ بعض اوقات آدمی اُس کو دوست یا عزیز سمجھ لیتا ہے اور دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حقیقت میں یہ موکل ہوتے ہیں۔ ان کی تعداد چار سے کم نہیں ہوتی جب ان سے ملاقات ہو تو ہر قسم کے سوالات کے ذریعہ ان سے جواب حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ عمل جتنا بظاہر سیدھا سادہ معلوم ہوتا ہے اتنا ہی سریع التاثیر ہے۔ اگر باقاعدگی سے اس عمل کو کیا جائے تو عاملین و موکلین اسے خفیہ خزانہ بتا دیتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے عمل میں بے احتیاطی ہو گئی ہو اور اس سے عمل کمزور ہو گیا ہو تو خواب میں ملاقات ضرور ہو جائے گی۔ خواب کی بات یاد رکھی جائے وہ بڑے کام کی بات ہوگی۔

(نوٹ: آیات کا تلفظ کسی قاری سے درست کرلیں اور زیر زبر کی درستگی بھی قرآن پاک سے کرلیں)

☆☆☆☆☆

# تسخیر موکل

تحریر: سید حمائیل حسین رضوی، کراچی۔

قارئین! آپ کی خدمت میں پہلی بار ایک اچھے دوست کے اصرار پر جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کے ماہنامہ راہنمائے عملیات میں عمل تسخیر موکل درج کر رہا ہوں جو کہ قارئین کو بہت پسند آئے گا۔

**عمل:**

کسی بھی مہینے کی قمری تیرہ تاریخ کو جب چاند آسمان پر نمودار ہو تو آپ چار پائی پر پاؤں پھیلا کر اس طرح لیٹیں کہ چاند بالکل آپ کی آنکھوں کے مقابل ہو۔ کھانے پینے اور ضروری کاموں سے پہلے ہی فارغ ہو لیں۔ اب چاند پر نظر کر کے تین سو مرتبہ **اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُo** پڑھیں۔

اس کے بعد دوسرے دن تین سو ایک مرتبہ یہی آیت شریف پڑھیں۔ اسی طرح روزانہ تعداد میں ایک کا اضافہ کرتے جائیں۔ اس طرح پورے تیس روز تک یہ عمل روزانہ کریں۔ تیس دن میں جب یہ عمل پورا ہو جائے گا۔ تو ایک شخص آپ سے ملاقات کرے گا۔ اس شخص کی آنکھیں سُرخ ہونگی۔ یہی اس کی پہچان ہوگی۔ یہ شخص بالکل اجنبی ہوگا۔ اس سے پہلے آپ نے اس کو کبھی نہیں دیکھا ہوگا۔ آپ اس شخص کا ہاتھ پکڑ لیں اور یہ اقرار لیں کہ جب میں یہ عمل پڑھوں گا اُس وقت آپ کو آنا ہوگا۔ وہ وعدہ کرے گا آپ اس کا ہاتھ چھوڑ دیں۔ اب جب بھی آپ یہ آیت پڑھیں گے وہ حاضر ہوگا۔ اور آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا۔ واضح ہو کہ چاند روزانہ ایک وقت پر طلوع نہیں ہوتا۔ اس لیے آپ عمل اس وقت شروع کریں جب چاند سامنے آجائے۔ اگر کسی دن چاند نہ ابھرے یا آخری تاریخیں ہوں تو مغربی سمت نظر کر کے آسمان کے کناروں کو دیکھ کر پڑھیں۔ اور جب چاند نظر آجائے تو پھر یکم سے چودہ تاریخ تک چاند پر نظر کر کے پڑھیں اس میں کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ صرف حرام سے بچیں۔

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## راھنمائے تل شناسی

☆تلوں کے موضوع پر یہ سب سے پہلی اور واحد کتاب ہے۔ اس سے پہلے اس موضوع پر الگ سے کوئی کتاب شائع نہ ہوئی ہے۔

☆اس کتاب میں انسانی جسم کے تمام حصوں پر تلوں کے اثرات اور احکام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

☆عورت یا مرد کے حوالے سے تلوں کے اثرات و احکام میں کیا فرق ہے؟ یہ امر اس کتاب کی اہم خاصیت ہے۔

قیمت 40 روپے علاوہ محصول ڈاک

# کرشمہ حاضرات

گذشتہ سے پیوستہ

## ہمزاد قابو کرنا

از: ملازم حسین، اسلام آباد۔

### دوسرے کا ہمزاد

اس کو مُردہ اُٹھانا بھی کہتے ہیں۔ غیر مذہب کے لوگ یا ایسے لوگ جو کہ بدکار ہوتے ہیں موت کے وقت اُن کے ہمزاد بھاگ جاتے ہیں۔ اور وہ زندہ رہتے ہیں۔ اور پھر عاملین ان کو تسخیر کرتے ہیں مگر یاد رہے مسلمان بدکار کو اٹھا سکتے ہیں۔ نیک بندے جو اُس کے ہوتے ہیں۔ اُن کا ہمزاد بوقت موت ساتھ ہی قتل ہو جاتا ہے۔ لہذا وہ نہیں اُٹھتے۔ محنت برباد ہوتی ہے۔

### مردہ اُٹھانے کی ترکیب (یعنی کسی مردہ شخص کا ہمزاد قابو کرنا)

اس سلسلہ میں جو ضروری ہدایات ہیں۔ اُن کو تفصیل سے لکھا جا رہا ہے۔

(۱) عموماً دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ بچے یا منگل کو فوت ہوتے ہیں۔ وہ اس مقصد کے لیے بہتر ہوتے ہیں۔ ان کے ہمزاد آسانی کے ساتھ تسخیر کیے جاتے ہیں۔

(۲) جو بات ضروری ہے وہ یہ ہے کہ مرنے والے کا نام اور اس کی ماں کا نام معلوم ہونا چاہیے۔ اگر نام معلوم نہ ہو تو کسی طریقے سے نام معلوم کرے۔ یہ انتہائی ضروری ہے ورنہ اس کے بغیر مقصد حل نہ ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے ماں کا نام معلوم نہ ہو سکے تو پھر صرف ایک ہی نام سے عمل پڑھیں۔

(۳) جب مردے کو نہلایا جائے تو اُس وقت مردے کے جسم کے ساتھ جو روئی یا کپڑا مس ہوا اس کو حاصل کرو اور اس کو چھپا دیں تا کہ کسی دوسرے شخص کی نظر اس پر نہ پڑھے۔

(۴) جس دن کوئی شخص فوت ہو اُسی دن اُس کی قبر پر جاؤ۔ پھول عطر وغیرہ چڑھائے فاتحہ پڑھے اور یہ کہے کہ کل ہم تمہیں لینے آئیں گے تیار رہیں۔ لہذا دوسرے روز قبر پر جا کر تھوڑی سی مٹی اُٹھا لاؤ۔

(۵) اگر ہندو ہے تو مرگھٹ جائے اور چتا کی خاک اُٹھا لائے۔ یاد رہے کہ یہ سب کچھ کرتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو ہرگز نہ دیکھے ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

### ہمزاد کی شکل اور اُس کا حاضر ہونا

ہمزاد خواہ کسی بھی طریقے سے تسخیر کیا جائے شروع شروع میں سفید سا نور نظر آتا ہے اور اس میں وہ دکھائی دیتا ہے لیکن شکل واضح نہیں ہوتی۔ غور سے دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کوئی سایہ سا ہو لیکن بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ ہمزاد اچانک ہی سامنے آ جاتا ہے۔ ہو بہو عامل کی شکل وہی لباس نام بھی اُس کا وہی ہوگا۔ یاد رہے کہ یہ آپ کا جسم لطیف ہوتا ہے اس سے ڈرنا نہیں چاہیے۔ بعض لوگوں کو کئی کئی دن صرف ہمزاد کی آوازیں سنائی دیتی ہیں یا چلتے پھرتے ایسا لگتا ہے جیسے کہ کوئی ساتھ ہو لیکن کچھ نظر نہیں آتا۔ بعض ہمزاد عاملین کو دھوکا دیتے ہیں۔ مسافر یا کسی بزرگ کے روپ میں ملتے ہیں یا مہمان بن کر گھر آ جاتے ہیں۔ اس لیے ہر آنے جانے اور ملنے والے پر نظر رکھنی چاہیے۔ بلکہ عامل کو چلہ کے دوران نہایت ہی ہوشیار رہنا چاہیے۔ اب یہ بات کہنا کہ ہمزاد اسطرح نظر آئے گا یا اس طریقے سے حاضر ہوگا درست نہیں ہے۔ ہر انسان کے ساتھ عجیب اور طرح طرح کے واقعات پیش آتے ہیں۔ دوران چلہ جو واقعات ایک شخص کے ساتھ پیش آتے ہیں کوئی ضروری نہیں کہ دوسروں کے ساتھ بھی ایسا ہی ہو۔ اس لیے ہر چیز کو مد نظر رکھنا چاہیے کہ میرے ساتھ کچھ بھی ہو سکتا ہے۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

غزنوی کتب خانہ، قندھاری منان چوک، کوئٹہ۔
70 سالہ دشا (تفصیلی)۔ فیس-/1550 روپے

### عمل کی شروعات

عمل شروع کرنے سے قبل درج ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔ ایک تو آپ کو ناکامی نہ ہوگی دوسرا آپ رجعت سے بھی محفوظ رہیں گے۔

(۱) عمل شروع کرنے سے قبل کسی عامل کامل سے اجازت لے لیں بلکہ بہتر ہوگا کہ اس طرح کے اعمال مُرشد کی زیرِ نگرانی کریں۔

(۲) جو عمل آپ نے پڑھنا ہے اس کی زیر زبر درست کروالیں اور اچھی طرح زبانی یاد کرلیں۔ تاکہ آپ چلہ کے دوران اس کو روانی سے پڑھ سکیں۔

(۳) اگر آپ نے اپنی سایہ پر نظر جما کر کوئی عمل پڑھنا ہے تو اس کے لیے پہلے کچھ روز مشق کرلیں تاکہ آپ سایہ پر زیادہ دیر تک نظر جما سکیں۔ مشق کرنے کی صورت میں آنکھیں زیادہ دیر تک سایہ کو دیکھنے کی عادی ہو جاتی ہیں۔ اس لیے دوران عمل آنکھوں سے پانی وغیرہ نہیں اتا۔ اور نہ ہی کسی طرح کی تکلیف آنکھوں میں محسوس ہوتی ہے۔

(۴) ہر عمل کے ساتھ حصار لکھا ہوا ہوتا ہے۔ اگر کسی عمل کے ساتھ حصار لکھا ہوا نہ ہو تو آپ چاروں قل شریف ایک ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے گرد حصار کرلیں اسی طرح آپ کو عمل سے قبل روزانہ حصار کرنا پڑے گا۔

(۵) عمل پڑھتے وقت عامل کی جیب یا گلے میں کسی طرح کا تعویذ نہیں ہونا چاہیے۔ نہ ہی کوئی اس طرح کی چیز حصار کے اندر لے کر جائے۔

(۶) اگر چراغ جلانا ہے تو اس کو جلا کر پشت پر رکھیں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ کہیں اس کو ہوا وغیرہ نہ لگے اور شعلہ ساکت رہے۔

(۷) دوران عمل ڈر خوف آتا ہے۔ طرح طرح کے واقعات پیش آتے ہیں۔ آوازیں بھی آتی ہیں۔ بھیانک شکلیں بھی نظر آتی ہیں۔ لازم ہے کہ اس طرف دھیان مت دیں جو کچھ ہوگا وہ حصار کے باہر ہی ہوگا۔ حصار کے اندر کوئی چیز داخل نہیں ہو سکتی۔

(۸) اگر دوران چلہ ہمزاد حاضر ہو تو اس سے بات چیت مت کریں۔ جب تک چلے کا اختتام نہ ہو۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

(۹) آپ نے چلہ شروع کیا ہمزاد حاضر نہیں ہوا تو اس چلے کو مت چھوڑیں۔ اس کو لگاتار جاری رکھیں۔ آپ نے دوسرا چلہ شروع کیا۔ اس دوران اگر ہمزاد حاضر ہو جائے تو پھر آپ بات چیت کرسکتے ہیں۔

**نکتہ:** اپنے سایہ پر نظر رکھ کر ہمزاد کے اعمال پڑھنے کے علاوہ بھی کئی طریقے ہیں۔ کچھ اس طرح کے نقش ہوتے ہیں جن میں کالا نشان ہوتا ہے۔ کالے نشان پر نظر جما کر عمل پڑھا جاتا ہے اس کے علاوہ کچھ نقش بنائے جاتے ہیں۔ ان کے استعمال کے کئی طریقے ہیں۔ مردے کے ہمزاد کو ڈبیہ میں بند کرکے مختلف کام لیے جاتے ہیں۔ اب اسی طرح کا ایک عمل پیش خدمت ہے جو کہ حُب کا ہے۔

# برائے حُب (سفلی)

## سورج گرھن کا عمل

**منتر:**

چَندر ہمارے مَن وَسے سُورج کرے رَسوُ
سَنَ مَنت ہمارے مَستک بیٹھا بُول نہ سکے کُو
ستھ کباب منہ کباب کرے خدایا خدایا

**ترکیب:**

پہلے دو تانبہ کے پترے اپنے پاس رکھیں جب سورج گرہن لگے اور جب تک لگا رہے اُس وقت تک یہ منتر پڑھتے رہیں۔ عمل پڑھتے وقت چھت سر پر نہ ہو۔ عمل پڑھ کر ان تانبہ کے پتروں پر پھونک ماردیں۔ اور ان کو سنبھال کر رکھ لیں۔ جب کسی کا جنازہ جائے تو اُس کے جنازے سے نکال کر وہ دونوں تانبہ کے پترے اُس مُردے کے اوپر سے پھینک دیں۔

جو تانبہ کا پترا آگے گرے گا اُس کا ڈھکنا بناؤ۔ اور جو دوسرا تانبہ کا پترہ پیچھے گرے اُس کی ڈبیہ بنوالو۔ اب اُسی روز اُس مردے کی قبر پر جاؤ اور مذکورہ بالا منتر گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اُس مردے کی قبر سے مٹی اُٹھاؤ۔ اور عمل پڑھ کر مٹی پر پھونکو اور مردہ کی مٹی اُس ڈبیہ میں بند کردو۔ یعنی اُس مردے کا ہمزاد ڈبیہ میں مقید ہو جائے گا۔ دو دن بعد مٹی پھینک دو۔

بس اب جب کسی مطلوب کو بلانا ہو تو مطلوب کے پاؤں کی مٹی اُٹھا کر ڈبیہ میں بند کردو عمل کوئی نہ پڑھو۔ مطلوب پیچھے پیچھے آئے گا۔ جب اُس سے پیچھا چھڑانا ہو تو مٹی ڈبیہ میں سے نکال کر پھینک دو۔ محبت ختم ہو جائے گی۔ (ختم)

free copy
khalidrathore.com

**بچے کا نام**

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کرسکتے ہیں۔ آپ کے بچے کے بہت سے مسائل حل ہوسکتے ہیں۔

ارشاد بک ڈپو تھانہ چوک میلسی۔
لوح دست غیب تانبے پر ۲۰۰ روپے۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے

# ذاتی اسم اعظم

از: بشیر احمد چشتی، صوابی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذاتی نام "اللہ" ہے اور اس کے علاوہ تمام اسماء الحسنٰی اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ہیں۔ صفاتی نام تین قسم کے ہیں، صفت سلبی پر دلالت کرنے والے جیسے سبحان، قدوس، اولیٰ وغیرہ صفت ثبوتیہ حقیقیہ پر دلیل جیسے علیم، قادر، یا ثبوتیہ اضافیہ پر دلیل جیسے حمید، ملک، مالک الملک وغیرہ۔ انہی ناموں کے بارے میں اللہ تبارک وتعالیٰ فرقان حمید میں ارشاد فرماتا ہے (اللہ ہی کے ہیں بہت اچھے نام تو اس کو ان ناموں سے پکارو)۔ اسی طرح حدیث شریف میں حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا (بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کر لے وہ جنتی ہو گیا)۔ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے نام ننانوے میں منحصر نہیں ہیں بلکہ اس سے بہت ہی زیادہ ہیں جس کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ حدیث شریف کا مفہوم ومقصود یہ ہے کہ ان ناموں کے پڑھنے اور یاد کرنے سے انسان جنتی ہو جاتا ہے۔ اسی طرح شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوۃ، میں ایک ہزار اسماء الحسنٰی گنائے ہیں۔ بات ہو رہی تھی ننانوے نام باری تعالیٰ کی، تو ناظرین کرام جو کوئی اللہ تعالیٰ کو ان اسماء الحسنٰی کے ساتھ مصیبت کے وقت پکارتا ہے تو اللہ تبارک تعالیٰ اس کی مصیبت دور کر دیتا ہے۔ اسی طرح رزق میں وسعت، جسمانی وروحانی، دین ودنیا کی سلامتی حتیٰ کہ ہر طرح کی مشکلات کے لیے اسماء الحسنٰی بہترین وظیفہ ہے۔

قارئین کرام! آج کی محفل میں ہم ایک ایسا عمل ہدیہ ناظرین کر رہے ہیں جو قضاء حوائج، وسعت رزق اور تمام پریشانیوں، بیماریوں کے لیے سیف قاطع ہے۔ یہ عمل دراصل علم الحروف کے طریق پر اپنے نام کے موافق اسماء الحسنٰی کا استخراج کرنا ہے۔ جو اس فن کے علماء نے وضع کر کے ہر دور میں اُسے پوشیدہ رکھا مگر میں بہت محنت اور کاوش کے بعد اُسے ترتیب دے کر اس کو "ماہنامہ راہنمائے عملیات" کے زیب قرطاس کر رہا ہوں۔ دراصل یہ سب میرے علمی بھائی محمد طارق مصطفوی صاحب کا ذوق ہے، جو علم لینا بھی جانتے ہیں اور پھیلانا بھی، اکثر مجھے ترغیب دے کر اس کار خیر کی طرف بلاتے رہتے ہیں۔

عزیزان من! اس عمل کی قدر وقیمت صاحب بصیرت حضرات ہی جانتے ہیں۔ مگر جو حضرات یہ طریقہ اختیار کر کے عمل پڑھیں گے خود بخود ان پر اس کے انوار وبرکات منکشف ہو جائیں گی۔ یہ بہت ہی جامع عمل ہے جو حضرات اس عمل سے مستفید ہوں ہم دونوں علمی بھائیوں کو دعاء خیر سے یاد فرمائیں۔

## طریقہ عمل کی تفصیل

اپنے نام کے تین حروف، مستوی، دلیلی، سری استخراج کر کے ان کے موافق اسم الٰہی نکالو اور پھر انہی حروف کے عدد کے موافق پڑھو ہر ایک مطلب آسان ہوگا۔ حروف مستوی، دلیلی، سری نام یا اسم سے استخراج کرنے کا طریقہ یہ ہے۔

سب سے پہلے نام سے حرف مستوی نکالنا چاہیے۔ ہر نام کا پہلا حرف، حرف مستوی کہلاتا ہے۔ مثلاً محمد میں م۔ پھر مطلوبہ نام کے اعداد جمل کبیر سے استخراج کریں۔ اس کے بعد ان اعداد کو منازل قمر 28 پر تقسیم کریں۔ یہاں تک کہ منازل قمر 28 کے برابر یا کم رہ جائیں تب ان اعداد کو حروف ابجد پر طرح کرو۔ جس حرف پر عدد منتہی ہوا وہ حرف دلیلی ہے۔ پھر اس حرف دلیلی کے اعداد کو منازل قمر پر تقسیم کریں جو اعداد باقی رہے ان کو حروف ابجد پر طرح کریں جس حرف پر عدد منتہی ہوا وہ حرف سری ہے۔

**مثال:** ہم محمد کے حروف، مستوی، دلیلی، سری استخراج کرتے ہیں۔ محمد میں چونکہ پہلا حرف "م" ہے اس لیے حرف مستوی، م ہوا۔ پھر محمد کے اعداد جمل کبیر استخراج کرنے سے کل 92 ہوئے۔ اب ان اعداد کو منازل قمر پر تقسیم کرنے سے باقی 92÷28=باقی=8 پھر عدد 8 کو حروف ابجد پر طرح کیا تو آٹھواں حرف "ح" آیا اس لیے حرف دلیلی "ح" ہوا۔ اب اس حرف دلیلی ح کے اعداد جمل کبیر سے استخراج کیے تو 8 آئے۔ چونکہ آٹھ عدد کم ہیں منازل قمر 28 پر تقسیم نہیں ہو سکتے۔ اس لیے منازل قمر سے آٹھ کو کم کیا 28-8=20۔ اب 20 کو حروف ابجد پر طرح کیا تو "ر" پر عدد منتہی ہوا اس لیے "ی" حرف سری ہوا۔

کل تینوں حروف مستوی، دلیلی اور سری یہ ہوئے۔ م، ح، ر۔ اب اسماء الحسنٰی میں سے ایسا اسم الٰہی تلاش کریں جس کے تینوں حروف، بھی "م ح ر" ہو۔ تو ہم نے اسماء الحسنٰی میں سے اسم "مغنی" تلاش کیا جا سکے۔ تینوں حروف بھی "م ح ر" ہیں جس کی وضاحت مثال کے ذریعے ہو جائے گی۔ مثال اسم مغنی کی یہ ہے۔ اسم الٰہی "مغنی"۔ حرف مستوی "م"۔ اسم مغنی کے اعداد جمل کبیر سے 1100۔ منازل قمر پر تقسیم کرنے سے 1100÷28 باقی=8۔ حروف ابجد

free copy khalidrathore.com


لوح آیت الکرسی - تانبے پر ۲۱۰۰ روپے

پر طرح کرنے سے آٹھواں حرف "ح"۔ تو "ح" حرف دلیلی ہوا۔ اب حرف سَری کے لیے حرف دلیلی "ح" کے اعداد جمل کبیر سے استخراج کئے 8 آئے اب ہم آٹھ کو منازل قمر پر تقسیم کریں گے لیکن آٹھ عدد کم ہیں تقسیم نہیں ہوتے۔ اس لیے 28 سے تفریق کئے 28-8=20۔ اب حروف ابجد پر طرح کیا تو بیسواں حرف "ر" ہے۔

اب ہمارے پاس تینوں حروف مستوی' دلیلی اور سری یہ آئے۔ "م ح ر" اور محمد کے بھی یہی حروف ہیں۔ پس جس کا نام محمد ہو اس کے لیے اسم الٰہی "مغنی" کا ورد کرنا چاہیے کیونکہ اس کے نام کے تینوں حروف "م ح ر" اور اسم الٰہی مغنی کے تینوں حروف "م ح ر" ایک ہیں۔ اب اگر محمد اسم الٰہی مغنی کا ورد تینوں حروف کے اعداد کے موافق کرے گا تو اس کی تمام مشکلات اور مہمات اسی اسم اعظم کی برکت سے آسان ہو جائیں گی۔

میں نے ایک جدول تیار کی ہے جس میں اسماء الحسنیٰ ان کے حروف مستوی' دلیلی اور سری مع ان کے اعداد کے درج ہیں۔ فھو ھذا۔

## جدول اسماء الحسنی

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ ۶۶<br>ا ی ص | رحمن ۲۹۸<br>ر ص و | رحیم ۲۵۸<br>ر و ت | ملک ۹۰<br>م و ت | قدوس ۱۷۰<br>ق ب ض | سلام ۱۳۱<br>س ق ع | مومن ۱۳۶<br>م ن ت | مھیمن ۱۴۵<br>م ھ ث | عزیز ۹۴<br>ع ی ص |
| جبار ۲۰۶<br>ج ی ص | متکبر ۶۶۲<br>م ص و | خالق ۷۳۱<br>خ ج ذ | باری ۲۱۳<br>ب ف خ | مصور ۳۳۶<br>م غ ر | غفار ۱۲۸۱<br>غ ش ر | قہار ۳۰۶<br>ق ض ع | وھاب ۱۴<br>و ن ت | رزاق ۳۰۸<br>ر غ ر |
| فتاح ۴۸۹<br>ف م ل | علیم ۱۵۰<br>ع ی ص | قابض ۹۰۳<br>ق ز ش | باسط ۷۲<br>ب ع ن | خافض ۱۴۸۱<br>خ ذ غ | معز ۱۱۷<br>م ھ ث | رافع ۳۵۱<br>ر ص د | مذل ۷۷۰<br>م ن ت | سمیع ۱۸۰<br>س ل ب |
| بصیر ۳۰۲<br>ب ت ح | حکیم ۷۸<br>ح ت ح | عدل ۱۰۴<br>ع ر د | لطیف ۱۲۹<br>ل ف خ | خبیر ۸۱۲<br>خ غ ر | رقیب ۳۱۲<br>ر د خ | حلیم ۸۸<br>ح د خ | مجیب ۵۵<br>م ظ د | واسع ۱۳۷<br>و ص د |
| حکم ۶۸<br>ح ل ب | ودود ۲۰<br>و ح ر | عظیم ۱۰۲۰<br>ع ل ب | غفور ۱۲۸۶<br>غ ض ع | شکور ۵۲۶<br>ش ت ح | علی ۱۱۰<br>ع ض ع | کبیر ۲۳۲<br>ک ح ر | حفیظ ۹۹۸<br>ح ص و | مقیت ۵۵۰<br>م ص و |
| حسیب ۸۰<br>ح خ ل | جلیل ۷۳<br>ج ف خ | کریم ۲۷۰<br>ک ص و | باعث ۵۷۳<br>ب ف خ | شہید ۳۱۹<br>ش ک ح | حق ۱۰۸<br>ح خ ل | قوی ۱۱۶<br>ق د خ | وکیل ۶۶<br>و ی ص | متین ۵۰۰<br>م خ ل |
| ولی ۴۶<br>و ص و | مجید ۵۷<br>م ا ظ | حمید ۶۲<br>ح و ت | محصی ۱۴۸<br>م ح ر | مبدی ۵۶<br>م غ ر | معید ۱۲۴<br>م ل ب | محی ۶۸<br>م ل ب | ممیت ۴۹۰<br>م ن ت | حی ۱۸<br>ح ی ص |
| قیوم ۱۵۶<br>ق ع ن | واجد ۱۴<br>و ن ت | ماجد ۴۸<br>م ر د | واحد ۴۸<br>و ط ق | احد ۱۳<br>ا س د | صمد ۱۳۴<br>ص ت ح | قادر ۳۰۵<br>ق ذ غ | مقتدر ۷۴۴<br>م ع ن | مقدم ۱۸۴<br>م ع ن |
| مؤخر ۸۴۶<br>م و ت | اول ۳۷<br>ا ط ق | آخر ۸۰۱<br>ا ع ن | ظاہر ۱۱۰۶<br>ظ ن ت | باطن ۶۲<br>ب و ت | والی ۴۷<br>و ق ع | متعالی ۵۵۱<br>م ق ع | بر ۲۰۲<br>ب و ت | تواب ۴۰۹<br>ت ق ع |
| منتقم ۶۳۰<br>م ن ت | منعم ۲۰۰<br>م د خ | عفو ۱۵۶<br>ع غ ن | رؤف ۲۸۶<br>ر و ت | مالک الملک<br>۲۱۲ م ع ن | ذوالجلال والاکرام<br>۱۱۰۰ ذ ح ر | رب ۲۰۲<br>ر و ت | مقسط ۲۰۹<br>م م ل | جامع ۱۱۴<br>ج ب ض |
| غنی ۱۰۶۰<br>غ خ ل | مغنی ۱۱۰۰<br>م ح ر | معطی ۱۲۹<br>م ف خ | مانع ۲۰۱<br>م ھ ث | ضار ۱۰۰۱<br>ض ش ر | نافع ۱۶۱<br>ن ش ر | نور ۲۵۶<br>ن د خ | ہادی ۲۰<br>ہ ح ر | بدیع ۸۶<br>ب ب ض |
| باقی ۱۱۳<br>ب ا ظ | وارث ۷۰۷<br>و ز ش | رشید ۵۱۴<br>ر ی ص | صبور ۲۹۸<br>ص ص و | ستار ۶۶۱<br>س ف خ | نعیم ۱۷۰<br>ن ب ض | | | |

**عمل پڑھنے کے لیے شرائط:** ☆اول آخر درود شریف سات' گیارہ یا اکیس دفعہ ضرور پڑھیں۔ ☆اسم الٰہی کو تینوں حروف کے اعداد کے موافق پڑھیں۔ ☆اسم الٰہی کے معنی پر توجہ مرکوز کر کے ورد کریں اور نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ ☆پابند صوم وصلوٰۃ' رزق حلال اور صدق مقال ہونا ضروری ہے۔ ☆اگر ایک اسم الٰہی آپ کے نام کے حروف کے مطابق نہ ملے تو پھر دو اسم ملا کر قاعدے کے مطابق استخراج کریں۔ جیسے بشیر کے حروف "ب ح ر" ہیں۔ اب اسماء الحسنٰی میں سے ایک اسم نہیں ملا تو باسط اور ودود کو ملا کر قاعدے کے مطابق حروف استخراج کیے جو 'ب ح ر' حاصل ہوئے۔ علے ہذا القیاس تین بھی ملا سکتے ہیں۔ مگر نام اور ایک اسم الٰہی کا سرِ حرف ایک ہونا چاہیے۔ جیسے باسط اور بشیر میں 'ب' ہے اور پڑھنے میں بھی اسی اسم الٰہی کو باقی پر مقدم کرنا چاہیے۔ ختم شد۔

ستار نیوز ایجنسی' بک سیلرز اینڈ سٹیشنری مارٹ' بازار کلاں' پشاور
زچگی' امراض خواتین تانبہ پر ۷۰ روپے' چاندی پر ۱۰۰ روپے

آپ اپنے جذبات میں اچانک ردوبدل محسوس کریں گے۔ کبھی کبھی خود کو بہت ست اور کبھی پُر جوش محسوس کریں گے۔ جوش میں ضرور آئیں مگر ہوش کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور زیادہ جذباتی نہ ہوں۔ خاص طور پر گاڑی یا موٹر سائیکل چلاتے وقت حاضر دماغ اور پُرسکون رہیں۔ جلد بازی میں حادثہ ہوسکتا ہے۔

خواتین زیادہ تر جذباتی کیفیت کا شکار رہیں گی۔ کمزور اعصاب کی خواتین کو چاہیے کہ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں کو دل پہ نہ لیں اور نہ ہی زیادہ سوچیں۔ رات کو جلدی سونے کی کوشش کریں۔ اور اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ مصروف رہیں۔ غیر شادی شدہ ہیں تو مردوں کے ساتھ تعلقات میں ایک فاصلہ رکھیں۔ البتہ اگر کوئی شادی کے لیے پروپوز کرے تو اُس کا مثبت جواب دینا فائدہ مند ہوسکتا ہے۔ صحت خراب ہوسکتی ہے۔ اس لیے کھانے پینے میں بے احتیاطی نہ کریں۔ پانی کا زیادہ استعمال رکھیں۔ شادی یا دوسری سوشل تقاریب میں نئے لوگوں سے تعلقات پیدا ہوں گے۔ خود بھی زیادہ تر سفید یا کریم کلر کے لباس کا استعمال کریں اور ایسے لوگ جو سفید رنگ کا لباس پہننا پسند کرتے ہوں یا جنہوں نے پہن رکھا ہو فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ گھریلو معاملات میں جذباتی رویہ معاملات میں بگاڑ پیدا کرسکتا ہے۔ اس لیے اپنے چڑچڑے پن اور غصے پر قابو رکھیں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 12-8-4-3 |
| نحس تاریخیں | 14-7-5 |

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 8-2 |
| صدقہ | کچے چاول |

# آپ کا عدد اور یہ ماہ

**از:** قیصر عباس، لاہور۔

ذاتی عدد معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔

**اول:** تاریخ پیدائش کو آپس میں جمع کر کے مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً 5 مئی 1995=5+5+9+9+1=34=4+3=7

**دوم:** اپنے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد حاصل کرنے کے لیے "عددی جدول" کی مدد لیں۔

مثلاً ہما=ھ۔م۔ا=5+4+1=10=0+1=1

### عددی جدول

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | ا، ی، ق، غ | 2 | ب، پ، ک، گ، ر، ڑ |
| 3 | ج، چ، ل، ش | 4 | د، ڈ، م، ت، ٹ |
| 5 | ھ، ن، ث | 6 | و، س، خ |
| 7 | ز، ژ، ع، ذ | 8 | ح، ف، ض |
| 9 | ط، ص، ظ | | |

**عدد.....1-**

اگر آپ ایک عرصے سے بیرون ملک جانے کی کوششیں کر رہے ہیں اور ابھی تک اُن کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا تو فکر مند نہ ہوں۔ اس ماہ میں ضرور کوشش کریں۔ بار آور ثابت ہوگی۔ معاشی معاملات میں کوئی خاص تبدیلی نہیں آئے گی۔ البتہ غیر متوقع کامیابی مل سکتی ہے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے بھی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ کاروبار کی ترقی یا لوگوں کی تلاش کے لیے اندرون ملک سفر فائدہ دے گا۔ غیر شادی شدہ خواتین وحضرات کی شادی، منگنی یا دوستی کے لیے کی گئی کوششیں فائدہ مند ثابت ہوں گی۔ جنس مخالف سے تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ کسی بھی معاملے میں ذاتی کوشش سے زیادہ دوسروں کی وجہ سے کامیابی ملے گی۔ جگہ کی تبدیلی بھی متوقع ہے۔

**عدد.....2-**

اگر آپ کا تعلق فنون لطیفہ سے ہے تو اس ماہ میں آپ کو بھرپور کامیابیاں ملتی نظر آتی ہیں۔ اگر تعلق نہیں ہے تو پھر بھی یہ ماہ آپ کو کامیابی دے گا۔ نئے لوگوں سے تعارف حاصل ہوگا۔ گورنمنٹ سے متعلقہ کاموں میں کامیابی ملے گی۔ آپ کو گھریلو اور ازدواجی خوشیاں حاصل ہوں گی۔ آپ کا چھوٹا بھائی آپ کو قدرے فائدہ دے گا۔ جہاں والد کے ساتھ قدرے بدمزاجی پیدا ہوگی وہیں آپ کو والد کی طرف سے فائدہ ملے گا۔ کوئی نیا کام مل سکتا ہے جس سے آپ کا سٹیٹس بڑھے گا۔ شادی شدہ حضرات کو سُسرال کی طرف سے فائدہ مل سکتا ہے۔ خاص طور پر سب سے بڑے سالے کی طرف سے۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

لوح خوش قسمتی ہدیہ چاندی پر ۲۰۰ روپے
ملٹی لائن بکس، ریگل چوک لاہور

ضروری بات یہ بھی یاد رکھیں کہ اس ماہ میں آپ کے اندر مبالغہ آمیزی کے جراثیم بھی پیدا ہوتے نظر آتے ہیں۔ اس لیے دوسروں کے معاملات میں خواہ مخواہ ٹانگ نہ اڑائیں۔ کم بولنا زیادہ بہتر رہے گا۔ لوگ بعد میں آپ سے گلہ بھی کرسکتے ہیں۔ آپ پہلے ہی ذہنی طور پر پریشان ہیں اس لیے جلد بازی سے پرہیز کریں۔

خواتین خاص طور پر اپنے جذبات پر قابو رکھیں۔ ازدواجی معاملات میں شوہر کی رائے کو ترجیح دیں۔ سُستی اور لاپرواہی کو قریب نہ آنے دیں۔ ایسے کام کریں جو مختصر مدت کے ہوں اُن میں فائدہ ہوسکتا ہے۔ سُسر کے ساتھ کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے۔ اس لیے بات کو زیادہ طول نہ دیں۔ گھر کی سب سے بڑی خاتون آپ سے جدا ہوتی نظر آتی ہیں۔ اندرون ملک سفر بھی کرتی نظر آتی ہیں۔ اگر آپ محسوس کرتی ہیں کہ آپ پر جادو ہوا ہے اور آپ اُس کی وجہ سے بیمار رہتی ہیں تو اس ماہ میں علاج کروانا' جادو کا توڑ کروانا یقیناً فائدہ مند ثابت ہوگا۔ سوشل تقاریب میں نئے لوگوں سے تعارف حاصل ہوگا۔ اور دوستی کا سلسلہ چل پڑے گا۔ اپنے چھوٹے بھائی پر نظر رکھیں۔ اُس کی توجہ غلط ذرائع آمدن کی طرف ہوسکتی ہے۔ جس کا نتیجہ غلط نکل سکتا ہے۔ اُسے نماز کی طرف راغب کریں۔ خود بھی اللہ کو یاد رکھیں۔ نماز پڑھیں اور اُس کے حق میں دعائے خیر کریں کہ وہ کسی قسم کے حادثے سے محفوظ رہے اور نہ ہی اُسے جرمانہ یا سزا ہو۔ اچانک سیر و تفریح کے لیے جاسکتی ہیں۔ اگر اولاد کی توقع ہے تو انشاء اللہ بیٹا ہوگا۔ گھریلو اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 25-7-5-2 | لکی نمبر | 7-5 |
| نحس تاریخیں | 24-15-6-4 | صدقہ | زردہ چاول |

**عدد......3**

ذرائع آمدن میں اچانک فائدہ مل سکتا ہے۔ خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ دوران گفتگو خود کو کافی بولڈ محسوس کریں گے۔ اس ماہ میں ذاتی گھر خریدنے سے متعلقہ کوششیں کامیابی سے ہمکنار کرسکتی ہیں۔ سُسرالی رشتہ داروں سے بھی مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔ دوست احباب اخراجات میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ اگر آپ سُنار یا ڈاکٹر ہیں تو کافی کامیاب رہیں گے۔ آپ کسی بھی شعبہ سے تعلق رکھتے ہیں کوشش کریں اپنی ذمہ داریوں میں کوتاہی نہ ہو۔ کسی بھی غیر متوقع صورتحال سے واسطہ پڑھ سکتا ہے جو کہ آپ کے حق میں بہتر نہ ہوگا۔ دوران سفر احتیاط کریں اور اپنے پرس کی بھی حفاظت کریں۔ کیونکہ چوری ہوسکتا ہے جو بھی کام کریں' معاہدہ کریں لکھ کر کریں خاص طور پر زمین' جائیداد کے معاملات میں ذرا بھر کوتاہی نہ کریں۔ دھوکہ ہوسکتا ہے۔ سب سے بڑی بیٹی کو صحت کا معاملہ درپیش آسکتا ہے۔ اس لیے اُس کی صحت کا خیال رکھیں۔ نوکری پیشہ افراد اپنے ماتحت لوگوں سے محتاط رہیں۔ وہ اُن کے لیے مسائل پیدا کرسکتے ہیں۔

خواتین اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ اعصابی مسائل کا شکار ہوسکتی ہیں۔ خاص طور پر سر درد رہے گا۔ اس لیے صحت کے معاملات میں کوتاہی نہ برتیں۔ اپنی شخصیت کے نکھار پر توجہ دینا زیادہ مناسب رہے گا۔ گھریلو ذمہ داریوں میں کوتاہی برتنے سے مسائل میں اضافہ ہوگا۔ آپ کا کبھی کبھی دل چاہے گا کہ سامنے والے کو کھری کھری سنا دوں مگر تحمل مزاجی کا مظاہرہ کریں۔ اپنی گفتگو میں دھیما پن پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ یقیناً کامیاب ہوں گے۔ توجہ زیادہ کھانا کھانے کی طرف بھی رہے گی۔ خاص طور پر چاول اور کڑاہی وغیرہ۔ غیر شادی شدہ خواتین کے رشتے کی بات چل سکتی ہے۔ اگر کوئی رشتہ آئے گا تو یقیناً وہ شخص گورنمنٹ ملازم ہو گا۔ اگر ایسی بات ہو تو بات بڑھائی جاسکتی ہے۔ دوسری صورت میں خاموشی اختیار کرنا بہتر رہے گا۔ شادی شدہ خواتین بیٹے کے تعلیمی سلسلے کو بہتر بنانے کے لیے جو کوشش کریں گی وہ کامیاب ہوگی۔ اولاد متوقع ہے تو انشاء اللہ بیٹا ہوگا جو نامور ہو گا۔ وہ نہ صرف اپنے لیے بلکہ والدین کے لیے بھی بہتر ثابت ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 24-15-10-1 | لکی نمبر | 6-4 |
| نحس تاریخیں | 14-9-5-3 | صدقہ | دہی |

**عدد......4**

یہ ماہ آپ کو اچانک خوشی یا غمی دیتا نظر آتا ہے۔ جو بھی ملے گا اُس میں شدت ہوگی۔ البتہ آپ کے چھوٹے بھائی' کزن وغیرہ کو فائدہ ملتا نظر آتا ہے۔ آپ یقیناً اس ماہ میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جائیں گے۔ ایک شہر سے دوسرے شہر کا سفر پیش آسکتا ہے۔ آپ اور آپ سے چھوٹوں کے درمیان کسی نہ کسی بات پر معمولی جھگڑا بھی ہوسکتا ہے۔ کاروباری معاملات کی بہتری کے لیے اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ البتہ آپ کے کام میں آپ کا ماموں زاد آپ کو سپورٹ کرسکتا ہے۔ بے روزگار افراد اگر نوکری حاصل کرنے کے لیے دوسرے شہر کا رخ کریں تو یقیناً کامیاب ہوسکتے ہیں۔ دوران سفر اپنے پرس کا ضرور خیال رکھیں چوری ہوسکتا ہے یا روپے گر سکتے ہیں۔ اپنا روٹین کا کام جاری رکھیں۔ وقتی طور پر آپ کی سیٹ تبدیل ہوسکتی ہے۔ مالی معاملات میں انعامی سکیم سے اچانک فائدہ ہوسکتا ہے۔ ویلفیئر کے کام آپ کی عزت اور وقار میں اضافے کا

حامد برادرز' چوک انارکلی لاہور
طلسم تسخیر و حاجت ہدیہ چاندی پر ۳۶۰۰ روپے

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions
file_4_[1-13]

باعث ہوں گے۔ بزرگ افراد اپنے بڑے بیٹے کے ساتھ اُس کے ذاتی معاملات میں اُسے فی الحال مشورہ نہ دیں اُن کی دل شکنی ہوسکتی ہے۔

خواتین اس ماہ میں سیر و تفریح کرتی نظر آتی ہیں۔ اُن کے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا۔ نئے لوگوں سے تعارف پیدا ہوسکتا ہے۔ کسی ذہین اور بولڈ لڑکی کے ساتھ دوستی ہوسکتی ہے۔ غیر شادی شدہ خواتین کے ہاں اُن کے کزن کا رشتہ آسکتا ہے۔ جو کہ یقیناً ہائی سٹیٹس رکھتا ہوگا۔ اُس کے نقوش تیکھے اور رنگ صاف ہوگا۔ دوستی' شادی' منگنی کی کوششوں میں قدرِ رکاوٹ کے بعد بہتری آئے گی۔ اور رکاوٹ دور ہوجائے گی۔ خواتین کا گولڈ خریدنے کی طرف رجحان رہے گا۔ تعلیمی سلسلہ بہتر ہوگا۔ اچھی اور بہترین کتابوں کا مطالعہ انھیں سکون دے گا۔

خوشبویات اور نئے کپڑے خریدنے سے بھی خوشی ملے گی۔ رات کو دیر تک جاگنا اچھا لگے گا۔ دوسروں کو اپنی قابلیت بتا کر اپنی اہمیت کا احساس بڑھے گا۔ سوشل تقریبات میں جاکر خوشی ملے گی۔ موسیقی اور دوسرے فنون لطیفہ کے کام اپنی طرف متوجہ رکھیں گے۔ کھانے پینے کی طرف دھیان رہے گا۔ کوئی غیر متوقع صدمہ مل سکتا ہے۔ اس لیے صدقہ ضرور دیں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 5-7-9-18 |
| نحس تاریخیں | 2-4-6-13 |

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 5-9 |
| صدقہ | کالے چنے |

**عدد.......5**

اس ماہ میں ذرائع آمدن کوئی زیادہ بہتر نہیں ہوں گے۔ روٹین کا کام جاری رہے گا۔ البتہ اخراجات زیادہ رہیں گے۔ بچوں کے تعلیمی سلسلے کی بہتری کے لیے اخراجات برداشت کرنا پڑیں گے۔ خود اعتمادی اور حقیقت پسندی کے ساتھ تمام ذمہ داریوں کو پورا کرنا آپ کے وقار میں اضافہ کرے گا۔ اگر آپ ذاتی گھر خریدنے یا تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو یہ ماہ اس کام کے لیے کافی مفید ہے۔ نئی گاڑی خریدنا بھی بہتر رہے گا۔ تاہم کسی بھی معاملے میں زیادہ بحث و مباحثہ سے پرہیز کریں۔ سوشل ورک کے کاموں کی طرف آپ کی توجہ رہے گی۔ غریب اور نادار لوگوں کی مدد سے آپ کو روحانی خوشی ہوگی۔ کسی بھی فلاحی ادارے کی بہتری کی کوشش کرنے سے آپ کو دلی مسرت ہوگی۔ آپ کی توجہ' سسرالی رشتہ داروں' دور دراز کے عزیزوں کی طرف رہے گی۔ وہ سب آپ کو اپنے درمیان پاکر خوشی محسوس کریں گے۔ نوکری پیشہ افراد کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ کسی ساتھی کی شادی' منگنی کی تقریب میں جانے کا موقع ملے گا۔ کھانے پینے کی طرف دھیان رہے گا۔ وزن بڑھ سکتا ہے۔ کسی پرانے دوست سے اچانک ملاقات ہوسکتی ہے۔ کہیں جائیں تو گھر میں کسی کو چھوڑ کر جائیں۔ خالی تالے لگا کر نہ جائیں۔ خدانخواستہ چوری ہوسکتی ہے۔ گھر کی زیبائش کے لیے کوئی نئی چیز خریدیں تو اُس کی زیادہ نمائش نہ کریں۔ آپ خود محسوس کریں گے کہ لوگ آپ سے حسد کرتے ہیں۔

خواتین اپنی پوری توجہ گھر پر رکھیں گی۔ اُن کی ضروریات میں اضافہ ہوگا۔ گھر کی زیب و آرائش کے لیے فرنیچر نئے پردے وغیرہ خریدیں گی۔ گھر میں پارٹی ارینج کرنے کا دل چاہے گا۔ مگر کھانے پینے کی اشیاء کا استعمال مناسب رکھیں۔ جسم موٹاپے کی طرف مائل ہوجائے گا۔ توجہ کا مرکز سب سے چھوٹا بیٹا یا چھوٹا بھائی رہے گا۔ اگر بہت کفایت شعاری کے ساتھ ضروریات زندگی کو استعمال کرتی ہیں تو پھر بھی جب آپ بازار جائیں گی تو دل چاہے گا ساری مارکیٹ کی چیزیں گھر لے جاؤں۔ سیڑھیاں اترتے' چڑھتے احتیاط کریں۔ بھاگتے ہوئے چڑھنے یا اترنے سے پاؤں میں موچ آسکتی ہے۔ شادی شدہ خواتین کے ہاں اگر اولاد متوقع ہے تو بیٹی پیدا ہوگی جو کہ خوبصورت ہونے کے ساتھ ساتھ ذہین ہوگی مگر اُس کے مزاج میں تیزی ہوگی۔ اُس کے خواب اور خواہشات بے شمار ہوں گی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی شادی' منگنی کا سلسلہ آگے بڑھے گا۔ راہ چلتے ہوئے بھی کوئی پرپوز کرسکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 4-8-17-22 |
| نحس تاریخیں | 1-11-14-21 |

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 4-6 |
| صدقہ | اُبلے چاول |

**عدد.......6**

مجموعی طور پر یہ ماہ آپ کے لیے بہتر نہیں ہے۔ اس لیے روپے کے پیچھے مت بھاگیں۔ اخراجات کو کنٹرول کریں۔ اگر کسی سے قرض لینا ہے تو اس ماہ بالکل اُس سے بات نہ کریں نہ ہی اُس پر زور دیں کہ وہ آپ کو روپے دے۔ جو پاس ہے اُسی پر گزارہ کریں۔ ذہن کو ٹھنڈا رکھیں۔ مزاج میں چڑچڑاپن اور طبیعت میں کھچاؤ کی کیفیت رہے گی۔ اپنی سنانے کی بجائے دوسروں کی سُنیں۔ دوسروں کے سوالات کا پُرسکون انداز میں جواب دیں۔ کاروبار یا نوکری کے معمولات میں لاپرواہی نہ برتیں۔ اپنی توقعات دوسروں پر نہ رکھیں۔ دوسروں پر کیا گیا بھروسہ پچھتاوے کا سبب بن سکتا ہے۔ کوئی غیر متوقع صورتحال سامنے آسکتی ہے۔ اس وقت میں آپ کی توجہ مخفی علوم اور روحانی لوگوں کی طرف رہے گی۔ روحانی شخصیات سے ملنا آپ کو ذہنی اور روحانی سکون دے گا۔ کسی قسم کی کاروباری شراکت آئندہ وقت میں آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنے گی۔ اس لیے پرہیز کرنا بہتر ہے۔ اپنے قیمتی کاغذات' اسناد وغیرہ لاکر میں محفوظ رکھیں گم ہوسکتی ہیں۔ کسی بھی معاملے

نصیر احمد قریشی' کتابستان شاہی بازار بہاولپور۔
لوح اسم اعظم چاندی پر ۳۶۰۰ روپے
free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
file_4_[1-13]

میں کی گئی لاپروائی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ اپنا زیادہ وقت عبادت اور ریاضت میں گزاریں۔ صدقہ وخیرات دیں۔ اچانک کوئی شخص آپ کی زندگی میں آسکتا ہے۔ جس کی طرف سے کی گئی نیکی آپ کے دل میں اُس کا احترام ڈال دے گی اور آپ اچھے دوست بن جائیں گے۔

خواتین اپنے جذبات پر قابو رکھیں۔ خاص طور پر دوران گفتگو دوسرے کی عزت اور احترام کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ خاص طور پر شادی شدہ خواتین اپنے سُسرال اور شوہر کے ساتھ بنا کر رکھیں۔ آپ کا شوہر پہلے ہی پریشان ہے اُسے اپنی تلخ گفتگو سے مزید پریشان نہ کریں۔ بے احتیاطی عارضی یا ہمیشہ کے لیے جدائی کا سبب بن سکتی ہے۔ عبادت اور ریاضت میں وقت گزاریں اور صدقہ و خیرات دیں۔ خواتین چولہا جلاتے وقت احتیاط سے کام لیں کپڑوں کو آگ لگ سکتی ہے۔ رات کو چولہا مکمل احتیاط سے اچھی طرح بند کر کے اور چیک کر کے سوئیں۔ اپنی بڑی بیٹی کی صحت کا خیال رکھیں بیمار پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ کی والدہ بیمار ہیں تو اس ماہ میں انھیں زیادہ توجہ کی ضرورت ہوگی۔ عزیزوں رشتہ داروں اور ہمسایوں کے ساتھ بنا کر رکھیں۔ کیونکہ اچانک کوئی جھگڑا سر اُٹھا سکتا ہے۔ دراصل یہ وقت تقاضا کرتا ہے کہ آپ ذہنی طور پر پریشان نہ ہوں۔ حاضر دماغ رہیں اور کسی بھی قسم کی صورتحال میں ہوش کا دامن نہ چھوڑیں۔ کیونکہ وقت آپ کے حق میں بہتر نہیں ہے۔ اس لیے معمولی سا مسئلہ زیادہ بڑا بن کر سامنے آئے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کو سیر و تفریح کا بھی اچانک موقع مل سکتا ہے۔ آپ ایک شہر سے دوسرے شہر جاتی نظر آتی ہیں۔ ممکن ہے آپ کی رہائش کی جگہ تبدیل ہو جائے۔ غیر شادی شدہ خواتین اپنے والدین کی خدمت کریں۔ سکون محسوس کریں گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 16-12-7-3 | لکی نمبر | 7-3 |
| نحس تاریخیں | 27-9-2-1 | صدقہ | کالے چنے |

**عدد ........7**

یہ ماہ معاشی معاملات میں کوئی زیادہ بہتر نتائج دیتا نظر نہیں آتا۔ اچھے نتائج حاصل کرنے کے لیے آپ کو مستقل مزاجی سے بھرپور جدوجہد کرنا ہو گی۔ کسی کے سامنے اپنی مالی پریشانی کا ذکر نہ کریں۔ بلکہ دوسروں کے سامنے اپنے آپ اچھے لباس اور پُر اعتماد طریقے سے پیش کریں۔ جو کام کر رہے ہیں اُسے کرتے رہیں اگر اس دوران کسی بڑے پروجیکٹ پر کام کرنے کا موقع ملتا ہے تو اُسے ضرور کریں۔ اور اُسے پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ راستے میں جس قدر مسائل آئیں ہمت نہ ہاریں۔ آخری کامیابی انشاء اللہ آپ ہی کو ملے گی۔ دوست احباب سے فائدہ مل سکتا ہے۔ اس لیے دوستوں کے ساتھ بنا کر رکھیں۔ وقتاً فوقتاً انھیں فون کرتے رہا کریں اور اپنے خلوص کا اظہار کرتے رہا کریں۔ کسی قسم کی پراپرٹی کی ڈیل کرتے وقت انتہائی محتاط رہیں۔ کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ کاغذات کی مکمل جانچ پڑتال کریں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ اچانک ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا پروگرام بن سکتا ہے۔ جس میں دوست احباب بھی شامل ہوں گے۔ صحت کا خیال رکھیں۔ پانی کا استعمال زیادہ رکھیں۔ گردہ اور مثانہ کی پرابلم ہو سکتی ہے۔ اچانک، دانت درد بھی ہو سکتا ہے۔

خواتین گھر کے بزرگوں کی باتوں کا برا نہ منائیں انھیں توجہ دیں اور اگر وہ کبھی ڈانٹ دیں یا کچھ برا بھلا کہہ دیں تو دل پر نہ لیں۔ اگر آپ کو کھانے پکانے کا شوق ہے اور آپ نئی نئی ڈشیں سیکھنا چاہتی ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت بہت موزوں ہے۔ ویسے ورزش روزانہ کریں اور صحت کا خیال رکھیں۔ قبض نہ ہونے دیں۔ بواسیر ہو سکتی ہے۔ اگر آپ نوکری کرنا چاہتی ہیں تو اس ماہ میں انٹرویو دیں انشاء اللہ نوکری مل جائے گی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی شادی اور منگنی کے لیے ایک بہترین وقت ہے۔ یقیناً فائدہ اُٹھائیں گی۔ اگر اولاد کی توقع ہے تو بیٹی پیدا ہوگی۔ مگر بیٹوں جیسی ہو گی۔ یعنی لڑکی ہو گی مگر اُس کی شکل لڑکوں جیسی ہو گی۔ انتہائی ذہین اور بولڈ ہو گی۔ رنگ قدرے سانولا ہو گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 24-15-11-2 | لکی نمبر | 6-2 |
| نحس تاریخیں | 14-9-5-1 | صدقہ | دال ماش |

**عدد ........8**

اس ماہ میں آپ کے اندر غصے کے جذبات حاوی رہیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ لوگوں کے ساتھ جذباتی انداز میں پیش آئیں گے۔ آپ کے اس طرز عمل کا فائدہ اُٹھا کر لوگ آپ کے لیے مزید مسائل پیدا کریں گے۔ اس لیے اپنے جذبات پر قابو رکھیں۔ اپنے غصے کو اپنی طاقت بنائیں اور مزید بہتر انداز میں روزمرہ کے معمولات کو سرانجام دیں۔ یقیناً آپ کی ذمہ داریاں بڑھیں گی اور آپ اُن ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے پورا کرنے میں خوشی محسوس کریں گے۔ آپ کے خاندان میں کسی نئے شخص کا اضافہ ہوگا۔ جس کی وجہ سے خاندان کا نام بلند ہوگا۔ آپ کی والدہ اور بیوی کے درمیان جھگڑا ہوگا۔ اگر ایسی صورتحال پیش آئے تو وقتی طور پر جگہ چھوڑ دیں۔ گھر سے تھوڑی دیر کے لیے باہر چلے جائیں۔ یہی بہتر رہے گا۔ دوسری صورت میں آپ کی توجہ اور ہمدردی والدہ کی طرف ہوگی اور آپ بیوی کو بُرا بھلا کہہ دیں گے جو کہ یقیناً آئندہ آنے والے وقت کے لیے بہتر نہیں ہوگا۔

بابو نذیر احمد قادری، گوہر جنرل سٹور اینڈ بک سیلرز، بھمبر، آزاد کشمیر

طلسم صحت چاندی پر ۲۱۰۰ روپے خصوصی لوح چاندی پر ۳۶۰۰

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
file_4_[1-13]

بے روزگار افراد اگر نوکری حاصل کرنے کی کوشش کریں تو کامیابی مل سکتی ہے۔ مگر دوران انٹرویو خود کو زیادہ نمایاں کرنے کی کوشش نہ کریں۔ شادی شدہ افراد باہر سے زیادہ گھر پر توجہ دیں گے۔

خواتین گھریلو اور دفتر اُمور کو سرانجام دیتے وقت جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں۔ اور نہ ہی کسی بات کو ذاتی انا کا مسئلہ بنائیں۔ غلطی ہو جائے تو اُسے تسلیم کر لیں اسی میں فائدہ ہے۔ اپنے ضروری کاغذات اور روپوں کو بینک میں یا سیف میں رکھیں۔ ورنہ چوری کا امکان ہے۔ کوئی نہ کوئی مسئلہ اچانک سر اُٹھا سکتا ہے۔ آگ جلاتے وقت پوری احتیاط کریں۔ آگ آپ کے کپڑوں کو لگ سکتی ہے۔ گھر سے باہر جاتے ہوئے تالوں کو اچھی طرح چیک کر کے جائیں اگر ہو سکے تو گھر میں کسی کو چھوڑ جائیں۔ لاپرواہی نقصان دے سکتی ہے۔ آپ کا چھوٹا بھائی آپ کو فائدہ دے گا۔ آپ کی توجہ بھی چھوٹے بھائی اور چھوٹے بیٹے کی طرف رہے گی۔ اگر اولاد کی توقع ہے تو انشاء اللہ بیٹا ہوگا۔ اُس کا رنگ صاف اور نقوش تیکھے ہوں گے۔ ذہین اور قابل ہوگا۔ والدین کا نام روشن کرے گا۔ پولیس' فوج یا میڈیکل کے شعبوں کی طرف جائے گا۔ غیر شادی شدہ خواتین کی شادی ہو جائے گی۔ اگر پہلے سے منگنی وغیرہ ہو چکی ہے تو شادی کی بات چل سکتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 1-3-5-10 | لکی نمبر | 3-9 |
| نحس تاریخیں | 4-7-8-17 | صدقہ | کالی مرغی |

**عدد........9**

ایک اچھا وقت ہے آپ کی بہت ساری خواہشات کی تکمیل ہوگی۔ وہ تمام کام جو ایک عرصے سے رُکے ہوئے تھے اس ماہ میں پایہ تکمیل تک پہنچ جائیں گے۔ آپ کی شخصیت میں اعتماد بڑھے گا۔ دل خوشی اور کامیابی کے جذبات سے سرشار رہے گا۔ اگر آپ ورزش کرنا چھوڑ چکے ہیں تو اس ماہ میں دوبارہ شروع کر دیں گے۔ آپ کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ اگر ترقی رُکی ہوئی ہے تو اس ماہ میں انشاء اللہ ہو جائے گی۔ آپ کا باس آپ کی کارکردگی کی تعریف کرے گا۔ سیر و تفریح کا موقع ملے گا۔ زندگی میں کسی نئے دوست سے تعارف ہوگا جو کہ مزید خوشی کا سبب بنے گا۔ روپیہ آئے گا چاہے کسی بھی طرف سے آئے۔ مختلف اشیاء کی فروخت فائدہ مند ثابت ہوگی۔ آپ کے سوشل تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ نوکری پیشہ افراد کی تنخواہ میں اضافہ ہوگا۔ بہت سارے بے روزگار افراد کو نوکری مل جائے گی۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ پر کسی نے جادو کیا ہوا ہے تو اس ماہ میں اُس کا توڑ کروانا یقیناً فائدہ مند ثابت ہوگا۔

خواتین کے لیے بھی یہ ماہ بھرپور خوشیوں اور کامرانیوں کا مہینہ ثابت ہوگا۔ پرانی بیماریوں کا علاج کروانا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ معمولی بیماری ویسے ہی ساتھ چھوڑ جائے گی۔ انشاء اللہ صحت اور تندرستی ملے گی۔ گھریلو اور ازدواجی خوشیوں میں اضافہ ہوگا۔ اگر شادی شدہ خواتین اپنے شوہر سے زیور کی فرمائش کریں تو یقیناً پوری ہوگی اور اُن کا شوہر اُنھیں لا کر دے گا۔ اگر آپ کو جادو کا شک ہو یا آپ پر ہوا ہو تو اس ماہ میں علاج کروانا ہر لحاظ سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ بے اولاد خواتین کے ہاں اولاد کی اُمید پیدا ہو جائے گی۔ اگر اولاد متوقع ہے تو انشاء اللہ بیٹا ہوگا جس پر آپ کو فخر ہوگا۔ نئے لباس پہننا خوشی اور مُسرت کا سبب پیدا کرے گا۔ مختلف سوشل تقریبات میں جانے کا موقع ملے گا۔ جہاں نئے لوگوں سے تعارف پیدا ہوگا۔ جن سے بعد میں اچھے تعلقات بڑھتے جائیں گے۔ غیر شادی شُدہ خواتین اگر شادی کی بجائے منگنی کو ترجیح دیں تو زیادہ کامیابی شادی میں رہے گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 4-9-13-18 | لکی نمبر | 1-4 |
| نحس تاریخیں | 6-7-16-25 | صدقہ | زردہ چاول |

☆☆☆☆☆

احمر الاحمر
قیمت 50 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

طلسمات زہرہ
قیمت 60 روپے علاوہ محصول ڈاک

لوح تحفظ (لاکٹ) تانبہ پر ۷۰۰ روپے چاندی پر ۱۱۰۰ روپے



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
file_4_[1-13]

# قاعدہ رمل خاص الخاص

از: سید افتخار حیدر ہمدانی، جلالپور سیداں۔


اسلام علیکم محترم قارئین رسالہ راہنمائے عملیات آج کی علمی نشست میں علم الرمل کا بہترین قسم کا قاعدہ آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ یہ میرا بارہا کا تجربہ شدہ قاعدہ ہے۔ شائقین اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اور بے شک اس کے تجربات کریں۔ انشاء اللہ مایوس نہ ہوں گے۔ بلکہ آپ بے حد خوش ہوں گے۔ اسے ہم بھائی جان خالد اسحاق راٹھور کے رسالہ کی زینت بنا رہے ہیں۔ اس قاعدہ سے آپ انعامی بانڈز نکلنے کی خبر لے سکتے ہیں۔ اور مشاق رمال اس سے بانڈ نمبرز درست نکال سکتا ہے۔

**طریقہ:**

زائچہ بنانے کے لیے قرعہ رمل ڈلوائیں۔ اگر قرعہ رمل نہ ہو تو اس کا طریقہ لکھ رہا ہوں۔ سائل سے چار بار مختلف ہندسے بلوالیں۔ سولہ سے زائدہ ہوں تو سولہ پر تقسیم کریں۔ باقی جو بچے دائرہ سے اشکال لے لیں۔ پھر زائچہ کشید کریں۔

**مثال:** سائل بریگیڈیئر اسد کاظمی نے اعداد بتلائے۔


5- 12- 6- 10




ان اعداد سے حاصل اشکال کا زائچہ کشید کریں۔ زائچہ میں شکل نمبر ایک لیں۔ پھر شکل نمبر دس میں اور دونوں کی ضرب کریں۔ پھر شکل نمبر گیارہ لیں ایک اور دس کی ضرب سے حاصل شدہ شکل کو گیارہ سے ضرب دیں۔ اگر شکل سعد داخل ہو تو جواب ہاں میں ہوگا۔ یعنی انعام لگے گا۔ کوئی دوسری اشکال ہوں تو انعام نہ پائے۔ واللہ اعلم بالصواب۔


سائل بریگیڈیئر اسد کاظمی نے چار عدد بتائے۔ میرا انعام لگے گا یا زائچہ کشید کیا۔

5- 12- 6- 10






11x10x1




حاصل شکل سعد داخل نہ ہے اس لیے انعام نہ پائے۔


کرنل سید محسن شاہ نے راولپنڈی سے پوچھا میرا انعامی بانڈ نکلے گا یا نہیں چار عدد لکھوائے۔ ٹیلی فون پر۔

1- 4- 5-9





11x10x1



حاصل شکل سعد داخل نہ ہے۔ انعام نہ پائے۔

ختم شد۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions



لوح مریخ تانبہ پر ۷۰۰ روپے

تحقیق خالد اسحاق راٹھور

# کون سا کام کب کریں

## خوش قسمت اوقات / مہورت

### حصول کامیابی کا قدیم ترین اور حتمی طریقہ

ایک خاص اور قدیم طریقہ کار کے مطابق مختلف کام کرنے کے سعد اوقات کو استخراج کیا گیا ہے۔ آپ جو بھی کام شروع کرنا چاہتے ہیں ذیل کے جدول میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کریں۔ انشاء اللہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے اور متعلقہ کام میں آپ کو کامیابی نصیب ہو گی۔ آپ ان سعد اوقات کو اپنے دوستوں، ملنے والوں اور حلقہ اثر میں آنے والے لوگوں کو بتا کر ان کی راہنمائی بھی کر سکتے ہیں۔ ذیل میں 60 کے قریب معاملات کے لیے سعد اوقات کار کا استخراج کر دیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف منازل قمر کے حوالے سے بھی احکام اخذ کرتے ہیں جو ایک سادہ اور ابتدائی علم کا مظہر طریقہ ہے۔ جبکہ ذیل کے احکام نجومی حساب کی تمام باریکیوں کو سامنے رکھ کر تحریر کیے گئے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

| تاریخ ابتداء | وقت ابتداء | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|
| **شادی، منگنی اور نکاح کا وقت** | | | | |
| 3-4-2004 | 14-26 | تا | 4-4-2004 | 01-44 |
| 16-4-2004 | 09-36 | تا | 16-4-2004 | 15-32 |
| 21-4-2004 | 13-01 | تا | 22-4-2004 | 01-53 |
| **شراکت، مشترکہ کاروبار کی ابتداء** | | | | |
| 1-4-2004 | 15-52 | تا | 1-4-2004 | 21-51 |
| 2-4-2004 | 09-40 | تا | 2-4-2004 | 15-29 |
| 22-4-2004 | 21-19 | تا | 23-4-2004 | 16-51 |
| 29-4-2004 | 00-50 | تا | 29-4-2004 | 06-56 |
| 29-4-2004 | 18-56 | تا | 30-4-2004 | 00-56 |
| **ملازم رکھیں (مرد)** | | | | |
| 1-4-2004 | 21-51 | تا | 2-4-2004 | 15-29 |
| 3-4-2004 | 03-05 | تا | 3-4-2004 | 14-26 |
| 6-4-2004 | 02-55 | تا | 6-4-2004 | 08-17 |
| 20-4-2004 | 11-33 | تا | 21-4-2004 | 19-27 |
| 29-4-2004 | 06-56 | تا | 30-4-2004 | 00-56 |
| 20-4-2004 | 12-41 | تا | 1-5-2004 | 00-19 |
| **ملازم رکھیں (عورت)** | | | | |
| 17-4-2004 | 09-27 | تا | 17-4-2004 | 15-30 |
| **اپریشن اور جراحی وغیرہ** | | | | |
| 10-4-2004 | 18-36 | تا | 10-4-2004 | 23-58 |
| 18-4-2004 | 15-53 | تا | 18-4-2004 | 22-02 |
| 19-4-2004 | 04-12 | تا | 19-4-2004 | 10-26 |
| **کوئی بھی کام شروع کریں** | | | | |
| 15-4-2004 | 04-21 | تا | 15-4-2004 | 10-10 |
| 22-4-2004 | 21-19 | تا | 23-4-2004 | 10-20 |
| **کپڑے کاٹنے کے لیے** | | | | |
| 2-4-2004 | 15-29 | تا | 2-4-2004 | 21-17 |
| 30-4-2004 | 00-56 | تا | 30-4-2004 | 06-52 |
| **زمینوں کی آبادکاری اور کاشت** | | | | |
| 2-4-2004 | 15-29 | تا | 2-4-2004 | 21-17 |
| 3-4-2004 | 08-47 | تا | 3-4-2004 | 14-26 |
| 30-4-2004 | 00-56 | تا | 30-4-2004 | 06-52 |
| 30-4-2004 | 18-29 | تا | 1-5-2004 | 00-19 |
| **نہریں و کنویں کھودنے، صفائی و مرمت** | | | | |
| 18-4-2004 | 22-02 | تا | 19-4-2004 | 04-12 |
| **بدلہ لینے کے لیے** | | | | |
| 13-4-2004 | 23-46 | تا | 14-4-2004 | 05-25 |
| 19-4-2004 | 16-41 | تا | 19-4-2004 | 22-57 |
| 26-4-2004 | 16-17 | تا | 26-4-2004 | 22-42 |
| **پیغام رساں بھیجنے کے لیے** | | | | |
| 13-4-2004 | 12-29 | تا | 13-4-2004 | 18-07 |
| 13-4-2004 | 23-46 | تا | 14-4-2004 | 05-25 |
| **بچوں کی تعلیم شروع کرنے کے لیے** | | | | |
| 21-4-2004 | 13-01 | تا | 22-4-2004 | 01-53 |
| 22-4-2004 | 08-20 | تا | 22-4-2004 | 14-50 |
| **تجارت/نیا کاروبار/نیا سودا** | | | | |
| 2-4-2004 | 15-29 | تا | 2-4-2004 | 21-17 |
| 3-4-2004 | 03-05 | تا | 3-4-2004 | 20-05 |
| 4-4-2004 | 07-19 | تا | 4-4-2004 | 12-49 |
| 6-4-2004 | 13-36 | تا | 7-4-2004 | 00-16 |
| 15-4-2004 | 21-51 | تا | 16-4-2004 | 03-41 |
| 19-4-2004 | 16-41 | تا | 20-4-2004 | 11-33 |
| 23-4-2004 | 16-51 | تا | 23-4-2004 | 23-22 |
| 24-4-2004 | 12-25 | تا | 24-4-2004 | 18-56 |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

بلال شاہین بک ڈپو بلال چوک جمیل شاپنگ سنٹر پرانا سینما روڈ، رحیم یار خان۔
لوح مریخ تانبہ پر ۷۰۰ روپے

حافظ ایم فرخ لاہور

# نظرات کواکب کے اثرات و احکام

## احکام نظرات.........ماہ اپریل 2004

| اپریل | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 3.29 | رن | لہ | یہ وقت فریب کاریوں سے بھرپور ہے اس لیے معاملات کو بہت دھیان سے حل کریں۔ |
| 1 | 17.22 | رٹو | ث | دوستوں کے حلقہ احباب میں اچانک تبدیلی جو کہ بھرپور قسم کی ہوگی اور مثبت ہوگی |
| 2 | 4.51 | رہ | ع | کاروباری معاملات میں ضرورت سے زیادہ لاپرواہی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ |
| 2 | 8.49 | رد | ث | خط و کتابت کے ذریعے معاملات زندگی کو حل کریں۔ قانونی معاملات بھی سلجھانے میں مدد ملے گی۔ |
| 2 | 16.44 | رنس | لہ | زمانہ جدت پسندی کا متقاضی ہے اور نئی روش کو اپنانا چاہیے مگر جو کریں سوچ سمجھ کر کریں۔ |
| 2 | 20.13 | رل | س | پرانی خواہشات ایک دفعہ پھر شدت سے سامنے آئیں گی۔ مگر ان کے پورا ہونے میں وقت لگے گا |
| 2 | 22.5 | رخ | ع | کاروبار اور سوشل پوزیشن کے معاملات میں زیادہ تند و تیز رویہ معاملات میں بگاڑ لے کر آئے گا۔ |
| 3 | 2.37 | ری | ن | ضرورت سے زیادہ جذباتی اور مثبت رویہ بھی زندگی میں رکاوٹیں لا سکتا ہے۔ احتیاط کریں |
| 3 | 23.22 | رٹو | ع | گھریلو معاملات میں کچھ تبدیلی آئے گی۔ تیاری رکھیں اور پریشان نہ ہوں۔ اس تبدیلی کو سمجھ کر حل کریں۔ |
| 4 | 13.6 | س ن | س | جائیداد کے معاملات میں طاقتور حریف کسی قسم کا داؤ پیچ لڑا کر معاملات اپنے حق میں کر سکتا ہے۔ |
| 4 | 14.00 | رہ | ث | زندگی میں آسانیاں آئیں گی اور معاملات زندگی سلجھنے لگیں گے۔ |
| 5 | 0.50 | رل | ع | کاروباری معاملات صبر اور احتیاط کے متقاضی ہیں۔ صبر کا پھل بزرگوں نے میٹھا ہی بتایا ہے۔ |
| 5 | 4.51 | رخ | ث | سامنے والا فریق معاملات میں مددگار ثابت ہوگا اور معاملات جلد از جلد حل ہوتے چلے جائیں گے۔ |
| 5 | 14.10 | رن | ث | بچوں سے متعلقہ معاملات اچانک تبدیلی۔ بچوں کی توقعات عجیب ہوں گی مگر ان کو پورا کرنے میں لطف آئے گا۔ |
| 5 | 15.59 | س ر | لہ | دل و دماغ ایک دوسرے سے برسرِ پیکار رہیں گے۔ سنبھل کر اس وقت کو گزاریں۔ |
| 6 | 2.25 | رٹو | س | قریبی شہروں کی طرف سے کچھ نئی قسم کی اطلاعات سننے کو ملیں گی جو کچھ اچھا لے کر آئیں گی۔ |
| 6 | 10.16 | خ ی | ع | روپے پیسے کے معاملات ضرورت سے زیادہ تندی و تیزی معاملات کو بگاڑ کر رکھ سکتی ہے۔ |
| 6 | 18.23 | رد | لہ | تحریر و تقاریر سے دل گھبرائے گا۔ مگر اس طبیعت پر قابو پا کر تمام کام نمٹائیں۔ اچھا رہے گا۔ |
| 6 | 23.59 | رنس | ث | اچانک کوئی لاٹری لگ جانے کی اُمید ہے۔ اس لیے اس وقت سے فائدہ اُٹھائیے۔ |
| 7 | 3.10 | رل | ث | معاملات زندگی کے رُکے رہنے کا احساس ختم ہونے لگے گا۔ خاندان والے مددگار ثابت ہوں گے۔ |
| 7 | 8.04 | ری | س | روپے پیسے کے معاملات اور حصول انصاف جیسے معاملات میں آسانی رہے گی۔ |
| 7 | 16.05 | رن | ع | گھریلو اور خاندانی معاملات میں فریب کاریاں عروج پر رہیں گی۔ اس لیے آنکھیں اور کان کھلے رکھیں۔ |
| 9 | 0.42 | رہ | لہ | آپ کچھ اور کرنا چاہتے ہیں اور سامنے والا کچھ اور۔ مزاجوں میں فرق معاملات کو خراب کر سکتا ہے۔ |
| 9 | 1.32 | رنس | ع | جائیداد کے مسائل میں اچانک ایسی ایسی رکاوٹیں آ سکتی ہیں جو معاملات کو بگاڑ دیں۔ |

| تاریخ | وقت | زاویہ | | اثرات |
|---|---|---|---|---|
| 9 | 9.13 | ری | ع | کاروبار میں پھیلاؤ ضرور کریں مگر اپنے آپ پر خود بھی قابو رکھیں ورنہ یہ پھیلاؤ نقصان کا باعث بھی ہو سکتا ہے۔ |
| 9 | 12.54 | رخ | لہ | اس وقت ضرورت سے زیادہ تند و تیز رویہ معاملات کو صرف بگاڑ اور حالات کو خلاف کر سکتا ہے اور کچھ نہیں۔ |
| 9 | 14.53 | ہ نس | ع | خواہشات کے پورے ہونے کا انحصار فریق مخالف پر ہے۔ کافی مدد ملے گی اور معاملات بہتر ہوں گے۔ |
| 9 | 17.36 | رن | س | اندازِ گفتگو میں کچھ چالاکی اور کچھ فریب کاری جھلکے گی مگر معاملات کے حل کے لیے بہتر رہے گی۔ |
| 10 | 2.28 | س ر | ث | حلقہ احباب میں ایسے لوگ آئیں گے جو کہ بہت پُر وقار اور دبدبے والے ہوں گے۔ ان سے فائدہ اُٹھائیں۔ |
| 10 | 5.30 | رٹو | ن | ضرورت سے زیادہ انقلابی ہونے کا انداز معاملات کو بگاڑ سکتا ہے۔ جبکہ اس انقلابی پن سے فائدہ اُٹھانے کی کوشش کریں۔ |
| 10 | 20.30 | رد | ث | اچھے دوست حلقہ احباب میں آئیں گے۔ اور زندگی کچھ آسان لگے گی۔ |
| 11 | 3.35 | رنس | س | رشتہ داروں سے متعلقہ معاملات میں اچانک اور اچھی تبدیلی آئے گی جو کہ فائدہ دے گی۔ |
| 11 | 6.56 | رل | لہ | زیادہ ڈپریشن میں جانے کی ضرورت نہیں۔ صبر سے کام لیں یہ وقت گزر جائے گا۔ |
| 11 | 11.02 | ری | ث | روپے پیسے کے لین دین میں کافی آسانی رہے گی اور ایسے معاملات نمٹا لیں۔ |
| 11 | 22.34 | س ٹو | ث | ارباب اختیار اور گھر کے بڑے کچھ انقلابی انداز اپنا کر معاملات کو فیصلہ کُن انجام دیں گے۔ |
| 12 | 8.48 | س ر | ع | اس وقت خاندان کے بڑوں کی مان لینے میں ہی اچھائی ہے اور فائدہ بھی ہوگا۔ |
| 12 | 21.53 | رد | ع | گھریلو معاملات میں لگائی بجھائی کرنے والے خواتین و حضرات سے محفوظ رہنے کی کوشش کریں۔ |
| 13 | 12.41 | رہ | ث | دوستوں کے ساتھ وقت گزارنے کا وقت ہے۔ اور یہ وقت تفریح کرنے کے لیے مناسب ہے۔ |
| 13 | 23.42 | رخ | ث | جانباز قسم کے لوگ حلقہ احباب میں آئیں گے اور فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ |
| 13 | 23.51 | رن | ن | ذہن کے اندر مختلف قسم کے خیال اور پلان پکیں گے۔ مگر سب پر عمل پیرا ہونے میں نقصان ہے۔ |
| 13 | 3.01 | خ ن | ث | کاروباری روابط اور خاندان کے لوگ خوشی کا باعث ہوں گے اور اچانک فائدہ دیں گے۔ |
| 14 | 12.23 | رٹو | س | انقلابی قسم کی خواہش کو پورا کرنے کا وقت ہے۔ اور تھوڑا سا وقت ان کو بھی دے دیں۔ |
| 14 | 13.59 | ہ ی | ع | روپے پیسے کے لین دین میں ضرورت سے زیادہ لاپرواہی دکھانے کی کوشش ناکامی دے گی۔ |
| 14 | 17.16 | س ر | س | رشتہ دار اور بہن بھائی طاقت میں ہیں۔ ان کی طاقت سے فائدہ اُٹھائیں نہ کہ ان سے لڑیں۔ |
| 14 | 0.27 | رد | س | قریبی شہر سے متعلقہ معاملات کچھ تنگ تو کریں گے مگر تھوڑی توجہ کے بعد قابو آ جائیں گے۔ |
| 15 | 12.28 | رنس | ن | معاملات زندگی میں جدت پسندی کو اپنائیے۔ اور نئے انداز کو اپناتے ہوئے زندگی گزاریں۔ |
| 15 | 16.14 | رل | ث | پرانے دوست ایک دفعہ پھر کچھ ایسا لے کر آ رہے ہیں جو کہ زندگی کو کچھ دے کر جائے گا [illegible]۔ |
| 15 | 19.36 | ری | لہ | روپے پیسے کے لین دین جیسے معاملات میں ضرورت سے زیادہ پُر اُمیدی دکھانا باعث نقصان ہوگا۔ |
| 15 | 21.42 | رہ | ع | گھریلو ماحول اپنی طرف کھینچے گا مگر اپنے آپ کو سنبھالنا پڑے گا۔ اور توازن قائم رکھنا پڑے گا۔ |
| 16 | 8.25 | رخ | ع | گھریلو ماحول میں ایک خاص قسم کا تناؤ رہے گا۔ اس سے نبرد آزما آپ کو ہونا پڑے گا۔ |
| 16 | 18.44 | رٹو | ع | اپنی سوشل پوزیشن کی طرف دھیان دیجیے۔ اچانک انقلابی تبدیلی آ سکتی ہے۔ |
| 17 | 6.04 | س د | ن | روپے پیسے کے معاملات میں کافی سدھار آئے گا۔ اور آمدن کے ذرائع بہتر رہیں گے۔ |
| 18 | 0.05 | رل | ع | گھر کے بڑے کسی نہ کسی معاملے میں رکاوٹ ڈالیں گے اور ہوتے ہوئے معاملات رُک جائیں گے۔ |
| 18 | 9.18 | رہ | س | قریبی شہر کے سفر سے واسطہ پڑے گا جو کہ بہتری کا باعث بنے گا۔ فوائد حاصل ہوں گے۔ |
| 18 | 14.07 | رن | س | خواہشات پورا کرنے کے لیے بہت پُر فریبی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ |
| 18 | 19.41 | رخ | س | اچانک کسی سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے جو کہ کسی فائدے کا باعث بن سکتا ہے۔ |
| 19 | 3.22 | رٹو | ث | بیرون ممالک سے متعلقہ معاملات میں انقلابی تبدیلی آئے گی۔ مثبت یا منفی بنانا آپ کا کام ہے۔ |
| 19 | 10.34 | رد | ن | ذہانت قدموں تلے ہوگی۔ مگر اس ذہانت کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے۔ دیکھنا یہ ہے۔ |

free copy
khalidrathore.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 19 | 18.23 | س ر | ن | دل ودماغ کی بھرپور طاقت کو اپنے ساتھ لے کر چلیے اور راستے کی رکاوٹوں کو دور کرتے جایئے۔ |
| 20 | 5.58 | رنس | س | خواہشات کو نئے زمانے کے نئے انداز کے ساتھ ہم آہنگ کریں۔ اچھا رہے گا۔ |
| 20 | 10.22 | رل | س | انداز گفتگو میں بے رحمی لے کر آئیں اور اپنے معاملات کو بہتر کریں۔ |
| 20 | 12.52 | ری | ث | بچوں کے ساتھ گزارا گیا وقت طبیعت پر اچھا اثر ڈالے گا۔ مثبت وقت ہے۔ |
| 21 | 0.35 | رن | ع | حکومتی اداروں سے معاملات طے کرتے وقت احتیاط برتیں۔ کوئی نہ کوئی مسئلہ پڑ سکتا ہے۔ |
| 21 | 19.18 | ہ ن | ث | جو کچھ بھی ہے وہ اپنے ہی ہاتھ میں ہے اور محنت کر کے اس کو حاصل کریں۔ |
| 22 | 17.57 | رنس | ع | کاروبار میں اچانک نقصان بھی ہو سکتا ہے اور مالی معاملات میں خرابی آسکتی ہے۔ |
| 23 | 0.36 | ری | ع | روپے پیسے کے معاملات میں ضرورت سے زیادہ پُر اُمیدی بجائے لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔ |
| 23 | 12.57 | رن | ث | قانونی معاملات میں اچانک ایسے داؤ پیچ ذہن میں آئیں گے جس سے معاملات حل ہوں گے۔ |
| 23 | 15.33 | دہ | ن | ذہن آرام وسکون کا طلبگار ہے مگر ضرورت سے زیادہ آرام کام کے لیے خطرناک ہوتا ہے۔ |
| 24 | 1.29 | رخ | ن | ضرورت سے زیادہ بے چین ہونے سے بھی کام نہ بنے گا۔ زندگی توازن سے گزرتی ہے۔ |
| 24 | 2.41 | رٹو | لہ | مشترکہ کاروبار کرنے والے ذرا محتاط رہیں اور معاملات پر گہری نظر ڈالیں۔ |
| 24 | 4.22 | رد | س | کاروبار میں ایجنٹ حضرات کے رول کو نہ بھولیں۔ پھنسے ہوئے معاملے کو کسی درمیانی واسطے سے حل کریں |
| 25 | 23.13 | خ ٹو | لہ | کاروباری معاملات حل کرنے میں جلد بازی دکھانے کی کوشش باعث نقصان ہو سکتی ہے۔ |
| 25 | 5.20 | س ر | س | خواہشات پورا کرنے کے لیے انداز کو باوقار بنایئے اس سے معاملات کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ |
| 25 | 6.57 | رنس | ث | مشترکہ کاروبار کے سلسلے میں اچانک فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ اس وقت کو ضائع نہ کریں۔ |
| 25 | 9.41 | دخ | س | کاروباری دستاویزات کی تحریر میں زیادہ جلد بازی دکھانے کی صورت میں نقصان ہو سکتا ہے۔ |
| 25 | 11.52 | رل | ن | یہ وقت صبر وتحمل کا متقاضی ہے۔ معاملات اسی سے حل ہوں گے اور کسی چیز سے نہیں۔ |
| 25 | 13.16 | ری | س | روپے پیسے کے معاملات میں آسانی رہے گی اور قانونی مدد حاصل رہے گی۔ |
| 26 | 1.39 | س نس | س | زندگی کو شان سے جیئے۔ اور شان سے ہی جینے میں لطف ہے۔ معاملات کو آگے بڑھ کر سنبھالیں۔ |
| 26 | 3.22 | دٹو | ث | کاروباری معاملات میں جوش بھرا انقلابی انداز اپنایئے۔ اس سے فوائد حاصل ہوں گے۔ |
| 26 | 14.54 | رد | ع | کاروباری دستاویزات کو دستخط کرنے سے پہلے دھیان سے پڑھ لیں وگرنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ |
| 27 | 22.31 | س ر | ع | کچھ مشکلات آئیں گی مگر زندگی نام ہی اُونچ نیچ کا ہے۔ یہ سب تو چلتا ہے۔ |
| 28 | 13.01 | رن | لہ | دنیا والے فریب کاریوں کے چکر میں ہیں اپنے آپ کو بچائیں وگرنہ نقصان ہوگا۔ |
| 28 | 19.52 | س ل | س | معاملات میں ایک ٹھہراؤ رہے گا اور ایک باوقار قسم کے احساسات سے دوچار رہیں گے۔ |
| 28 | 21.56 | س ہ | س | ارباب اختیار سے معاملات میں آسانی رہے گی اور خاص قسم کی توجہ ملے گی۔ |
| 29 | 0.28 | رد | ث | بیرون ملک کے مختصر دورانیے کے سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے جو فوائد لے کر آئے گا۔ |
| 29 | 1.46 | رٹو | ث | ملے گلے کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اور ایسا کرنا زندگی میں کچھ سکون کا باعث ہو سکتا ہے۔ |
| 29 | 3.53 | س ی | ث | روپے پیسے کے معاملات جو مالیاتی اداروں سے متعلق ہیں۔ ان میں آسانی رہے گی۔ |
| 29 | 7.03 | رخ | س | خواہشات بہت جلدی پوری ہوں گی۔ اور معاملات میں تیزی رہے گی۔ |
| 30 | 4.15 | رنس | لہ | لین دین کے معاملات میں تبدیلی آسکتی ہے جو کہ فائدہ مند ثابت نہ ہوگی۔ |
| 30 | 9.07 | رل | س | کاروبار میں فائدہ ہوگا تو تھوڑا۔ مگر یہ مستقل بنیاد پر بھی ہو سکتا ہے۔ |
| 30 | 9.26 | ری | ن | زندگی جینے کا نام ہے اور پُر اُمید رہنا زندگی گزارنے کا دوسرا نام ہے۔ |
| 30 | 11.49 | س ر | ث | بڑے لوگ کام آئیں گے۔ ڈریں نہیں بلکہ ان سے مدد مانگیں۔ کام ہوگا۔ |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions



File_5[51-56]

# مفت ایک سوال کا جواب

## شرائط

سوال مختصر اور جامع ہو۔

ایک کوپن پر صرف ایک سوال ارسال کریں۔

سوال کے ہمراہ درج ذیل کوپن لازم ارسال کیا جائے۔ کوائف الگ صفحے پر تحریر کر کے ارسال کریں۔

سوال کا جواب ہر ماہ ان صفحات میں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ ارسال کرنے کی ضرورت نہیں۔

نوٹ..... شرائط پر پورے نہ اترنے والے خطوط کے جواب سے پیشگی معذرت۔

### ایک سوال کا جواب مفت کوپن

صرف ماہ اپریل ۲۰۰٤ کے لیے

نام ________

نام والدہ ________ پیدائش کی تاریخ، وقت اور مقام ________ کوپن مکمل کرنے کی تاریخ، وقت اور مقام ________

سوال یا مقصد جس کے لیے کوپن ارسال کیا جا رہا ہے ________ آپ کا مکمل پتہ (صاف ستھرا تحریر کریں) ________

---

محمد جمیل، وہاڑی۔

**سوال:** میرا لکی نمبر بتا دیں؟

**جواب:** ان کالموں میں یہ بات پہلے بھی کئی دفعہ لکھی جا چکی ہے کہ مفت لکی نمبر صرف آپ ہماری کتاب "بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر" کے کوپن پر معلوم کر سکتے ہیں۔ مفت سوال کے جواب کے ٹوکن پر یہ سہولت نہیں۔

---

شوکت محمود ثاقب، ضلع پونچھ۔

**سوال:** ابوظہبی کے لیے کاغذات جمع کروائے تھے کام نہیں بن سکا؟

**جواب:** ابھی کچھ وقت باہر جانے میں لگے گا۔ فی الحال آپ کی پوزیشن مثبت نہیں ہے۔ بچے کے لیے لوح خوش قسمتی بنوا لیں۔

---

محمد یلسین، کراچی۔

**سوال:** مقامی انتظامیہ اور بااثر لابی نئی ذمہ داریوں میں رکاوٹ پیدا کر رہی ہے؟

**جواب:** زحل کے اثرات کے باعث رکاوٹیں پیش آ رہی ہیں اور مخالفت ہو رہی ہے۔ آپ معاملات میں آسانی کے لیے لوح زحل تیار کروا لیں۔

---

محمد فہد، لاہور۔

**سوال:** میری پیدائش کے وقت ستارہ زہرہ کس برج میں تھا؟

**جواب:** آپ کی پیدائش کے وقت ستارہ زہرہ برج دلو میں تھا۔

---

حافظ امان اللہ، ساہیوال۔

**سوال:** ؟؟؟

**جواب:** محترم اتنا لمبا خط تحریر کرنے کا کیا فائدہ جب کہ آپ کی بات واضح نہ ہو۔ اپنا سوال نئے کوپن کے ساتھ ارسال کریں اور طوالت سے بچیں۔

منیر احمد ضیاء، پنڈی۔

---

**سوال:** میرا لکی نمبر برائے پرائز بانڈ اس سال کا کیا ہے؟

**جواب:** محترم لکی نمبر وغیرہ معلوم کرنے کے لیے بانڈ ریس لاٹری میں دیا گیا کوپن ارسال کریں۔ مفت سوال کے جواب پر یہ سہولت راہنمائے عملیات میں حاصل نہیں ہے۔

---

## نوٹ

اپنا سوال اور خط صاف اور مختصر تحریر کریں۔ ایک خط میں صرف ایک سوال ارسال کریں۔

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

لوح مشتری کاغذ پر ۲۰۰ روپے، عمومی چاندی پر



File_5[51-56]

# خالد روحانی جنتری ۲۰۰۴

## شائع ہو چکی ہے

قیمت ۸۰ روپے
صفحات ۱۹۲

### جنتری منگوانے والے

قیمت ۸۰ روپے + ڈاک خرچ ۲۵ روپے

بذریعہ منی آڈر ارسال کریں۔

جنتری V.P. نہیں کی جائے گی۔

آج ہی کسی اچھے دوکاندار یا اپنے ہاکر سے طلب کریں۔

### فہرست مضامین

سالانہ حالات
زحل' مشتری اور آپ
۲۰۰۴ کے امکانات
ملکی حالات اور ۲۰۰۴
خالد روحانی جنتری سال ۲۰۰۴
طلوع و غروب ...... قمر
در بروج ...... قمر در منازل
کواکب کی
پوزیشن / حالت / حرکت / گرھن
وغیرہ / گزرا کل
استخراج طالع اور زائچہ
جدید تسویۃ البیوت
کواکبی تقویم سال ۲۰۰۴
بمعہ داخلہ کواکب فی البروج'
رجعت و استقامت کواکب'
شرف و ہبوط کواکب' ماھانہ قمری
حالتیں' گرھن' اقل تعدیل
تحویل کواکب' رجعت
و استقامت کواکب ۲۰۰۴


شرف و ہبوط کواکب
سال رواں میں قمر کا
شرف / اوج / ہبوط / حضیض
شرف ہبوط کواکب علاوہ قمر
داخلہ کواکب در بروج
کسوف و خسوف (شمسی اور قمری)
گرھن
قمری حالتیں
تحویل آفتاب عالم ...... نوروز
کواکبی نظرات کی مختصر تشریح
نظرات کواکب سال ۲۰۰۴
نظرات کواکب علاوہ قمر
آپ کا زائچہ اور تیز رفتار کواکب
خوش قسمت اوقات ۲۰۰۴
اوقات سحری و افطاری ۲۰۰۴
تسخیر الحب
پرائز بانڈ کی دنیا
الحب
اعمال سورہ فاتحہ

حقائق حاضرات الارواح
آؤ اجیلو
دولت' خوشحالی' خوش بختی کا ستارہ
انعامی بانڈ' کرکٹ اور علم اعداد
بسم اللہ اور اسکے خواص و برکات
فیضان روحانی
فتح و جمعیت
دعوت صمدیہ اور اس کی شرح
سال پیدائش کا ثمرہ
کبریت احمر
رحمکاریہ الجفر اوج مشتری
زندگی کے روزمرہ امور سے
متعلق کسی بھی سوال کا جواب
(بذریعہ اعداد)
خواص حروف ابجد
مجرب عملیات
اصول نقوش و عملیات
حصول انعام




free copy
khalidrathore.com
Lunatech Document Processing Solutions
ماہنامہ راہنمائے عملیات

**راہنمائے عملیات** قیمت 30 روپے ماہ اپریل LPL NO.231



مختلف پتھر مختلف سحری اثرات کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کو خوش قسمتی، صحت، رد سحر، ذہنی سکون، حصول دولت اور دیگر لاتعداد امور میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے اس امر کا خاص اہتمام کیا ہے کہ آپ کو اصلی پتھر سستی قیمت پر دستیاب ہوں۔ آپ اس سلسلے میں مکمل اعتماد اور یقین سے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

صبح 11 بجے تا شام 5 بجے تک
فون نمبر (042) 6374864
email : kirathor@yahoo.com

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions